
# تحقیقاتِ جمیلؒ



کتب خانہ
طبیب

زیر سرپرستی

**حکیم ثناء اللہ**

ترتیب و پیشکش

**حکیم وحید اختر ثنائی**

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہے۔

☆نام کتاب..........تحقیقات جمیل

☆تصنیف وتالیف..........حکیم وحید اختر ثنائی

☆ناشر..........مجیب الرحمان ثنائی ، حبیب الرحمان ثنائی

☆کمپوزنگ..........حکیم محمد عرفان

☆اشاعت..........جنوری 2010ء

☆طباعت.......... بار اول

☆ہدیہ..........-/150روپے




تقسیم کار

ادارہ حکیم حاذق شاہدولہ روڈ گجرات

فون۔ 0334 4679513-053 3535856



# پیش لفظ

طب یونانی میں مجربات کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ یہی طب کی میراث ہے۔ کیونکہ یہ مجربات جید اطباء کی سالہا سال کی تحقیق پر مبنی ہوتے ہیں۔ اور اطباء کرام نے انہیں اس انداز سے تجویز و ترتیب دے دیا ہے کہ آج بھی وہ اسی ترتیب و تجویز کے ساتھ 95 فیصد کامیاب اثر دکھا رہی ہیں۔ علاج معالجہ میں اکثر ناکامی صحیح تشخیص و تجویز کے بعد صحیح علاج نہ ہونے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ لہذا نا اہل لوگوں کے ہاتھوں میں آنے کی وجہ سے طب کا وہ وقار نہیں رہا، اس کی دیگر بڑی وجہ مطالعہ کی کمی ہے۔ غور وفکر توجہ اور محنت، سوچ وچار چھوڑ دیا گیا ہے۔ اور علاج معالجہ نسخہ نویسی کے معاملہ میں تندہی سے کام نہیں لیا جاتا اور خود غرضی کو مقدم رکھا جاتا ہے۔ اپنے آباء کے نسخہ جات کو چھپایا جاتا ہے یا اس سے انحراف کر کے ایلوپیتھک کا سہارا لیا جاتا ہے۔

زیر نظر کتاب ''تحقیقات جمیل'' جد امجد حکیم محمد عبدالرحیم جمیلؒ کی مختلف بیاضوں کے خاص مجرب نسخہ جات سے ترتیب دی گئی ہے۔ جو انہوں نے طب یونانی کی اہمیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مختلف جید اطباء کرام سے وقتاً فوقتاً حاصل کیے۔ آپ نے سہل، ارزاں اور بڑی بات یہ کہ ہر نسخہ ''تیر بہدف'' لکھ کر دکھی انسانیت کی خدمت جس طرح سے کی ہے اہل فن ہی اس سے آشنا ہیں۔ ادارہ حکیم حاذق نے اطباء وطن کی خدمت میں اس نظریہ سے پیش کیا ہے کہ وہ بھی اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ اس میں سر سے پاؤں تک کے تقریباً جملہ امراض کے مجرب نسخہ جات ہیں جو کہ سر بستہ خاندانی مجربات ہیں۔ ادارہ حکیم حاذق نے بھی اپنے ممبران کی حوصلہ افزائی کیلئے اس طرح کی کتب کی اشاعت کا پروگرام ترتیب دیا ہے اس میں ایک باب مجربات ریاض بھی شامل ہے جسے افادہ عام کے لئے شائع کیا گیا ہے

حکیم وحید اختر ثنائی

# تحقیقات جمیلؒ

## اکسیر بادام

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز بادام مقشر پاؤ چھٹانک۔ مغز کدو شیریں۔ مغز خیار۔ مغز خربوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مربیٰ سیب۔ مربیٰ ہلیلہ۔ مربیٰ آملہ ہر ایک 60 گرام۔ تخم خشخاش 120 گرام۔ زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد روغن زرد 200 گرام۔ دارچینی اسطوخودوس۔ طباشیر۔ الائچی خورد۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ صدف مروارید ی ہر ایک 10 گرام۔ کشتہ نقرہ 3 گرام۔ ثعلب مصری 50 گرام۔ جوہر برہمی بوٹی 10 گرام۔ کندر۔ زنجبیل۔ تج۔ مرچ سیاہ ہر ایک 3 گرام۔ مصری 3 کلو۔ مغزیات کو مناسب مقدار دودھ کے ہمراہ گھوٹ لیں۔ بیضۂ مرغ کو پانی میں ابال کر زردیاں نکال لیں اور مربہ جات میں سے گٹھلیاں نکال کر گھوٹ کر یک جان کر لیں۔ باقی خشک اجزاء کو الگ الگ کوٹ کر آپس میں ملا لیں اور کشتہ جات الگ محفوظ رکھیں۔ مغزیات اور انڈوں کی زردی گھی میں بریان کریں اور مصری کا قوام بنا کر اس میں تمام اجزاء کو ملا کر معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ڈھائی تولہ صبح ڈھائی تولہ شام۔

**فوائد:** یہ معجون مقوی ادویات کی سرتاج ہے۔ ضعف دماغ خواہ کسی وجہ سے ہو اس کے چند روزہ استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ طالب علموں۔ ماسٹروں۔ وکیلوں۔ کلرکوں۔ غرضیکہ تمام دماغی کام کرنے والوں کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

## اکسیر دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** خشخاش سفید 13 گرام۔ مغز بادام ۱۱ عدد۔ دانہ الائچی خورد 3 گرام۔ مغز بادیان 2 گرام۔ مغز کشنیز 2 گرام۔ سب کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح رگڑ کر اور چھان کر مصری 20 گرام ملا کر مکھن 20 تولہ اضافہ کر کے بعد میں طباشیر 1 گرام۔ دانہ الائچی خورد 1 گرام۔ مروارید 1 گرام۔ کشتہ عقیق 1 گرام۔ ورق نقرہ 1 گرام۔ خوب باریک پیس کر رکھ ملائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام کھائیں ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**فوائد:** اس سے بڑھ کر آج تک کوئی مقوی دماغ چیز میرے تجربہ میں نہیں آئی۔ اگر ایک ہفتہ ماہ اسوج کے شروع میں اور ایک ہفتہ چیت کے اخیر میں اس کا استعمال کر لیا جائے تو سال بھر اس کا اثر رہتا ہے دماغی کام کرنے والوں کے لیے تحفہ ہے۔



**ترکیب کشتہ عقیق:** عقیق سرخ خالص جو ایک ہی رنگ کا ہو، نہایت تیز کوئلوں کی آگ میں سرخ کریں اور بید مشک وکیوڑہ کے عرق میں بجھاتے رہیں، جب عقیق کا رنگ سرخ ہو جائے تو مغز کنول گٹہ کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر تین پارچہ سے کپر وٹی کریں روئی دار مٹی سے گل حکمت کر کے دھوپ میں خشک کریں۔ کسی گڑھا میں محفوظ الہوا جگہ ایک من اوپلہ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر بید مشک ونیلوفر کے پانی میں خوب صلایہ کر کے قرص بنائیں اور برادہ صندل سفید 100 گرام کے نغدہ میں رکھ کر بدستور سابق آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ یہ اکیلا ہی امراض دماغی وقلبی کو اکسیر ہے۔

## خمیرہ بادام

**اجزاء وترکیب ساخت:** گاؤزبان ۲۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۱۰ گرام۔ ابریشم خام مقرض ۱۰ گرام۔ بہمن سرخ ۱۰ گرام۔ بہمن سفید ۱۰ گرام۔ تودری سفید ۲۰ گرام۔ تودری سرخ ۲۰ گرام۔ گل سرخ ۱۰ گرام۔ اسطوخودوس ۲۰ گرام۔ بادرنجبویہ ۱۰ گرام۔ تخم فرنجمشک ۱۰ گرام۔ نیم گرم پانی میں جوش دے کر ملا کر گاڑھا قوام کر لیں پھر عرق گلاب نصف بوتل میں مغزیات ذیل کا شیرہ نکال کر ڈالیں اور شہد ایک کلو کا اضافہ کر کے انگاروں پر گرم کرتے جائیں اور گھوٹتے جائیں۔ جب خمیرہ کے انداز پر آ جائے تو ورق نقرہ ایک دفتری ایک ایک ورق ڈال کر ملائیں مغزیات درج ذیل ہیں۔

مغز بادام۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تربوز۔ مغز تخم پیٹھہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم کاہو۔

**فوائد:** جریان وضعف قلب یا دماغ کی وجہ سے ہو اس کو دور کرتا ہے پرانے بخار اور حرارت باطنی اور اختلاج کو رفع کر کے فرحت پیدا کرتا ہے۔ کمزور جسم کو فربہ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام۔

## مقوی دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن گاؤ ڈھائی پاؤ۔ برہمی بوٹی 1/4 1 پاؤ کو روغن میں بھون کر باریک کر کے رکھ دیں پھر تخم خشخاش سفید ۵۰ گرام۔ مغز پستہ ۵۰ گرام۔ مغز بادام ۵۰ گرام۔ مغز تخم تربوز ۲۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ مغز تخم کشنیز خشک ۲۰ گرام۔ کشمش سبز ۴۰ گرام۔ بادیان ۳۰ گرام۔ مغز خیارین ۳۰ گرام۔ مغز کدو شیریں ۳۰ گرام۔ مغز چلغوزہ ۳۰ گرام۔ چھوہارہ ۱۵ عدد سب کو کوٹ لیں اور آملہ تازہ پاؤ کا پانی نکال کر اس میں شہد خالص ایک کلو کا قوام کر کے ادویہ مندرجہ بالا شامل کریں اگر زیادہ سخت ہو جائے تو کچھ کھانڈ کا قوام بھی داخل کر سکتے ہیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰ گرام ہمراہ شیر گاؤ۔

**فوائد :** مقوی دماغ وحافظہ اور دافع دردسر ہے۔

## روغن منوم

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن کدو ۱۰ گرام۔روغن پیٹھہ ۱۰ گرام۔روغن بادام ۱۰ گرام ۔روغن خشخاش ۱۰ گرام تمام کو ملا کر اس میں آب پیٹھہ ۵۰ ملی لیٹر۔آب کدو ۵۰ ملی لیٹر۔آب مہندی ۵۰ ملی لیٹر ملا کر آگ پر پکائیں جب پانی جل جائے روغن اتار کر محفوظ رکھیں۔

**فوائد:** پیشانی (ماتھے) پر ملنے سے نیند لاتا ہے۔دردسر کو منٹوں میں فائدہ کرتا ہے۔سر کی حرارت اور یبوست کو بہت مفید ہے ضرور استعمال کرکے آزمائیں بے شک درست پائیں گے۔

**ترکیب استعمال :** پیشانی اور سر پر مالش کریں۔

## مرہم درد سر

**اجزاء وترکیب ساخت:** پیپر منٹ ۲۰ گرام۔موم دیسی ۳۰ گرام۔کافور ۴ سرخ۔ست اجوائن ۱۰ گرام۔روغن زرد ۱۰۰ گرام۔پہلے تینوں اجزاء کو ایک شیشی کے اندر باہم ملالیں اور کارک لگا کر اس کو آگ کے پاس رکھیں یہاں تک کہ ادویہ مذکورہ عرق کی شکل اختیار کرلیں۔بعدہٗ روغن زرد کو گرم کرکے ہمراہ ست اجوائن ملالیں جب وہ یک جان ہوجائیں تو نیچے اتارلیں۔اور سرد ہونے پر کسی شیشے کے جار میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** پیشانی پر قدرے مالش کریں۔

**فوائد :** ہر قسم کے دردسر کے علاوہ ہر قسم کے دردوں پر مالش کریں نہایت مجرب ہے۔

## اکسیر مفید دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** صدف خورد ۲۰ گرام۔شب یمانی سفید۔کنول گٹہ ہر ایک ۱۰ گرام پہلے صدف کو علیحدہ باریک پیس لیں اور بقیہ ادویہ کا سفوف کرلیا جائے پھر کوزہ گلی میں پہلے نصف بچھا کر اور بقیہ ادویہ کا سفوف رکھ کر بقیہ نصف صدف اوپر بچھائیں اور گل حکمت کرکے ۷ کلو پاچک دشتی کی محفوظ الہوا مقام پر آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۱ گرام ہمراہ شہد خالص۔

**فوائد:** یہ اکسیر دماغ کو طاقت پہنچانے میں اکسیر کا کام کرتی ہے دماغی کام کرنے والوں کے لیے واقعی اکسیر سے کم نہیں۔

## حب صرع

اس کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ صرع کا بفضل خدا چند دنوں میں جاتا رہتا ہے۔یہ بے نظیر اور



لاجواب گولیاں اپنی مثال آپ ہیں۔

**اجزاء وترکیب ساخت :** سم الفار ۳ گرام۔بیخ پان ۱۰ گرام۔طوطیا سبز ۲ گرام۔کتھ سفید ۶ گرام۔طباشیر ۹ گرام۔پانچوں ادویہ کو عرق برگ تنبول میں آٹھ یوم متواتر کھرل کریں پھر گولیاں بقدر دانہ جوار بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی مریض صرع کو مکھن کے ہمراہ کھلائیں۔

**فوائد :** صرع کے لیے مفید ہے۔

## دواء مراق

**اجزاء وترکیب ساخت:** افسنتین ۵ گرام۔گل سرخ ۳ گرام۔گل گاؤزبان ۳ گرام۔ مصطگی ۲ گرام۔عود ۲ گرام۔دانہ الائچی کلاں ۱ گرام۔طباشیر ۱ گرام علیحدہ علیحدہ باریک کرکے وزن کرکے ملائیں۔

**ترکیب استعمال :** ۵۰۰ ملی گرام سے ڈیڑھ گرام تک ہمراہ عرق کیوڑہ یا عرق گاؤزبان صبح وشام استعمال کریں۔

**فوائد :** مراق کے لیے عجیب دواء ہے۔

## اکسیر فالج

**اجزاء وترکیب ساخت :** برگ مدار ۵۰ گرام۔برگ دھتورہ ۵۰ گرام۔برگ ارنڈ ۵۰ گرام کاکھل ۲۰ گرام۔کنڈیاری ۵۰ گرام۔برگ سنبھالو ۵۰ گرام۔افتیمون ۵۰ گرام۔قسط تلخ ۲۰ گرام۔ سورنجاں تلخ ۲۰ گرام۔بابونہ خشک ۲۰ گرام جملہ ادویہ کو تین کلو پانی میں رات کو بھگودیں۔صبح جوش دے کر جب ایک کلو پانی رہ جائے مل چھان کر نیم کلو روغن کنجد ڈال کر آنچ پر رکھ کر پانی خشک کردیں۔

**ترکیب استعمال:** مالش کریں اور کھانے کے لیے معجون فلاسفہ بادام روغن میں چرب کرکے ۳ گرام صبح ۳ گرام شام کو کھائیں۔

**فوائد :** میرا تجربہ شدہ ہے ایک مریض بالکل جڑ گیا تھا اب بالکل آرام ہے۔

## حَبُّ الغراب

نزلہ بارد دائمی اور اختلاج اور دیگر امراض باردہ دماغ وعصب کے لیے نافع ہیں۔بارہا تجربہ شدہ ہیں۔

**اجزاء وترکیب ساخت :** دارچینی۔جوزبوا۔بسباسہ۔عود صلیب۔قرنفل ہر ایک ۱۰ گرام۔کچلہ مدبر ۲۰ گرام۔تمام ادویات کو کوٹ چھان کر اجوائن کے عرق میں خمیر کرکے بقدر نخود

حبوب تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام بقدر مناسب دو حبوب ہمراہ عرق اجوائن دیودینہ بقدر مناسب استعمال کریں۔

## اکسیر فالج

**اجزاء وترکیب ساخت:** میٹھا تیلیہ مدبر ۲۷ گرام۔ سیماب ۹ گرام۔ سیسہ ۹ گرام۔ کچلہ مدبر ۱۸ گرام۔ زنجبیل ۶ گرام۔ سہاگہ بریان۔ گندھک آملہ سار مدبر ۲۵ گرام۔ جائفل ۶ گرام۔ زعفران ۳ گرام۔ فلفل دراز۔ مال کنگنی ایک ایک ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۰۷ گرام۔ خرمہرہ زرد سوختہ ۱۱ عدد۔ آب ادرک ۱۵۰ ملی لیٹر۔ آب کیلہ ۱۵۰ ملی لیٹر۔ سیماب وسیسہ کو عقد کریں اور دوسری دواؤں کو کوٹ چھان کر باریک کرلیں۔ ان سب کو اوّل آب ادرک میں کھرل کریں پھر آب کیلہ میں ۲۴ گھنٹہ تک کھرل کرکے خشک کرکے سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** تنقیہ کے بعد ایک دانہ موٹھ کے برابر سفوف پان میں رکھ کر ہر روز رات کو سوتے وقت متواتر اکیس یوم کھلائیں اور دن میں کھانا کھانے کے بعد ۲۔۳ گرام آب ادرک ایک پیالی چائے دودھ والی میں پلادیا کریں۔ جو مریض پان میں دواء استعمال نہ کرسکے اسے آب ادرک کے ہمراہ دے سکتے ہیں۔ دوران استعمال میں مناسب وقفہ سے مریض کو تین بار مسہل بھی دینا چاہیے۔

**فوائد:** وجع المفاصل اور ہر قسم کے ریاحی دردوں میں مفید ہے۔

## معجون برشعشا

**اجزاء وترکیب ساخت:** فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ بزرالبنج ہر ایک ۶۸ گرام۔ افیون خالص ۳۴ گرام۔ زعفران اصلی ۱۸ گرام۔ سنبل الطیب۔ عاقر قرحا۔ فرفیون ہر ایک ۴ گرام ادویہ علیحدہ علیحدہ پیس کر شہد خالص سہ چند میں ملاکر ۲ ماہ گندم کی بوری میں معجون کی شیشی کو دفن رکھیں پھر نکال کر استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** نزلہ وزکام کے لیے انتہائی درجہ کی مفید اور اکسیری دواء ہے۔ امراض باردہ دماغی کو بہت جلد برطرف کرتی ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ صرع۔ رعشہ۔ نسیان اور مالیخولیا کے لیے بہت مفید ہے۔ ہذیان اور ضعف اعصاب کو فائدہ دیتی ہے۔ جریان اور سیلان الرحم کی حکمی دواء ہے سرعت انزال کو دفع کرکے انتہائی درجہ کا امساک پیدا کرتی ہے۔

## حب جوز ماثل



**اجزاء وترکیب ساخت:** تخم دھتورہ کو پوست کوکنار کے پانی میں بھگو کر تر کریں اور خشک کریں۔ سات دفعہ تر و خشک کرکے پھر آب پوست خشخاش میں جوش دیں تاکہ پانی جذب ہوجائے۔ مغز پنبہ دانہ۔ زیرہ سفید۔ کشنیز مقشر تمام مساوی الوزن لے کر آب تربھلہ میں کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں اور سایہ میں خشک کریں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت خواب ایک گولی نگل لیں اس میں پنبہ دانہ تریاق دھتورہ داخل ہے۔ وسواس نہ کریں اور قدرِ خوراک بھی کم ہے۔

**فوائد:** یہ حبوب سرعت انزال۔ نزلہ وزکام اور سرفہ کے لیے بھی مفید ہے۔ اکثر مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے۔

## لعوق انفلوئنزا

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن یوکلپٹس ۱۰ گرام۔ ترکٹہ ۳۰ گرام۔ آرد اصل السوس ۱۰ گرام۔ شہد خالص ۲۰۰ گرام۔ روغن بادام ۲۰ گرام بطریق معروف لعوق بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام سے ۶ گرام تک دن میں ۲۔۳ دفعہ چاٹا کریں۔

**فوائد:** نزلہ وزکام وبائی کی خاص دواء ہے۔

## روغن عجیب

دردکان کے لیے بہترین تیل ہے۔ درد کو فوراً تسکین دیتا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** برگ قنب یعنی بھنگ کے پتے ۴۰ گرام۔ روغن کنجد ایک پاؤ ان کو جوش دیں یہاں تک کہ برگ قنب جل جائیں چھان کر شیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تین قطرے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ فوراً درد کو آرام ہوگا۔

## حب کافوری

**اجزاء وترکیب ساخت:** کافور۔ مرچ سیاہ۔ افیون خالص ہر ایک ۶ گرام۔ ٹینک ایسڈ ۴ گرام۔ ادویہ خوب کھرل کرکے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ ماش بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیرگاؤ یا آب تازہ۔

**فوائد:** یہ گولیاں نزلہ کے لیے تریاق اثر رکھنے والی ہیں علاوہ ازیں سرعت اور جریان کو بھی حکمی دواء ہے۔

## معجون ثعلب

**اجزاء وترکیب ساخت:** کچلہ مدبر شیرگاؤ ۱۰ گرام۔ موصلی سفید۔ ثعلب مصری۔ گل

بابونہ۔ کتیرا۔ کشتہ فولاد عمدہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ عقیق ہر ایک ۶ گرام۔ ورق نقرہ۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ زراوند مدحرج۔ کشنیز خشک ہر ایک ۳ گرام۔ بہمن سفید ۲۰ گرام۔ مغز بادام شیریں ۳۰ گرام۔ مغز چلغوزہ ۱۵ گرام۔ مغز اخروٹ۔ ورق طلاء ڈیڑھ گرام۔ مویز منقے ۲۵ گرام۔ شہد ۵۰۰ گرام بدستور معروف معجون بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں اور اسی طرح رات کو بھی کھالیا کریں۔

## تریاق نزلہ

یہ ایک لعوق ہے جو نزلہ کو گرنے سے روکتا ہے اور کھانسی کو دور کرتا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** اسطوخودوس ۱۵ گرام۔ گل گاؤزبان ۳۱ گرام۔ تخم مورد ۳۱ گرام۔ کشنیز خشک ۳۱ گرام۔ تخم کاہو ۶۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۸۵ گرام۔ پوست خشخاش۔ ۱۱۸ گرام سب ادویہ کو بقدر ضرورت پانی میں بھگو کر جوش دیں پھر صاف کر کے ۹۰۰ گرام شکر سفید شامل کر کے اس کا قوام کریں اور اس میں مندرجہ ذیل ادویہ باریک کر کے ملالیں۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ رب السوس نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مرکی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۱۰ گرام یا حسب حالت مریض کم وبیش۔ نزلہ کھانسی کو مفید ہے۔

## دواء عجیب

درد گوش اور سرخی چشم وغیرہ کو بہت مفید ہے۔ جس طرف درد ہو اس کے مخالف نتھنوں میں قریب قریب نصف رتی کے سفوف تمباکو کی ناس لیں زیادہ مقدار میں ہرگز نہ لیں اگر دائیں کان میں ہو تو بائیں میں اگر بائیں طرف ہو تو اس کے خلاف اسی طرح دیگر امراض میں بھی کریں ایک واحد کثیر الاستعمال شے کا نسخہ ہے اطباء تجربہ سے ضرور اطلاع دیں۔

## حب افیون

**اجزاء وترکیب ساخت:** جدوار خطائی ۲ گرام۔ قرنفل ۲ گرام۔ مومیائی ۳ گرام۔ اجوائن خراسانی ۴ گرام۔ افیون ۴ گرام۔ کشتہ مرجان ۴ گرام۔ کشتہ ابرک ۴ گرام۔ سب اجزاء کو کوٹ پیس کر مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان سہ آتشہ ۳۰ گرام صبح وشام۔

**فوائد:** نزلہ۔ زکام۔ دردسر۔ ضعف دماغ اور جمیع امراض بلغمیہ کے لیے نافع ہے۔



## برائے آشوب چشم

**اجزاء وترکیب ساخت:** رسوت ۲۰ گرام۔ پھٹکڑی ۱۰ گرام۔ مصری کوزہ ۱۰ گرام. افیون ۱ گرام۔ ایکسٹریکٹ بیلاڈونا ۱ گرام سب چیزوں کو پانی میں بھگو کر چھان کر پکائیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جاوے تب آگ سے اتار لیں۔

**ترکیب استعمال:** سلائی سے رات کو آنکھوں میں لگائیں۔

**فوائد:** آشوب چشم کو بے حد نافع ہے۔

## سنیاسی سرمہ

آنکھ کی ہر بیماری جالا پھولا۔ پڑبال۔ ککرے بلکہ تازہ موتیابند وغیرہ کو یہ بے نظیر سرمہ فائدہ دینے میں اکسیر ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** جست ۱۰ گرام۔ پارہ ۱۰ گرام۔ سرمہ سفید ۱۰ گرام۔ سرد چینی ۶ گرام۔ سمندر جھاگ ۲۰ گرام۔ بورک ایسڈ ۱۰ گرام۔ ست لیموں خشک ۶ گرام۔ مصری کالپی ۶ گرام۔ پیپرمنٹ خشک ۴ گرام۔ مشک کافور ۱۰ گرام۔ پہلے کٹھالی کو آگ پر رکھ کر جست کو اس میں پگھلا دیں اور نیچے اتار کر ذرا ٹھنڈا ہونے پر (یعنی ایک منٹ اتار کر اسی وقت) پارہ ملادیں۔ جب بالکل ٹھنڈا ہو جائے تو خوب کھرل کریں اور باقی ادویات باریک کر کے حل کریں پھر سب کو ملا کر ۴ روز تک کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال:** حسب دستور آنکھوں میں لگائیں۔

**فوائد:** جملہ امراض چشم کے لیے اکسیر ہے۔ موتیابند اور سفیدی آنکھ والے کو بھی از حد مفید ہے۔

## اکسیر چشم

**اجزاء وترکیب ساخت:** مامیراں چینی۔ کافور بھیم سینی۔ کاجل ہر ایک ایک گرام کو آب پیاز میں گھس کر شہد ایک تولہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت سیدھے لیٹ کر قطرہ قطرہ آنکھ میں ٹپکائیں اور سو جائیں۔

**فوائد:** ککرے۔ روہے۔ درد۔ ورم۔ سرخی۔ سفیدی۔ دھند۔ جالا۔ پھولا۔ ناخونہ۔ ڈھلکہ۔ پڑبال۔ باہمنی۔ گوہانجنی۔ ضعف بصر۔ عینک کی عادت۔ موتیابند ہر قسم غرضیکہ جملہ امراض چشم کے لیے تریاق ہے۔

## سرمہ اکسیر چشم

**اجزاء وترکیب ساخت:** کوڑی زرد سوختہ۔صدف خورد(سپیاں) سوختہ۔مصری خانہ زنبور ہر ایک ۸ گرام۔نیلا تھوتھا بریاں۔پھٹکوی ہر ایک ۴ گرام۔فلفل دراز ۴ عدد فلفل سفید ۲۸ عدد سرد چینی ۱۰ گرام۔زنگار۔سرمہ اصفہانی۔تخم نیل ہر ایک ۶ گرام۔افیون ۲ گرام۔کشتہ جست ۶ گرام۔ سب کو باریک خوب مانند غبار کر کے محفوظ رکھیں اب اس سفوف کو ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر نیم کے ڈنڈا سے جس کے سرے پر تانبے کا پیسہ نصب کیا گیا ہو رگڑنا شروع کریں۔ کھٹکل کا مروّق پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر پورا ایک دن کھرل کر کے رکھیں سرمہ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی ڈالیں۔

**فوائد:** آنکھوں کا دکھنا۔پانی جانا۔ککرے۔ناخونہ۔دُھند۔جالا۔غبار۔پھولا۔خارش وغیرہ کے علاوہ ضعف بصارت کو دور کر کے نظر کو تیز کرتا ہے۔

## تجلیٰ چشم

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشتہ جست ۳ گرام۔کشتہ سیسہ ۳ گرام۔طوطیائے سبز ۲۵۰ ملی گرام۔برگ حنا سبز ۳ گرام۔مشک کافور دیسی ۳ گرام۔سفیدہ کاشغری ایک گرام۔سرمہ سفید ۲ گرام۔ گل یاسمین ۳ گرام۔کباب چینی ۳ گرام۔سمندر جھاگ ۳ گرام۔ان سب کو کھرل میں ہمراہ عرق بادیان خوب کھرل کریں۔جب غبار کی طرح باریک ہو جائے شیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بطور سرمہ استعمال کریں۔

**فوائد:** بڑھاپے میں بھی بصارت قائم رہے گی اور جن کی آنکھوں میں ڈھلکہ جلن۔غبار۔ جالا وغیرہ کی شکایت ہو اس کو کچھ عرصہ آنکھوں میں لگائیں۔تمام شکایتیں رفع ہو کر قوت باصرہ تیز ہوگی۔

## جوهر نوشادر چشم

**اجزاء وترکیب ساخت:** نمک شیشہ ۵۰ گرام۔پھٹکوی سفید ۵۰ گرام۔نوشادر دیسی ایک پاؤ ایک مٹی کی ہنڈیا گل حکمت شدہ میں نصف نمک باریک شدہ پھیلائیں اس پر نصف پھٹکوی کی تہہ جمائیں اس پر نوشادر نیم کوب پھیلا کر رکھیں اس پر باقی ماندہ پھٹکوی اس پر بطور لحاف رکھیں اور نمک بھی اسی طرح بطور لحاف رکھیں اور دوسرا پیالہ اوندھا رکھیں اور ہنڈیا کا منہ اچھی طرح خام کریں جب ہنڈیا کا منہ خام شدہ اچھی طرح خشک ہو جائے تب ہنڈیا کو چولہے پر رکھیں اور نیچے درمیانی آگ برابر دو پہر کامل جلائیں اور پیالہ کی پشت پر کئی ایک تہہ کا کپڑا پانی سے تر کر کے رکھیں اور خشک ہونے دیں یعنی پانی سے تر کرتے رہیں۔بعد دو پہر کے آگ بجھا دیں جب ہنڈیا بالکل سرد ہو جائے تب پیالہ کو آہستگی



سے جدا کریں اور جوہر نوشادر جو پیالہ میں چسپاں ہوں گے اس کو پر مرغ کے ذریعہ چھڑا لیں اور شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ضرورت کے وقت تنہا یا کسی سرمہ کے ہمراہ رات کو سوتے وقت ایک ایک سلائی لگائیں۔

**فوائد:** چند روز کے استعمال سے دُھند۔جالا۔غبار۔پھولا کی شکایت دور ہوگی۔

## برائے نزول الماء

**اجزاء وترکیب ساخت:** صابن ۶۰ گرام۔نیلا تھوتھا۔رال ہر ایک ساڑھے تین گرام۔صابن کو چھری سے ریزہ ریزہ کر کے لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیلا تھوتھا کو آہنی ہاون دستہ میں پیس کر وزن کر کے صابن میں ڈالیں تا کہ صابن اور نیلا تھوتھا کو آہنی ہاون دستہ میں پیس کر وزن کر کے صابن میں ڈالیں تا کہ صابن اور نیلا تھوتھا مثل پانی کے ہو جائے بعد ازاں رال شامل کر کے خوب تیز آنچ کریں اور لوہے کا دستہ چلاتے جائیں۔یہاں تک کہ دواء کا رنگ سیاہ ہو جائے پھر اتار کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت دانہ خشخاش کے برابر لے کر صدف میں ڈالیں اور تھوڑا سا پانی شامل کر کے گھس کر استعمال کریں۔

**فوائد:** نزول الماء کو روکتا ہے۔اور جالے کو کاٹتا ہے۔

## ثنائی لوشن

**اجزاء وترکیب ساخت:** رسونت مصفیٰ ۱۸ گرام۔پھٹکوی بریان ۳ گرام۔افیون ڈیڑھ گرام۔کافور دیسی ۱ گرام۔انار دانہ ۲۵ گرام۔عرق گلاب ۱۰۰ گرام رات کو انار دانہ عرق گلاب میں بھگو دیں صبح خوب مل چھان لیں اور تین گھنٹہ تک ٹھیرنے دیں پھر نتھار کر اس میں مذکورہ بالا ادویات سرمہ کی طرح باریک کر کے آمیز کریں تا کہ یک جان ہو جائیں پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ڈراپر سے آنکھوں میں ٹپکائیں۔

**فوائد:** دُکھتی آنکھوں اور سرخی چشم کو دور کرنے میں بدرجہا بہتر لوشن ہے جو انگریزی لوشنوں سے ہزار درجہ مفید ہے۔

## اکسیر ماسخورہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست پودینہ ۸ گرین ست اجوائن ۸ گرین۔کیمفر (کافور) ۱۴ گرین ٹنکچر آیوڈین ریکٹی فائیڈ ۱ ڈرام ٹنکچر مر ایک ڈرام یوکلپٹس آئل ۲۵ منم منتھا پپ آئل (روغن

پودینہ) ۲۵ منم۔ایسڈ کاربالک ۵ منم کریازوٹ ۵ منم سب کوملالیں۔

**ترکیب استعمال :** تین باردن میں روئی کے پھایا سے مسوڑھوں پرلگادیا کریں۔

**فوائد :** دانتوں سے خون پیپ اور بدبو آنا کے لیے فائدہ مند ہے۔

## سنون مفید

**اجزاء وترکیب ساخت:** مازو ۱۰ گرام۔عقرقرحا ۱۰ گرام۔فلفل گرد ۱۰ گرام۔پھٹکوی بریان ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی ۱۰ گرام۔طباشیر ۱۰ گرام۔دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔بارہ سنگھا سوختہ ۱۰ گرام جملہ اجزاء کوپیس کرمنجن تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** بوقت صبح دانتوں کواس سے بطور منجن کے صاف کریں۔

**فوائد :** دانتوں کوصاف اور چمکدار کرنے کے علاوہ دانت درد اور مسوڑھوں کی کمزوری اور خون روکنے کے لیے مفید ہے ایک دو موقعہ پر پائیوریا کوبھی مفید ثابت ہو چکا ہے۔

## اکسیری منجن

**اجزاء وترکیب ساخت:** کتھ ۳ گرام۔پھٹکوی ۳۵ گرام۔جڑپان ۲۵ گرام۔کافور ساڑھے دس گرام۔گوند کیکر ۶ گرام۔لونگ ۹ گرام۔دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔مجیٹھ ۲۵ گرام۔پوٹاس کلورس ۱۴ گرام۔گیلک ایسڈ (ست ماجو) ۳۵ گرام۔کاربالک ایسڈ ۱۰ گرام۔عاقرقرحا ساڑھے تین گرام۔ برادہ پوست مولسری ساڑھے تین گرام۔ برادہ پوست ببول ساڑھے تین گرام۔کھڑیا مٹی (چاک انگریزی) ۵۰ گرام کوٹ پیس کرسفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** بطور منجن استعمال کریں۔

**فوائد :** دانتوں کوچمک دار اور صاف کرنے کے علاوہ دانتوں کی ہر مرض کے لیے مفید ہے۔

## مقوی منجن

درد دندان پیپ وخون مجلی دنداں دانتوں کے ہلنے وغیرہ کومفید ہے بدبوئے دہن وغیرہ غرضیکہ ہر امراض دنداں میں مفید ومجرب ہے۔

**ترکیب استعمال :** الائچی سفید ۶ گرام۔سپاری سوختہ ۶ گرام۔کوئلہ نیم ۱۰ گرام۔کافور ۳ گرام۔چاک ۲ گرام۔پھٹکوی بریان ۶ گرام۔نمک خوردنی ۶ گرام۔پوست کیکر ۶ گرام تمام دواؤں کوکوٹ چھان کرشیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** تھوڑا سا دانتوں پرملیں تھوڑی دیر منہ بند رکھیں۔بعدہٗ انگلی سے یا برش سے مل کرمنہ کوصاف کردیں اور کلی وغیرہ نہ کریں اگر خواہ مخواہ نہ رہیں توگرم پانی سے کلی کریں۔



**فوائد :** دانتوں کے ہرامراض کے لیے اکسیر ہے۔

## پائیوریا (ماخورہ)

**اجزاء وترکیب ساخت:** افیون ۶ گرام۔نیلاتھوتھا ۱۰ گرام۔نیلاتھوتھا کوسفوف کر کے آہنی توے پررکھ کردرمیان میں افیون رکھ دیں۔نیچے دھیمی دھیمی آگ جلادیں جب پھول جائے تو اتار کرسفوف تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** مسوڑھوں پرانگلی سے لگادیں۔دوتین گھنٹے بعد کلی کریں یا داتن کر دیں۔

**فوائد :** ماخورہ خواہ کسی قسم کا ہو چند دن کے استعمال سے بالکل آرام ہو جاتا ہے۔پائیوریا کا مجرب علاج ہے۔

## ثنائی ٹوتھ پاؤڈر

یہ ایک ایسا مفید اور عام چلنے والا نسخہ ہے جس سے بیکار لوگ کافی روزگار پیدا کرسکتے ہیں اور ایسا مفید نسخہ ہے کہ جسے دانتوں کی جملہ امراض کا تسلی بخش علاج ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت :** فرنچ چاک ۱۴ ۱ اونس۔سمندر جھگ مسفوف ۲ اونس۔سوڈا بائی کارب ڈیڑھ اونس۔نمک خوردنی مسفوف ۴ اونس۔پیپرمنٹ ۶ گرام۔رنگ گلابی حسب ضرورت لے کرسب کو باہم ملالیں۔

**ترکیب استعمال :** بطور منجن استعمال کریں۔

**فوائد :** جملہ امراض دندان کومفید ہے۔

## لال منجن

**اجزاء وترکیب ساخت:** شب یمانی۔ہلیلہ سیاہ ہرایک ۶ گرام۔فلفل سیاہ۔گیرو۔نمک لاہوری ہرایک ۳ گرام۔پھٹکوی کو پہلے توے پر پکائیں جب پکائے گئے تو ہلیلہ سیاہ کا سفوف جو پہلے سے تیار ہو چٹکی ڈالتے جائیں حتیٰ کہ رطوبت خشک ہو جائے۔اس کے بعد چولہے پر سے اتار کرسرد ہونے پرکھرل میں ڈال کرفلفل سیاہ گیرو اور نمک کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کرکھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ سب ادویہ سرمہ کی طرح باریک ہو جائیں بس دواء تیار ہے۔

**فوائد :** دانتوں کے تمام امراض کومفید ہے۔

**ترکیب استعمال :** بطور منجن دانتوں پراستعمال کریں۔

## حب ملیّن

**اجزاء وترکیب ساخت:** سقمونیا ولائتی۔ مصطگی رومی۔ نمک سیاہ۔ زنجبیل ہم وزن لے کر کوٹ پیس کر حبوب نخودی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گولی گرم دودھ یا گرم پانی سے رات کو سوتے وقت کھالیں۔ ہفتہ میں ایک یا دو بار سے زیادہ استعمال نہ کریں۔

**فوائد:** اس کا چند دنوں کا استعمال شکر آنا کو بند کردے گا اور چند ہفتوں کا استعمال شکر آنا کو بالکل نابود کر کے جگر گردوں کو تقویت حاصل ہوگی۔

## مقوی معدہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** زنجبیل ۲۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔ نمک سیندھا ۲۰ گرام فلفل دراز ۳۰ گرام۔ گندھک آملہ سار مصفی ۵۰ گرام جملہ ادویات کو کھرل میں ڈال کر کاغذی لیموں کے عرق میں کم از کم دس یوم کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک دو گولی بعد از غذا کھلا دیں۔

**فوائد:** پیٹ درد۔ اپھارہ شکم۔ کمی اشتہاء۔ بدہضمی۔ قے۔ جی متلانا۔ اسہال معدی و کبدی پیچش۔ کھٹی ڈکاریں۔ غرضیکہ معدہ کے سینکڑوں امراض میں تیر بہدف ہے۔

## سفوف زنجبیل

**اجزاء وترکیب ساخت:** تخم کرفس۔ انیسوں۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ زنجبیل سرخ۔ پودینہ خشک۔ اسارون۔ سنبل الطیب۔ الائچی کلاں۔ بادیان۔ زرنباد ہر ایک ۷ گرام۔ نمک سیاہ ۱۴ گرام مصطگی رومی ۳ گرام سب ادویات کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ساڑھے چار گرام سے ۶ گرام ہمراہ عرق بادیان۔

**فوائد:** نفخ وضعف ہضم وریاح کے لیے عموماً اور فواق (ہچکی) کے لیے خصوصاً مفید ہے۔

## سفوف دار چینی

**اجزاء وترکیب ساخت:** پودینہ خشک۔ دار فلفل۔ تخم کرفس۔ اجوائن دیسی۔ زنجبیل سرخ۔ پوست ترنج۔ ساذج ہندی۔ دار چینی۔ انیسوں۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ الائچی کلاں۔ باؤبڑنگ۔ ہر ایک ۳۰ گرام۔ نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیندھا۔ بورہ ارمنی۔ نمک سیاہ ہر ایک 1 1/4 تولہ جملہ اشیاء کو باریک کر کے آب ادرک آب سہانجنہ آب لیموں کاغذی میں تر کر کے خشک کر لیں اس کے بعد پیس کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** اڑھائی گرام سے ساڑھے تین گرام تک ہمراہ عرق بادیان ۵۰ گرام



یا آب نیم گرم کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** سقوط اشتہاء وضعف معدہ وجگر و بواسیر وفتق ریحی وفواق اور جملہ امراض ریاحی معدہ کے لیے اکسیر ہے۔

## سفوف اعلیٰ

**اجزاء وترکیب ساخت:** حلتیت خالص بریان۔ نانخواہ ہندی۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ زیرہ سفید۔ زنجبیل سرخ۔ برگ سداب۔ نمک سداب۔ ہر ایک ۲۵ گرام۔ تمام ادویات کو خوب باریک کھرل کر کے سفوف بنالیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** عرق بادیان کے ہمراہ ۲۵ گرام سے ۳۰ گرام تک ہمراہ آب نیم گرم۔

**فوائد:** نفخ وقراقر درد معدہ و بواسیر ریحی کے لیے بیحد مفید ہے نیز ضعف معدہ اور سوء ہضم کو اکسیر ہے۔

## حبوب قبض کشاء

**اجزاء وترکیب ساخت:** ریوند عصارا۔ ایلوا۔ مصطگی۔ مغز بادام ہر ایک ۹ گرام کوٹ پیس کر حبوب بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گولی رات کو نیم گرم پانی کے ہمراہ مسہل کے لیے ۵ گولی صبح کو عرق بادیان کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** قبض خواہ نیا ہو یا پرانا رفع کرتی ہیں۔ رفع قبض کے لیے بخاروں تک اس کا استعمال کیا جاتا ہے مروڑ وغیرہ پیدا نہیں کرتیں بالکل بے ضرر اور مفید گولیاں ہیں۔

## حبّ گل مدار

**اجزاء وترکیب ساخت:** غنچہ مدار نا شگفتہ ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ پودینہ خشک ۱۰ گرام۔ نمک لاہوری ۱۰ گرام۔ نمک سیاہ ۱۰ گرام۔ پپیتہ انگریزی ۶ گرام سب کو باریک کر کے عرق لیموں میں کھرل کریں اور حبوب نخودی بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے تین گولی تک ہمراہ عرق بادیان یا آب نیم گرم استعمال کریں۔

**فوائد:** مصلح ومقوی ہضم ومعدہ ہیں اس کے علاوہ تخمہ اور ہیضہ کو بھی مفید ہیں۔

## بے ضرر جلاب

**اجزاء وترکیب ساخت:** زنجبیل ۶ گرام۔ فلفل سیاہ ۶ گرام۔ پیپل ۶ گرام۔ پارہ مصفیٰ ۶ گرام۔ گندھک آملہ سار ۶ گرام۔ مغز جمال گوٹہ مدبّر ۴۰ گرام۔ اوّل پارہ اور گندھک کی کجلی بنا دیں پھر تمام اشیاء ملا کر برگ پان کے رس میں خوب کھرل کریں حتیٰ کہ تمام رس خشک ہو جائے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰۰ ملی گرام سرد پانی سے استعمال کریں بند کرنے کے واسطے گرم پانی یا کھٹائی استعمال کریں۔ **فوائد:** بے ضرر جلاب ہے۔

## شراب الصالحین

**اجزاء وترکیب ساخت:** گل گڑھل تازہ سرخ رنگ ۱۰۰ عدد سرخ رنگ لے کر سبزی دور کر کے آب لیموں کاغذی ایک کلو۔ رات کو کسی چینی کے پیالہ میں شبنم میں رکھ دیں۔ نبات سفید ایک کلو۔ آب باراں آدھا کلو میں ملا کر شربت کا ہلکا قوام کریں بعدہٗ عرق لیموں و گل گڑھل کے پھولوں کو زوردار ہاتھوں سے خوب ملیں پھر کھلے منہ کے برتن میں ڈال کر برتن کا منہ آفتاب کی طرح کر کے ننگا رکھیں۔ تین یوم کے بعد چھان کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۴۰ گرام کسی مناسب عرق کے ساتھ پلائیں۔

**فوائد:** صفراء سوداء اور بلغم کا دافع اور اعلیٰ درجہ کا ہاضم اور مشتہی ہے۔ مقوی معدہ و جگر حار۔ مقوی قلب و دافع اختلاج القلب۔ مانع تبخیر بعد از غذا ہے جریان کہنہ کو بھی مفید ہے۔

## اکسیری جلاب

**اجزاء وترکیب ساخت:** جلاپا ۳۰ گرام۔ سقمونیا اصلی ولائتی ۲۰ گرام۔ کیلومل ۱۰ گرام بادام روغن ۶۰ گرام سب کو کوٹ کر اور بادام روغن ملا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ۳ گرام یا کم و بیش حسب ضرورت و عمر کے لحاظ سے ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

**فوائد:** یہ جلاب ہر موسم ہر عمر اور مزاج میں بلاخوف و خطر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اس سے نہ قے ہوتی ہے نہ متلی اور جی گھبراتا ہے لہٰذا اس بے ضرر جلاب کا ہر مطب میں رہنا ضروری ہے۔

## حب اکسیر معدہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** ایلوا۔ دارچینی۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سہاگہ بریان۔ حلتیت بریاں۔ تخم حنظل۔ چونہ۔ بجی۔ نوشادر۔ نمک سونچر۔ نمک کلر۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر ہر ایک دو تولہ۔ سب دواؤں کو ۲۴ گھنٹہ تیز سرکہ میں کھرل کریں بعد ازاں ۲۴ گھنٹہ آب



گھیکوار میں کھرل کر کے بقدر کنار دشتی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح ۲ گولی شام ہمراہ آب گرم یا آب تازہ استعمال کریں۔

**فوائد:** سرفہ بلغمی۔ عظم طحال۔ وجع طحال۔ عظم کبد۔ باؤ گولہ اور جملہ بادہائے شکم کو مفید ہے۔ نیز معدہ کی تمام بیماریوں کو رفع کرنے میں اکسیر ہے۔

## چورن ہاضم

**اجزاء وترکیب ساخت:** نوشادر ۳۰ گرام۔ سونف ۲۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۲۰ گرام۔ دار فلفل (مگھاں) قلمی شورہ۔ گندھک آملہ سار مدبّر۔ ٹاٹری۔ ہرڑ چھی مصفّیٰ۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ سوڈا بائی کارب ہر ایک ۱۰ گرام۔ ست پودینہ ۳ گرام۔ ست اجوائن ۲ گرام۔ مولی کھار ۶ گرام۔ سب کو باریک پیس کر چورن کی مانند بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام بعد از غذا کھائیں۔

**فوائد:** نہایت ہی خوش ذائقہ اور تمام امراض معدہ کے لیے مفید ہے۔ بہترین نسخہ ہے آزمائیں۔

## روح حیات

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست پودینہ۔ ست اجوائن۔ کافور۔ جوہر نوشادر۔ ہر ایک ۶ گرام۔ ماء العروس (عرق گندھک) ۱۰ گرام۔ سب کو یکجا کر کے مضبوط کارک لگا کر دھوپ میں رکھ دیں۔

**ترکیب استعمال:** عرق پودینہ۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤزبان مناسب بدرقہ کے ہمراہ ۳ قطرے سے ۹ قطرے تک دیں۔

**فوائد:** متلی۔ اسہال۔ درد معدہ۔ کمی اشتہاء غرضیکہ ہیضہ تک مفید ہے۔

## سفوف ثلاثہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** نمک سونچر ۲۰ گرام۔ زنجبیل۔ قرنفل ہر ایک ۱۰ گرام باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بقدر ۳ گرام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

**فوائد:** بھوک لگاتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

## اسہالی

**اجزاء وترکیب ساخت:** کچلہ مدبر ۳ گرام۔ پوست درخت اندر جو ۴ گرام۔ موچرس ۴

گرام۔ نیز بلا خشک (نالی) ۴ گرام۔ کتھ سفید ۳ گرام۔ افیون ایک گرام سب کو پانی میں کھرل کرکے
حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک گولی شام بچوں کو ماں کے دودھ یا پانی میں حل کرکے دیں اور بڑے آدمیوں کے لیے ۲ گولیاں صبح اور ۲ شام پانی کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** بچوں کے اسہال اور زحیر صادق نیز ضعف معدہ کے لیے اکسیر صفت گولیاں ہیں۔

## سفوف دار چینی

**اجزاء وترکیب ساخت:** زیرہ سیاہ ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی ۱۰ گرام۔ گل بابونہ ۱۰ گرام۔ برگ پودینہ ۱۰ گرام۔ زرنباد ۱۰ گرام۔ بادیان ۲۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ بریان بروغن زرد نمودہ ۲۰ گرام۔ نمک ہلیلہ سیاہ بریان بروغن زرد نمودہ ۲۰ گرام۔ جملہ اجزاء کو باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح ۳ گرام شام عرق بادیان عمدہ ۱۰۰ ملی لیٹر کے ہمراہ استعمال کریں۔

**فوائد:** نقرس و درد معدہ ریحی اور قبض کے لیے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

## برائے ریحی بواسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہیرا ہینگ قسم اعلیٰ ۶ گرام۔ فلفل سیاہ ۹ گرام۔ فلفل سفید ۹ گرام۔ سہاگہ بریاں ۹ گرام۔ نوشادر ۹ گرام۔ نمک لاہوری ۹ گرام کوٹ چھان کر آب برگ سہانجنہ تلخ 1/2 آب ادرک 1/4 کلو میں ملا کر چینی کے برتن میں پھیلا کر اوپر باریک کپڑا لپیٹ کر دھوپ میں دو ہفتہ رکھیں جب خمیر ہو کر گولی باندھنے کے قابل ہو جائے حب بقدر مونگ بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان نیم گرم چالیس روز استعمال کریں۔

**فوائد:** بواسیر خونی و بادی و وجع المفاصل کے لیے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ اگر ان کے استعمال سے قبل تنقیہ بھی کرلیں تو اور بھی اچھا ہو۔

## عرق عجیب

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست پیاز ۱۰ گرام۔ ست پودینہ ۱۰ گرام۔ مشک کافور



۱۰ گرام۔ ست لیموں ۱۰ گرام۔ ست بادیان ۱۰ گرام۔ ست الائچی خالص ۱۰ گرام، ست اجوائن خشک ۱۰ گرام۔ ست ادرک ۹ گرام۔ دارچینی ۶ گرام۔ ست مولی ۶ گرام۔ روح صندل ۶ گرام۔ روح پان ۶ گرام۔ روح بادام ۶ گرام۔ روح سرد چینی ۶ گرام۔ روح حائفل ۶ گرام۔ روح نارنگی ۶ گرام۔ سب کو ملا کر ایک ڈھکنے والی شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں تیل ہو جاوے گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک بوند سے ۱۵ بوند تک مصری یا بتاشہ میں ڈال کر موسم گرما میں سکنجبین سرکہ میں ڈال کر عام طور پر عرق بادیاں۔ عرق پودینہ یا عرق گلاب میں ملا کر استعمال کریں۔

**فوائد:** درد شکم۔ درد قولنج ہیضہ۔ درد سر۔ درد گوش۔ بخار۔ سوزاک۔ بدہضمی۔ کراکر شکم۔ پیچش۔ دانت درد۔ داڑھ درد۔ عقرب گزیدہ وغیرہ غرضیکہ بے شمار امراض کی واحد اور اکسیری دواء ہے۔

## مشتھی و ھاضم طعام

**اجزاء وترکیب ساخت:** ایک کلو اجوائن دیسی خوب صاف کی ہوئی آملہ آدھ پاؤ۔ فلفل دراز آدھ پاؤ۔ کنوار گندل کے ٹکڑے قریباً آدھ کلو تازہ لے کر ان کو نمک طعام ۳ چھٹانک لگا کر دھوپ میں رکھیں جب خشک ہو جائیں تو تمام اشیاء چینی کے کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر لیموں کاغذی ایک کلو کا رس ڈال کر سایہ میں خشک کریں اور حسب ضرورت خوراک ۱ تا ۶ گرام۔

**فوائد:** معدہ کی ہر قسم کی بیماریوں کے لیے اکسیر ہے۔

## شربت جامن

**اجزاء وترکیب ساخت:** نہایت فربہ کالے رنگ کی جامن ایک کلو پختہ لے کر چھل کر اور کپڑے میں سے چھان کر اس کا پانی حاصل کریں اور بعد ازاں اس میں آدھ کلو عرق گلاب ملا کر عمدہ قلعی دار دیگچی میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں جو جھاگ وغیرہ آتی جائے اسے کف گیر وغیرہ سے علیحدہ کرتے جائیں یہاں تک کہ جھاگ کا آنا بند ہو جائے۔ اُس وقت آدھ کلو مصری یا دانہ دار کھانڈ ملا کر بدستور معروف شربت کا قوام بنا کر اتار لیں اور سرد ہونے پر شیشی میں بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ گرام مناسب مقدار پانی ملا کر پلایا کریں۔

**فوائد:** قے و متلی کے روکنے کے لیے نہایت مفید شے ہے۔ خون کے دست اور سادہ دستوں کو بند کرنے کے لیے بہت اچھی دوا ہے۔ ورم طحال کو گلانے کے لیے مسلمہ شے ہے۔ جریان۔ احتلام اور سرعت انزال کی شکایت کو رفع کرنے کے لیے بفضلہ تعالیٰ مفید و موثر ہے۔

## کشتہ فولاد

جو کہ نہایت آسانی سے تیار ہو جانے کے باوجود بہت ہی مفید ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ فولاد ۵۰ گرام کسی کانچ یا چینی کی پیالی میں ڈال کر اوپر آب ثمر جامن اس قدر ڈالیں کہ جس سے ۴ انگل اوپر تک آ جائے۔ ازاں بعد پیالی مذکور کو دھوپ میں رکھیں۔ رس مذکور خشک ہو جانے پر پھر ڈال دیں۔ اسی طرح ۳ مرتبہ کریں۔ بعدہٗ کوزہ میں بند کر کے دس کلو کی آگ دیں۔ گو کشتہ ایک ہی آگ میں تیار ہو جائے گا مگر اور زیادہ مفید بنانے کے لیے چینی یا کانچ کے کھرل میں ڈال کر جامن کے پانی سے آٹھ گھنٹہ کھرل کر کے پھر بدستور سابق آگ دیں اسی طرح تین مرتبہ کھرل کر کے آگ دیں بس عمدہ کشتہ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔

**فوائد:** ضعف جگر۔ بدن کی رنگت کا میلا رہنا۔ ضعف باہ اور پیشاب کی زیادتی کی اعلیٰ دوا ہے۔

## عرق طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** آب لیموں۔ آب افتیموں ہر ایک ۱۲۰ گرام۔ نوشادر۔ قلمی شورہ۔ سہاگہ چوکیہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ اوّل الذکر ادویات کو آخر الذکر باریک شدہ میں ملا کر نہایت مضبوط بوتل میں ڈال کر کارک لگا دیں۔ اور بقدر نصف گز پارچہ کھدر میں بوتل مذکور ملفوف کر کے ایسی جگہ رکھ چھوڑیں جہاں دھوپ بارش اور شبنم وغیرہ سب کا اثر پڑ سکے۔ بعد ۴۰ یوم کے نہایت اعلیٰ عرق تیار ہو گا۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۱۰ گرام ہر روز صبح۔

**فوائد:** طحال کی جملہ بیماریوں کی واحد دوا ہے۔

## اکسیر یرقان

**اجزاء وترکیب ساخت:** تریھلہ (ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ) ہر سہ ڈیڑھ چھٹانک۔ بورہ صندل سفید ایک چھٹانک۔ کاسنی ایک چھٹانک۔ الائچی سفید ۱۰ گرام۔ آلو بخارا ۲۵ گرام ان جملہ ادویہ کو کھلے منہ والے برتن میں ۲ کلو تازہ پانی ڈال کر دن کے وقت دھوپ میں اور رات کو شبنم میں رکھیں۔ صبح کے وقت آدھ پاؤ پانی اس میں سے لے کر مصری ڈال کر پی لیں۔ یہ پانی دو روز استعمال میں لائیں اور شام کے وقت ۲ عدد بادام مقشر اور ۲۵ گرام کاسنی اور ۶ گرام الائچی سفید بطور سردائی گھوٹ کر کسی چینی کے برتن میں ڈال کر حسب ضرورت مصری بھی ڈال دیں اور اس میں بکری کی دھاریں ایک پاؤ کی مقدار میں نکلوا لیں اور فوراً پی لیں۔ انار و لیموں کا چوسنا بھی اس مرض میں مفید ہے۔ یرقان اور ضعف جگر کو بے حد



مفید ہے۔

## اکسیر طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** لعاب گھیکوار ۲ کلو۔ نوشادر ۲۰ گرام۔ آرد گندم ۲۰۰ گرام اوّل آرد گندم اور روغن گاؤ کو ایک صاف شدہ کڑاہی میں داخل کر کے قوام کریں اور کڑاہی میں کف گیر خوب ہلاتے رہیں جب یہ مرکب بہ سرخی ہو اس وقت قند سیاہ محلول بہ آب۔ لعاب گھیکوار۔ نوشادر مسحوق فوراً کڑاہی میں داخل کر کے بدستور حلوا کی طرح تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تولہ صبح ایک شام استعمال کریں۔

**فوائد:** ورم وصلابت طحال میں مثل اکسیر ہے۔

## اکسیر جگر و یرقان

**اجزاء وترکیب ساخت:** خبث الحدید ۵۰ گرام۔ پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام۔ پوست بلیلہ ۵۰ گرام۔ پوست آملہ ۵۰ گرام۔ فلفل دراز ۹ گرام۔ فلفل سیاہ ۹ گرام۔ زنجبیل ۹ گرام۔ دہی گاؤ بقدر ضرورت۔ اوّل خبث الحدید کو پانی سے دھو کر صاف کر لیں پھر ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ تینوں کو باریک کر کے خبث الحدید میں ملا دیں اور کسی چینی کے برتن میں ڈال کر تھوڑی سی دہی ڈال دیا کریں پھر سایہ میں خشک کر کے باریک کر لیں پھر فلفل دراز۔ فلفل سیاہ زنجبیل تینوں کو باریک کر کے ملا دیں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** بقدر ۳ گرام صبح کے وقت ہمراہ لسی استعمال کریں۔

**فوائد:** ضعف جگر کے لیے مفید ہے یرقان کو ہٹاتا ہے بھُس کو دور کر کے چہرہ کو سرخ کرتا ہے

## برائے طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** حنظل یعنی اندرائن کے پھل کا نمک نکالیں اندرائن کو خشک کر کے جلا لیں اس راکھ کو چھ گنا پانی میں تین روز تر رکھیں اور کسی لکڑی وغیرہ سے ہلا دیا کریں۔ چوتھے روز پانی نتھار لیں اور اسے آگ پر خشک کر لیں۔ نمک تیار ہو گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام یہ نمک لیموں کے شربت میں ملا کر علی الصبح نہار منہ چٹا دیا کریں۔

**فوائد:** ایک ماہ میں انشاء اللہ پرانی سے پرانی تلی بھی اصلی حالت پر آ جاتی ہے۔ ریح۔ بواسیر۔ درد شکم۔ قولنج اور باؤ گولہ وغیرہ کے لیے نایات دواء ہے۔

## حبوب عظم طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** نوشادر ۴ گرام۔ تنکار بریاں۔ مصبر۔ بادیاں۔ انیسوں

جوکھار۔قلمی شورہ ہرایک ۳ گرام۔عصارہ ریوند۔کونین ہرایک ۲ گرام۔سلفیورک ایسڈ ۱۵ قطرہ۔فیرائی کونین سائیٹراس ۳ گرام حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** شربت دیناریا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ ایک گولی صبح ایک شام دیں۔

**فوائد :** اسم بامسمیٰ دوا ہے عظم الطحال وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

## اکسیر طحال و کبد

**اجزاء وترکیب ساخت:** میگنیشیا سلفاس ۲۰۰ گرام۔لوٹہ بجی۔سہاگہ سفید۔تیزاب گندھک ہرایک ۱۰ گرام۔چاروں نمک ۴۰ گرام۔عرق سونف ۱۰ چھٹانک تمام اجزاء کو الگ الگ پیس کر ایک بوتل میں ملالیں۔

**ترکیب استعمال :** ۱۰ گرام سے ۵۰ گرام تک غذا کھانے کے بعد یا بروقت ضرورت استعمال کریں۔

**فوائد :** پیٹ درد ہر قسم۔وجع الکبد۔وجع الطحال۔تاپ تلی اور قبض وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

## اکسیر جگر

**اجزاء وترکیب ساخت:** ریوند چینی ۱۰ گرام۔مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔کشتہ خبث الحدید ۶ گرام۔نمک طعام ایک گرام۔سب کو باریک کرکے شیر سینڈھ میں حبوب نخودی بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ۲ گولیاں عرق کاسنی سہ آتشہ کے ساتھ دیں۔

**فوائد :** ضعف جگر۔سدہ جگر۔یرقان۔سوء القنیہ۔استسقاء۔عظم الطحال۔کے لیے مفید ہے۔

## شربت فولاد

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ فولاد ۲۰ گرام۔آب انار۔ترپھلہ ہرایک 1/4 کلو۔آب جامن۔آب دریا ہرایک ایک کلو۔ترکٹہ ۲۵ گرام۔ان تمام چیزوں کو ملا کر حسب دستور 1/4 1 کلو عرق کشید کریں پھر اس میں سوا کلو چینی ملا کر شربت تیار کریں جب سرد ہونے لگے تو ایک رتی گلابی رنگ ملا کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۶ گرام سے ۱۰ گرام تک ۴۰ گرام پانی میں حل کرکے صبح و شام دیں۔



**فوائد :** جگر کے ہر مرض کے لیے مفید ہے۔

## شربت سلاجیت

**اجزاء وترکیب ساخت:** سلاجیت اصلی مصفی ۱۰ گرام۔زعفران خالص ۱۰ گرام۔عرق گاؤزبان درجہ اوّل ایک بوتل۔فیرایٹ کونین سائیٹراس ۲۵ گرام۔آب کاسنی ۵۰ گرام۔اوّل سلاجیت وزعفران عرق گاؤزبان میں حل کرکے بعدہٗ دوسری ادویہ ملالیں یک جان ہوجائے تو صاف کرکے قند سفید ایک کلو شامل کرکے قوام شربت بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ۵ گرام صبح پانی ملا کر نوش کریں۔

**فوائد :** ضعف جگر۔ضعف ہضم۔کمی خون پرانا بخار وغیرہ امراض کے دور کرنے کے لیے اکسیر الاثر ہے۔کمی باہ کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہے نقاہت کو دور کرنے میں جادو اثر ثابت ہوچکا ہے۔

## عرق الطحال

**اجزاء وترکیب ساخت :** کونین سفید ۳ گرام۔تیزاب گندھک ۶ گرام۔عرق فولاد ۶ گرام۔عرق مکو ایک بوتل۔پہلے اولین ہر دو اجزاء کو عرقوں میں حل کرکے دیکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ہر روز بقدر ۲۰ گرام پلائیں۔

**فوائد :** عظم الطحال اور ضعف بدن کو دور کرتا ہے۔

## اکسیر طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** شورہ قلمی ۲۵ گرام ہیراکسیس ۵۰ گرام۔سہاگہ تیزاب نوشادر ہرایک ۲۰ گرام۔اوّل تیزاب کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر تھوڑی تھوڑی شکر اس قدر ڈالیں کہ مثل شہد ہوجائے بعدہٗ پانی دواء میں پیس کر ملائیں اور چوڑے منہ کی شیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت ایک ایک ماشہ کھلائیں۔

**فوائد :** عظم طحال اور ورم طحال کے لیے مجرب ہے یہ دوا دمہ کے لیے بھی مفید ثابت ہوچکی ہے۔

## برائے امراض سینہ و کھانسی

**اجزاء وترکیب ساخت:** اصل السوس مقشر ۱۰ گرام۔مویز منقیٰ ۱۰ گرام۔پوست خشخاش معہ تخم کہنہ ۷ عدد۔السی ۳ گرام۔انجیر سادہ ۳ عدد۔بیخ زوفا ۳ گرام۔بیخ بادیان ۳ گرام۔ان سب ادویات کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں جب پانی پاؤ بھر رہ جائے چھان کر پاؤ بھر قند سفید میں قوام کریں مغز بادام ۱۰ گرام۔نشاستہ ۱۰ گرام۔کاکڑا سینگی ۶ گرام۔رب السوس ۳ گرام۔صمغ عربی ۳ گرام۔فرائی سلفاس ۴

گرام۔ فلفل دراز ۴ گرام۔ دار چینی ۴ گرام۔ ان سب ادویات کو پیس کر قوام میں ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک جوان آدمی کے ۳ گرام اور بچوں کے لیے ڈیڑھ گرام روزانہ دو بار ہمراہ آب نیم گرم۔

**فوائد:** جملہ امراض سینہ حتیٰ کہ سل دق کی کھانسی تک مفید ہے۔

## شربت برائے امراض صدر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ اڑوسہ زرد ۱۰۰ گرام۔ گاؤزبان ۲۰ گرام۔ کوکنار ۳۰ گرام۔ برگ اڑوسہ اور کوکنار کو رات کو پانی میں بھگوئیں صبح گاؤزبان ڈال کر پکائیں جب خوب پک جائے چھان لیں اور قند سفید 3/4 کلو ڈال کر قوام بنا لیں اور سرد کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰ گرام پانی میں ملا کر ایک دو ہفتہ استعمال کریں۔

**فوائد:** امراض سینہ کو مفید ہے۔

## اکسیر دمہ بلغمی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سم الفار۔ سہاگہ۔ نوشادر ہر ایک ۱۰ گرام ہر سہ ادویہ کو ایک کوری ہانڈی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور پانچ کلو اوپلہ صحرائی کی آگ دیں سرد ہونے پر پیس کر رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول ہمراہ مکھن۔ **فوائد:** دمہ کا اکسیری علاج ہے۔

## تریاق سُرفہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مرجان فربہ ۳۰ گرام۔ گلاب کی تازہ پتیوں کا رس ۴۰ گرام۔ دونوں کو آب نارسیدہ میں رکھ کر کوزہ میں گل حکمت کریں۔ اور ہوا سے بچا کر ۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ ملی گرام تک مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے پھیپھڑوں اور دماغ کو قوت پہنچاتا ہے۔ سل اور جریان میں بھی مفید ہے۔

**نوٹ:** بلغمی کھانسی والے کو پان میں رکھ کر دوائی کھلائیں اور پیک نگل لیں اور خشک کھانسی والے مریض کو دودھ کی بالائی یا مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں تقویت دماغ و قلب کے لیے خمیرہ گاؤزبان یا دواء المسک کے ساتھ استعمال کرائیں۔ اور قدرت خداوندی دیکھیں۔



## کشتہ عقیق

**اجزاء و ترکیب ساخت:** عقیق سرخ ۲۰ گرام کو ڈیڑھ پاؤ برگ کیکر کے نغدہ میں گل حکمت کر کے دس کلو اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام سے ۲۵۰ ملی گرام تک مفرح بارد ۵ گرام یا لعوق آب تربوز کے ہمراہ دیں۔

**فوائد:** سل کے لیے مفید ہے پھیپھڑے کے زخم کو بھرتا اور خون کی آمد کو روکتا ہے۔

## چرمی تحفہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پرانا بوسیدہ چمڑا یا جوتی کے تلے کا پرانا چمڑا لے کر دہکتے ہوئے کوئلوں کی آگ پر جلا لیں اور کوئلہ کے پارچہ بیز کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام تک ہمراہ بدرقہ مناسب۔

**فوائد:** یہ عجیب و غریب تحفہ ہر قسم کے اندرونی و بیرونی جریان الدم کو روکتا ہے۔ نکسیر۔ بواسیر۔ کثرت طمث۔ قے الدم وغیرہ میں مفید ہے زخم جراحت پر ڈالنے سے خون کو بند کرتا ہے۔

## حبوب کچلہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچلہ مدبر ۳ گرام۔ افیون ۲ گرام۔ سم الفار ۲۵۰ ملی گرام ہر سہ ادویہ کو کھرل کرنے کے بعد شہد خالص کے ساتھ ۶۴ گولیاں تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** صرف ایک گولی دودھ کے ہمراہ۔ جوان آدمی ۲۴ گھنٹہ میں صرف ایک مرتبہ استعمال کرے۔

**فوائد:** نزلہ۔ زکام۔ کثرت لعاب دہن۔ دمہ۔ سلسل بول۔ سرعت انزال بیخوابی سیلان مذی و ودی کے لیے عمدہ چیز ہے۔

## حبوب بیخ مدار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست بیخ مدار۔ فلفل سیاہ ہر دو کو آب ادرک یا آب لیموں میں کھرل کریں اور گولیاں بقدر فلفل سیاہ و نخود بنا دیں۔

**فوائد و ترکیب استعمال:** بدہضمی اور ہیضہ کے لیے نہایت مجرب اور سہل تر دوا ہے۔ ہر دست کے بعد ایک گولی دیں۔ وبائی موسم میں جب کہ ہیضہ پھیل رہا ہو بطور حفظ ماتقدم دیں۔ جن کو کھانسی ہو ان کو آب ابرک والی گولی دیں۔ علاوہ ازیں ضعف ہضم رطوبت معدہ اور سعال رطوبی میں نہایت کارآمد ہیں۔ تبخیر کو روکتی اور محلل اورام ہیں۔

# سریع الاثر اکسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ بارہ سنگھا آک کے اتنے دودھ میں بھگوئیں کہ ایک انگل اوپر رہے جب خشک ہو جائے پھر اتنا ہی دہی ڈال کر تر و خشک کریں۔ تین مرتبہ اسی طرح خشک کر لینے کے بعد ایک مٹی کے کوزے میں رکھ کر گل حکمت کریں اور ۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ نکال کر بدستور سابق آک کے دودھ میں تر و خشک کر کے دوبارہ آگ دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ یہ عمل کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ سے ۴ چاول تک ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ۱۰ گرام۔

**فوائد:** دق وسل کے لیے مفید ہے۔

## اکسیر دمہ

یہ نسخہ ضیق النفس کے لیے ۱۰۰ فی صدی مفید ہے لیکن اس کا استعمال ایسے مرضاء پر کریں جن کو دمہ بلغمی ہو بلغم بکثرت پیدا ہوتی ہے اور اس کے باعث ہوائی نالیاں رک کر ضیق النفس کا باعث ہوں دمہ خشک میں یہ نسخہ مفید نہیں ہوگا اس کے استعمال سے گلے اور پھیپھڑوں کی اندرونی غشاء کی مزمن سوزش جو پیدائش بلغم کے سبب ہے رک جاتی ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** شنگرف رومی ۱۰ گرام۔ فلفل دراز (مگھاں) ۱۰ گرام۔ ان ہر دو کو پانی کی مدد سے ٹکیہ سی بنالیں اور ۱۰۰ گرام گائے کے گھی میں بریان کرلیں اور یاد رہے کہ جلنے نہ پائے جب ایک طرف سرخ ہو جائے تو دوسری طرف الٹ دیں جب وہ بھی سرخ ہو جائے تو نکال لیں اور ٹھنڈا ہونے پر باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں یہ مرض دمہ کا تریاق ہے اور کیسا ہی سہل الحصول کم خرچ اور بہترین فوائد کا حامل ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام صبح ۲۵۰ ملی گرام شام سادہ پان کے ٹکڑے میں رکھ کر چبائیں اور چباتے چباتے نگل جائیں تھوک باہر نہ گرائیں سب اندر نگلیں۔ پان پر اور کوئی چیز نہ لگائیں صرف سادہ ٹکڑا ہو۔

**فوائد:** ضیق النفس (دمہ بلغمی) کثرت بلغم کے لیے تریاق کامل ہے۔

## شربت صدر

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست کوکنار مسلم نیم کوفتہ ۵۰ گرام۔ برگ اڑوسہ ۵۰ گرام۔ برگ مدار ۱۰ عدد۔ برگ لسوڑہ ۲۵ عدد۔ برگ سنا ۵۰ گرام۔ ہلیلہ سیاہ ۲۰ گرام۔ فلفل دراز۔ خولنجاں ہر ایک ۱۰ گرام۔ آب آہک آب نارسیدہ ۲ کلو میں جوش دے کر کپڑے سے چھان لیں مصری سوا چار کلو ملا



کر شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ غذا چپاتی۔ ارہر اور مونگ کی دال دیں۔ ترشی اور تیل کی اشیاء سے پرہیز کریں۔

**فوائد:** ضیق النفس۔ دمہ۔ بخار۔ کھانسی۔ اور قبض وغیرہ کے لیے مجرب ہے۔

## اکسیر دماغ و قلب

**اجزاء وترکیب ساخت:** جدوار خطائی۔ عود صلیب۔ نارجیل دریائی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود۔ مصطگی رومی اصلی۔ سنگ یشب۔ مرجان۔ ست لوبان۔ کہربائے شمعی۔ صدف صادق۔ یاقوت۔ عقیق ہر ایک ۳ گرام۔ زعفران کشمیری۔ مشک۔ عنبر اشہب ہر ایک ۱ گرام۔ اوّل جواہرات کو عرق گاؤزبان۔ بید مشک و گلاب میں خوب کھرل کریں اور باقی ادویہ باریک کر کے شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام سے ایک گرام تک ہمراہ خمیرہ گاؤزبان ۱۰ گرام استعمال کریں۔

**فوائد:** مقوی دماغ ہونے کے علاوہ ضعف قلب خفقان وغیرہ کو دفع کرتا ہے۔ مجلوق وغیرہ کے لیے نایاب تحفہ ہے۔

## معجون مفرح

**اجزاء وترکیب ساخت:** طباشیر کبود۔ زہر مہرہ خطائی۔ یشب سبز۔ کہربائے شمعی ہر ایک ۳ گرام۔ لے کر عرق کیوڑہ بقدر ضرورت کھرل کر کے شقاقل مصری۔ ثعلب مصری۔ بہمن سفید ہر ایک ۳ گرام۔ درونج عقربی۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ گل سرخ اصلی ہر ایک ساڑھے چار گرام۔ مصطگی رومی۔ خولنجاں۔ دانہ ہیل خورد۔ عود ہندی۔ جوزبوا۔ سنبل الطیب ہر ایک ساڑھے تین گرام۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ایک گرام۔ زعفران اصلی ۲ گرام۔ ورق نقرہ ۳ گرام۔ قند سفید سوا چار کلو۔ مربہ آملہ کلاں ۵ عدد۔ مربہ ہلیلہ کلاں ۵ عدد۔ مربہ زنجبیل ۳۰ گرام۔ پہلے مربہ جات کو پیس کر تھوڑے سے عرق بید مشک میں ملا کر چھلنی میں چھان لیں اور قند سفید میں ملا کر قوام تیار کر لیں اور باقی ادویہ باریک کر کے ملا لیں بعد میں مشک۔ عنبر۔ زعفران وغیرہ کیوڑہ میں کھرل کر کے شامل کریں پھر ورق نقرہ ملا لیں۔

**استعمال:** خوراک ۷ گرام صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۴۰ گرام یا سادہ پانی تازہ کے ساتھ استعمال کریں۔

**فوائد:** اعلیٰ درجہ کی مفرح۔ مقوی دل و دماغ۔ جگر۔ معدہ۔ باہ وغیرہ کے لیے نہایت مفید

ہے۔ اگر آب تازہ کی بجائے عرق گذر عنبری ۵۰ گرام، شربت انار ۲۰ گرام کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو بہت زیادہ مفید ہے۔

## حب مرواریدی

**اجزاء وترکیب ساخت:** مروارید ناسفتہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ایک گرام لے کر ہر سہ اجزاء کو عرق گلاب حسب ضرورت میں خوب سحق کریں۔ بعدہٗ اجزائے ذیل کو خوب باریک پیس کر شیرہ مویز منقیٰ ۷ دانہ کے ساتھ حبوب نخودی بنالیں۔

کہربائے شمعی۔ زہر مہرہ خطائی۔ یشب سبز۔ یاقوت سرخ ہر ایک ۴ سرخ۔ بادیان۔ پودینہ خشک ہر ایک ۴ گرام۔ پوست بیرون پستہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ زرود ہر ایک ڈیڑھ گرام۔ نمک سنگ ۲ گرام۔ گل سرخ اصلی ۳ گرام۔

**ترکیب استعمال:** خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ بعداز طعام دونوں وقت استعمال کریں۔

**فوائد:** ہاضم مقوی معدہ۔ دل و دماغ اور تمام اعضائے رئیسہ کے لیے مفید و مجرب ہے۔

## روح الذہب

یہ ایک عزیز الوجود۔ جلیل القدر اور عظیم النفع دواء ہے جو غذا کو ہضم کرتی اور رطوبات فاسدہ کو پیدا ہونے سے روکتی ہے۔ اصلی رطوبت کی حفاظت اس کا معمولی کرشمہ اور دق کی بیخ کنی اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔ یہ دواء مختلف بدرقات کے ساتھ جملہ امراض مزمنہ کے لیے اکسیر ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** سم الفار سفید۔ گندھک آملہ سار۔ منسل۔ ہڑتال ورقیہ۔ شنگرف رومی ہر ایک ۵۰ گرام تمام دواؤں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔ اب اس کی دس پوڑیہ بنالیں۔

برادہ طلاء ۳ گرام۔ برادہ سیم خالص ساڑھے تین گرام لے کر کھرل میں ڈالیں اور ایک پڑیہ شامل کر کے مندرجہ ذیل نقوع سے تمام دن کھرل کریں۔

اسگندناگوری جوکوب کردہ ۵۰ گرام کو ۱۲۰ گرام پانی میں رات بھگوئے رکھیں صبح مل چھان کر زلال لے لیں اور اس سے متذکرہ بالا دواء کو تمام روز کھرل کریں تھوڑا تھوڑا پانی ڈالیں اور زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو دوا کا قرص بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے اچھی طرح گل حکمت کریں اور ڈیڑھ کلو اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اسی طرح دس مرتبہ عمل کریں ہر دفعہ اسگندنئی لیں اور آگ تھوڑی تھوڑی بڑھاتے جائیں۔ دوران تیاری میں یہ دواء کئی رنگ بدلے گی اور بالآخر خاکستری



رنگ کا ایک کشتہ برآمد ہوگا۔ یہی روح الذہب ہے۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۲ خشخاش ہمراہ مناسب بدرقہ۔

نوٹ: یہ نسخہ حضرت مولانا مولوی حکیم حافظ محمد عبدالوہاب صاحب انصاری نابینا صاحب کا اسراری اور معمول مطب نسخہ ہے جو اپنے فوائد کے لحاظ سے اکسیر اعظم ہے۔

## شربت مسکن

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ صندل سفید ۳۰ گرام۔ املی (تمر ہندی) کہنہ ۱۰۰ گرام۔ آلو بخارا ۱۰۰ گرام۔ خس ۳۰ گرام۔ گل نیلوفر ۳۰ گرام۔ آب سادہ تیز گرم ڈیڑھ کلو میں ۱۲ گھنٹہ تر رکھ کر جوش دیں اور مل چھان کر ڈیڑھ کلو شکر سفید اضافہ کر کے شربت کا قوام بنائیں سرد ہونے پر بوتلوں میں بھر لیں۔

**استعمال:** ۳۰ گرام سے ۵۰ گرام تک تازہ پانی حسب ضرورت ملا کر استعمال کرائیں۔

**فوائد:** مفرح و مسکن ہونے کے علاوہ تپ ہائے صفراوی۔ دموی۔ حکی۔ قے۔ سوزش اطراف اور پیاس کے لیے مفید ہے۔

## مفرح

یہ ایک عجیب و غریب بالکل ہی کم لاگت میں تیار ہونے والا خوشبودار خوش ذائقہ اور فوائد میں بے عدیل مفرح جیسے خفقان۔ دھڑکن۔ حرارت جگر و معدہ کے لیے اور بواسیر خونی کو بھی مفید ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ صندل خالص ۴۰ گرام۔ آملہ ۴۰ گرام۔ غنچہ گل ۴۰ گرام۔ دھنیا خشک ۴۰ گرام۔ طباشیر ۲۰ گرام۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد۔ عرق بید مشک ۴۰۰ گرام۔ قند سفید ۴۰۰ گرام۔ ورق نقرہ ملا کر عرق بید مشک اور قند سفید کا قوام بنا کر اشیاء مسحوق شدہ شامل کر کے مفرح تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام عرق گاؤزبان ۵۰ گرام میں شامل کر کے یا ہمراہ آب تازہ سادہ نوش کریں۔

**فوائد:** مندرجہ بالا امراض میں مفید ہے۔

## مقوی دل و دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سیاہ و سفید۔ بہمن سرخ و سفید۔ شقاقل مصری ہر ایک ۱۰ گرام۔ ثعلب مصری ۲۰ گرام۔ خرما خشک ۸۰ گرام۔ سیب عمدہ کشمیری کا کدوکش ۴۰۰ گرام۔ خشک ادویہ کو خوب کوٹ چھان لیں۔ پھر سب کو گائے کے دودھ ۵ کلو میں پکائیں جب کھویا کی طرح خشک ہو

جائے تو پھر ۵۰۰ گرام گھی میں بھون کر پانی جلا دیں اس کے سرخ ہونے پر ۲۰ عدد انڈوں کی زردی کو علیحدہ خفیف جوش دے کر اس میں آمیز کرلیں۔ جب آپس میں خوب حل ہو جائے تو پھر اس میں ڈیڑھ کلو کھانڈ ڈال کر ہلکا جوش دیں۔ حلوہ بن جائے گا۔ اس کے بعد اس میں ناریل مغز پستہ۔ مغز بادام۔ مغز بہیدانہ ۵۰۔۵۰ گرام۔ مغز فندق ۲۰ گرام خوب کوٹ کر ملا دیں۔ جوز بوا۔ جاوتری ۶۔۶ گرام۔ زعفران کشمیری ۲ گرام۔ مشک خالص ا گرام۔ عرق کیوڑہ ۴۰ گرام میں کھرل کر کے خوب آمیز کریں اور حلوا میں ملا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵ گرام تا ۵۰ گرام تک بوقت صبح نہار منہ استعمال کریں۔ ترشی بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

**فوائد:** مقوی دل و دماغ ہونے کے علاوہ مقوی باہ اور جسمانی کمزوریوں کا ازالہ کرتا ہے۔

## حبوب عنبری

**اجزاء وترکیب ساخت:** سنگ یشب سبز کو عرق گلاب سہ آتشہ و عرق کیوڑہ میں سات بجھاؤ دیں۔ پھر گل سرخ کی لگدی میں رکھ کر آنچ دے لیں کشتہ ہو جائے گا۔ کشتہ سنگ یشب ۲۰ گرام پوست بیرون پستہ ۱۰ گرام۔ نارجیل دریائی ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ زہر مہرہ ۱۰ گرام۔ عنبر اشہب ۲ گرام سب کو پیس کر ورق طلاء ۲۰ عدد ورق نقرہ ۵۰ شامل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں نخودی بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک حب ہمراہ عرق کیوڑہ ۳۰ گرام عرق بید مشک ۳۰ گرام شربت انار ۲۰ گرام روزانہ استعمال کریں۔

**فوائد:** خفقان۔ ضعف قلب۔ اختلاج اور دیگر امراض قلبی و دماغی کو مفید ہے۔

## سفوف کثیر الفوائد

**اجزاء وترکیب ساخت:** قلمی شورہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ سنگ یہود ۲۰۰ تو گرام۔ نمک پھٹکڑی ۲۰ گرام۔ افیون ۱۰ گرام۔ عرق مولی اکلو۔ عرق پیاز ۱۲۰ گرام۔ جوا کھار ۵۰ گرام۔ تمام ادویہ کو جوکوب کر کے ایک لوہے کی صاف کڑاہی میں عرقیات اور ادویہ کو ڈال کر آنچ پر رکھیں اور خوب پکائیں۔ جب تمام عرق جذب ہو جائے اور قدرے نمی باقی رہے تو نیچے اتار لیں تا کہ دوا جل نہ سکے پھر ایک دو یوم تک کسی محفوظ مقام پر رکھ کر خوب خشک کر لیں اور باریک پیس کر شیشی میں رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** درد گردہ کی حالت میں ۳ یا ۴ گرام ہمراہ کھاری بوتل (سوڈا) استعمال کریں اگر سوڈا بوتل میسر نہ آ سکے تو آب سادہ کے ہمراہ دیں۔ اس سے پیشاب کھل کر آ جائے گا اور درد کافور ہوگا اگر ۱۶ یوم متواتر بقدر ۳ گرام بوقت صبح و شام استعمال کیا جائے تو نہایت مفید ہوگا۔



**فوائد:** ہر قسم کی پتھری خواہ وہ گردہ یا مثانہ کی ہو بذریعہ پیشاب خارج ہو جاتی ہے اور پھر کبھی پیدا نہیں ہوتی۔

## برائے سنگ گردہ و مثانہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** حجر الیہود ۶ گرام۔ سنگ سرماہی ۱۰ گرام۔ شورہ قلمی ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۶ گرام۔ گوکھرو خشک ۶ گرام۔ جوکھار اصلی ۶ گرام تمام اشیاء کوٹ چھان کر مولی کے پانی میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر روز نہار منہ ۲ گولیاں شربت بزوری ۲۰ گرام کے ہمراہ استعمال کریں۔

**فوائد:** ریگ گردہ و مثانہ کے لیے مفید ہیں پتھری کو بلا اپریشن کے توڑ دیتی ہے۔

## حبوب ذیابیطس مجرّب

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سفید ۱۰ گرام۔ موصلی سیاہ ۱۰ گرام۔ ثعلب مصری ۱۰ گرام۔ شقاقل ۱۰ گرام۔ فندق ۱۰ گرام۔ زیرہ سیاہ ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۳ گرام۔ دال ماش ۱۰ گرام۔ دال نخود بریان ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰۔ کشمش سیاہ ۱۰ گرام۔ تمام ادویہ کو گائے کے دودھ میں تر کر کے رکھیں حتیٰ کہ تمام رات دودھ میں پڑا رہنے دیں صبح باریک کوٹ کر گولیاں نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** ذیابیطس کو بے حد مفید ہیں کثرت پیشاب کو روکنے کے لیے نہایت مجرب اور آزمودہ ہیں۔

## پتھری توڑ

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشتہ حجر الیہود۔ مولی کھار ہر ایک ۱۲۵ ملی گرام۔ جوکھار ۲۵۰ ملی گرام یہ ایک خوراک ہے۔

**ترکیب استعمال:** سب کو ملا کر شربت بزوری کے ہمراہ دیں۔ دس یوم کے استعمال سے تمام پتھریاں ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہیں۔ جب تک کنکریاں اور پتھریاں پیشاب میں آتی رہیں دواء کا استعمال جاری رکھیں جب پیشاب صاف ہو جائے تو دواء کا استعمال بند کر دیں بعد میں ایک ہفتہ تک روزانہ ۶ گرام تخم پھوٹ رگڑ چھان کر پانی ملا کر پییں۔

**فوائد:** پتھری کو دور کرنے کے لیے ۱۰۰ فی صدی مجرب دواء ہے۔

## ترکیب کشتہ حجر الیہود

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنگ یہود ۵۰ گرام۔ قلمی شورہ ۱۰۰ گرام۔ آب مولی نصف سیر ایک کوزہ گلی میں ۵۰ گرام ڈال کر پھر سنگ یہود ۵۰ گرام رکھ کر پھر قلمی شورہ ۵۰ گرام کا لحاف دیں۔ پھر آب مولی ڈال گل حکمت کر کے ۱۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں پھر سرد ہونے پر نکال کر تازہ مصالحہ سے بدستور پانچ آنچیں دیں بس کشتہ تیار ہے شامل نسخہ ہذا کریں۔

## اکسیر قرحہ گردہ و مثانہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز تخم خیارین۔ تخم السی ہر ایک ۱ گرام۔ نشاستہ۔ گل ارمنی ہر ایک ۷ گرام۔ تخم خشخاش سفید ۱۴ گرام سب کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۹ گرام شربت خشخاش ۴۵ گرام۔ عرق گلو ۱۰۰ گرام کے ساتھ صبح نہار منہ استعمال کریں۔

**فوائد:** گردہ و مثانہ کا قرحہ خواہ کسی وجہ سے ہو ریتی یا پتھری کی وجہ سے ہو کسی ورم کے پھٹ جانے یا تیزابی مادہ سے ہو یا سوزاک کسی خبیثہ عارضہ سے ہو گیا یہ نسخہ بہت مفید و مؤثر کم خرچ سہل الحصول ہے۔

## اکسیر احتباس البول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جوکھار سفید ۱۰ گرام۔ طباشیر سفید ۱۰ گرام۔ بہروزہ خشک ۱۰ گرام۔ ریوند چینی ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ قلمی شورہ ۱۰ گرام۔ کباب چینی ۱۰ گرام۔ قند سفید ۳۵ گرام باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام سے ۱۰ گرام تک بدرقہ مناسبہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** قدیم و جدید سوزاک کے لیے یہ دواء تریاق ثابت ہوئی ہے جو عسر البول احتباس البول۔ درد۔ جلن ٹیس وغیرہ جملہ عوارضات کا قلع قمع کر دیتی ہے۔

## کشتہ حجر الیہود

**اجزاء و ترکیب ساخت:** حجر الیہود ۲۰ گرام لے کر عرق مولی میں کھرل کریں جب عرق جذب ہو جائے تو ایک روز عرق گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سر پوش کر ۱۰۰ گرام کے نغدہ میں رکھ کر ۵ کلو اوپلوں کی آنچ دے کر کشتہ کریں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۵ء۷ ملی گرام ہمراہ جوا کھار ۲ گرام۔ کلتھی ۶ گرام نہایت باریک پیس ۲۰ گرام مکھن میں ملا کر کھائیں بعد ۲ ساعت پانی ایک کلو دودھ نصف کلو شورہ قلمی ۱۰ گرام



مصری ۱۵۰ گرام باریک پیس کر کسی میں ملا کر رکھیں۔

**فوائد:** انشاء اللہ پتھری ایک دو روز میں ہی ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی۔ مگر دوا چھ روز تک پلانا ضروری ہے۔

## برائے ذیابیطس مجرب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تالیس پتر ۱۰ گرام۔ میتھرے ۱۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔ سونٹھ ۱۰ گرام۔ دار فلفل ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ طباشیر کبود ۷۰ گرام مذکورہ بالا اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ لیا جاوے طباشیر اور الائچی خورد کو آہستہ آہستہ باریک کر لیا جائے تا کہ ان کا اثر زائل نہ ہو سب کو باریک کر کے ایک جگہ کر لیں اور ۲۸۰ گرام شہد ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۱۰ گرام روزانہ ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔

**فوائد:** ذیابیطس کے لیے مفید اور آزمودہ ہے۔

## سفوف مخرج سنگ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کاہی سبز رنگ بہ سایہ خشک کردہ (جو تالابوں میں ہوتی ہے) جوکھار۔ مولی کھار۔ شورہ قلمی۔ نوشادر۔ سوڈا خوردنی ہر ایک ۱۰ گرام۔ سفوف بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک بقدر ۱ گرام صبح دوپہر اور شام تین خوراک ہمراہ شیرہ تخم کلتھی ۱۰ گرام دیں۔

**فوائد:** پتھری کے اخراج کے لیے معمول مطب نسخہ ہے۔

## ذیابیطس حار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر کبود۔ زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ تخم جامن سوختہ۔ مغز تخم انبہ کہنہ۔ خشت چاہی کہنہ۔ ست گلو۔ ست سلاجیت۔ ست بہروزہ۔ ست اقاقیہ۔ گلنار فارسی۔ گل ارمنی۔ قاقلہ کبیر۔ قاقلہ صغیر۔ جفت بلوط۔ مازو سبز ہر ایک ۱۰ گرام۔ کافور خالص۔ افیون بریان ہر ایک ۶ گرام۔ لعاب گھیکوار سے بقدر دانہ نخود حبوب۔

**ترکیب استعمال:** خوراک: ۲ حب سے ۵ حب تک ہمراہ آب پوست نیب سرخ استعمال کریں۔

**فوائد:** یہ گولیاں ذیابیطس کے لیے بے حد مفید ثابت ہوئی ہیں ذیابیطس خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو اس کے متواتر استعمال سے رفع ہو کر بالکل صحت ہو جاتی ہے۔

**نوٹ:** کم از کم ۲۱ یوم ان گولیوں کا ضرور استعمال کریں انشاء اللہ صحت کامل ہوگی۔

## حب بواسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** مقل ارزق۔ رسوت مصفیٰ۔ گیرو۔ مغز تخم نیب۔ مغز بکائن۔ تخم گندنا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زرنباد۔ ایک ۱۰ گرام ہر ایک اجزاء بہ عمدگی خوب باریک پیس کر آب ترب یا آب گندنا سبز میں گھوٹ کر حب بقدر نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** خونی بواسیر اور اسہال بواسیری میں دو دو گولیاں صبح و شام آب برنج ساٹھی یا شربت نیلوفر انجبار وغیرہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ ریحی بواسیر کے ازالہ میں ایک ایک گولی متواتر کچھ عرصہ صبح و شام ہمراہ عرق بادیان و عرق مکو ۵۰۔۵۰ گرام استعمال کریں۔

**فوائد:** بواسیر ہر قسم کے واسطے مفید ہے بواسیری اسہال کو روکنے کے لیے بھی مفید ہیں۔

## سفوف بواسیر

یہ سفوف ہر قسم کی بواسیر کو مفید ہے ایک ہفتہ کے استعمال سے مستے جڑ سے اکھاڑ ڈالتا ہے مجرب ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** بھی ۲۰۰ گرام۔ سرکہ انگوری ۱۰۰ گرام کھرل کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں پھر قلمی شورہ ۱۵۰ گرام کڑچھی میں ڈال کر آگ پر پانی کریں اور چمچہ سے تھوڑا تھوڑا پانی مذکور تیل مذکور میں ڈالتے جائیں۔ حتیٰ کہ ادویات مذکورہ خشک ہو جاویں پھر اس میں سم الفار ۲۰ گرام ڈال کر ۲۱ یوم کھرل کریں پس دوائی تیار ہے استعمال میں لائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام دواء ہمراہ تین گرام کھانڈ استعمال کریں۔ غذا دودھ چاول کھانا ضروری ہے۔

**فوائد:** بواسیر ہر قسم کو نیست و نابود کر کے آدمی تندرست ہو جاتا ہے۔

## باسورین

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز تخم کمرنی ۶ گرام۔ مغز تخم بکائن ۶ گرام۔ مغز تخم نیم (نمولی) ۶ گرام۔ مروارید ناسفتہ اصلی ۲ گرام۔ ان دواؤں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر وزن کر کے باہم ملا کر کھرل میں ڈالیں۔ رسوت مصفیٰ سوا تین گرام اور آب سہانجنہ سبز ڈال کر خوب کھرل کریں جب تحلیل ہو جائے اور قوام گولی بننے کے لائق ہو جائے تو بقدر نخود گولیاں بنا کر خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح اور ایک دو پہر کو اور ۲ گولیاں بوقت خواب ٹھنڈے پانی کے ہمراہ بواسیر کے مریض کو کھلائیں۔

**فوائد:** یہ تریاق الاثر گولیاں اگرچہ قیمتی ضرور ہیں مگر اس کے فوائد اس قدر زبردست ہیں کہ



بڑی سے بڑی رقم بھی اس کے سامنے ہیچ ہے دس سالہ مجرب المجرب نسخہ ہے۔

## حب بواسیر

بواسیر کے لیے یہ گولیاں مفید ہیں اور ہر موسم میں استعمال ہوتی ہیں۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** قند سیاہ کہنہ (پرانا گڑ) جس قدر پرانا ہو اچھا ہے ایک چھٹانک۔ ریٹھے کے چھلکے کا سفوف ایک چھٹانک۔ رسوت مصفیٰ ۲۵ گرام۔ اول پوست ریٹھے کا سفوف کر کے رسوت ملا کر خوب کھرل کریں پھر گڑ شریک کر کے خوب کھرل کریں جب سب چیزیں یک جان ہو جائیں تو گولیاں بقدر دانہ مٹر بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔ ترشی۔ تیل۔ سرخ مرچ۔ قابض اشیاء سے پرہیز ضروری کریں۔ بواسیر کے لیے مفید ہیں۔

## بواسیر کی گولیاں

ظاہراً اجزاء بالکل معمولی ہیں لیکن فوائد کے لحاظ سے نہایت سریع التاثیر اور مجرب بارہا۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** رسوت ۷۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ کونپل نیم ۱۰ گرام۔ آب تربز نیم کلو۔ رسوت کو آب تربز میں رات بھر بھگو رکھیں۔ صبح کو ہاتھ سے مل کر نتھار لیں اور اس نتھارے ہوئے پانی کو کسی صاف برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں جب اس کا قوام گاڑھا ہو جائے تو باقی ادویہ جو پہلے سے باریک کر کے رکھ لی ہیں اس میں شامل کر کے حبوب نخودی بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح ۲ شام۔ ۴۰ یوم تک متواتر استعمال کرنے سے بواسیر دور ہو جائے گی۔

## تریاق بواسیر خونی

**اجزاء وترکیب ساخت:** تخم بکائن مصفیٰ ۷۰ گرام۔ چاکسو مصفیٰ ۵۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔ چاول ساٹھی نصف پاؤ۔ تمام کو علیحدہ علیحدہ پوٹلی میں باندھ کر ایک کلو پانی میں تین جوش دیں پھر سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت صبح ۶ گرام ہمراہ لسی اور پوست ریٹھہ سوختہ اور کتھ سفید ہر ایک ۱۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۶ گرام ملا لیں۔ ۳ گرام صبح شام ہمراہ عرق پان استعمال کریں۔

**فوائد:** بواسیر خونی کے لیے اسم بامسمیٰ دوا ہے۔

## حبوب بواسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** کافور بھیم سینی ۳ گرام۔ ناگ کیسر اصلی ۳ گرام۔ مغز تخم نیم ۶ گرام۔ رسوت مصفّیٰ ۶ گرام۔ مویز منقے ۶ گرام کوٹ پیس کر حبوب بقدر دانہ نخود بنا کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولیاں پانی کے ساتھ بوقت صبح استعمال کریں۔

**فوائد:** بواسیر ہر قسم کے لیے مفید ہیں۔

## آبدست

**اجزاء وترکیب ساخت:** تخم مولی۔ بیخ تمباکو ہر ایک ۳۰ گرام۔ بھنگ خشک ۲۰ گرام قلمی شورہ ۴ گرام سب کو کوٹ لیں اور ہموزن ۱۲ پڑیہ بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک پڑیہ کو ۲ کلو پانی میں جوش دیں جب آدھ کلو پانی رہ جائے تو تین حصے کریں ایک حصے سے صبح کے وقت اور دوسرے سے دوپہر کے وقت اور تیسرے سے شام کو آب دست لیں۔ یہ عمل ۱۲ یوم مسلسل کریں۔

**فوائد:** خونی بواسیر وخشک کے لیے فائدہ مند ہے۔

## حب برائے بواسیر ریحی

جو بفضل تعالیٰ خدا بچانوے فی صدی کامیاب ثابت ہوئی ہیں۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** گکرونده کا عرق نکال کر آگ پر جوش دیں کھرل میں ڈال کر عرق مذکورہ کا دسواں حصہ فلفل سیاہ اور بیسواں حصہ ہینگ خالص ڈالیں اور پھر گکروندہ کا تازہ پانی اس میں ڈال کر آٹھ پہر کھرل کر کے خشک ہونے پر گولیاں بقدر کنار دشتی بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ روغن زرد ۵۰ گرام استعمال کریں۔

**فوائد:** ریحی بواسیر کے لیے سریع الاثر گولیاں ہیں بیشمار مریضوں پر تجربہ شدہ ہیں۔

## جوارش کثیر الفوائد

**اجزاء وترکیب ساخت:** سقمونیا ولائتی۔ تربد سفید اکبر آبادی ہر ایک ساڑھے سترا گرام۔ فلفل۔ قاقلہ ہر ایک ساڑھے دس گرام۔ زنجبیل۔ دار چینی۔ آملہ قرنفل۔ بسفائج۔ جوز بوا۔ ہر ایک ۹ گرام۔ قند سفید ۲۸۰ گرام۔ تمام اجزاء کو کوٹ کر چھان کر شہد کے ساتھ حسب دستور جوارش تیار کریں۔ اور چینی کے مرتبان میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام سے ۱۵ گرام تک ہمراہ عرق بادیان دس تولہ صبح وشام استعمال کریں۔



**فوائد:** بادی بواسیر قولنج اور لقوہ کے علاوہ امراض باردہ رطبہ کے لیے کثیر الفوائد ہے۔

## حب بواسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** چاکسو ایک پاؤ۔ رسوت ایک پاؤ۔ گندھک مدبّر ۲۰ گرام کسی آہنی کڑاہی میں ڈال کر آب ترب۔ آب درخت کیلہ۔ آب برگ بکائن مساوی الوزن لے کر ۷ روز نیم کی لکڑی سے اس قدر گھوٹیں کہ گولیاں باندھنے کے قابل ہو جائیں پس حب نخودی تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳۔۴ گولیاں صبح اور ۳۔۴ بجے شام باسی پانی کے ہمراہ کھائیں۔ گڑ۔ بینگن۔ تیل ترشی سے پرہیز گھی کا استعمال بکثرت سے کریں۔ کہنہ سے کہنہ بواسیر دفع ہو گی۔

## دافع آتشک

**اجزاء وترکیب ساخت:** جمال گوٹہ مدبّر ۵۰ گرام۔ رسکپور ۶ گرام۔ سنا مکی چیدہ ۲۰ گرام۔ مغز کرنجوہ ۴ گرام۔ مرچ سیاہ ۱۰ گرام۔ سہاگہ بریان ۱۰ گرام۔ سونٹھ ۶ گرام۔ تمام ادویہ کو باریک پیس کر تین یوم رس گھیکوار میں کھرل کریں۔ بعد ازاں ۱۲۵ ملی گرام کی گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک گولی سے ۲ گولی تک بعد از غذا ۲ گھنٹہ بوقت خواب رات کو آب گرم سے نگل جائیں۔ صبح دست ہوں گے چند خوراکوں سے بدن صاف ہو جائے گا اور زخم خشک ہو جائیں گے۔ **فوائد:** دافع آتشک ہے۔

## دافع آتشک و جذام

**اجزاء وترکیب ساخت:** نیلا تھوتھا ۱۰ گرام۔ مردار سنگ ۱۰ گرام۔ دونوں ادویہ کو ایک سو کاغذی لیموں کے پانی میں حل کر کے پھر اچار آم میں ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر بعد یک جان ہونے کے لعاب گھیکوار حسب ضرورت میں حل کر کے حبوب بمقدار دانہ نخود بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ حب صبح ہمراہ مادہ گاؤ۔ اوّل مسہل لے کر بعد میں پھر ان حبوب کا استعمال کریں۔ خدا کے فضل و کرم سے کلی صحت حاصل ہوتی ہے تین ہفتہ کے استعمال سے کلی مقاصد حاصل ہوتا ہے خون صاف ہو کر زخم وفساد جلد دور ہوتے ہیں۔

**فوائد:** آتشک وجذام کے لیے یہ گولیاں نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں۔

## آتشک کا بے عدیل نسخہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** رسکپور ۱۰ گرام۔ دار چکنا ۱۰ گرام۔ قرنفل ۱۰ گرام ہر سہ کو لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے خوب باریک کریں اور بکری کا دودھ ۳ کلو اس میں رگڑ رگڑ کر جذب کر دیں اور گولیاں بقدر کنار صحرائی بنا لیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی شام کو حلوے وغیرہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ گوشت بینگن سے تا استعمال پرہیز۔ گھی کا استعمال بکثرت کریں۔

**فوائد :** آتشک اور خونی امراض میں بے حد مفید و مجرب ہے۔

## روغن برائے آتشک و جذام

**اجزاء وترکیب ساخت:** تھوہر (زقوم) کو لے کر خشک کر کے جلا کر دو کلو پختہ راکھ تیار کریں اور ۲۰ کلو پانی میں تین یوم تر رکھیں اور روزانہ ہلا دیا کریں اور پھر مقطر کر لیں سم الفار ۵۰ گرام ایک کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں اور تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر اس میں جذب کریں۔ جب سب پانی جذب ہو جائے تو اس سم الفار کو ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر ٹیڑھا کر کے رکھ دیں۔ روغن نکل کر علیحدہ ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ایک چاول بھر پتاشہ میں ڈال کر نگل جائیں اور اوپر سے روغن زرد ۵۰ گرام پی لیں پھر ۴ گھنٹہ پانی میں کھڑے رہیں جس قدر پیاس معلوم ہو گی پئیں اور ۲ آدمی مریض کے بازوؤں کو پکڑے رہیں تاکہ مریض جب پانی پینا چاہے تو اسے پانی نہ دیں۔ پھر مریض کو پانی سے نکال کر لٹا دیں۔

**فوائد :** اس روغن کے استعمال سے چار پانچ گھنٹہ میں آرام ہو جاتا ہے۔

## سوزاک کا بہترین علاج

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ صندلین خالص اصلی کباب چینی ایک ۵۰ گرام جو کوب کر کے ۱۰ کلو پانی میں جوش کریں جب آدھا باقی رہے صاف کر کے بوتلوں میں بھر لیں یہ تمام ۹ خوراکیں ہیں۔

**ترکیب استعمال :** تین روز میں فی یوم تین خوراک کے حساب سے پی جائیں گی ایک خوراک صبح کو دواء میں ۳۰ قطرے روغن صندل خالص ڈال کر پی لی جائے پھر دوپہر کو ۲۵ قطرے روغن مذکور کے ملا کر دیئے جائیں پھر شام کو ۲۰ قطرے ایک خوراک میں ڈال کر استعمال کرائے جائیں غذا صرف دودھ چاول۔

**فوائد :** سوزاک خواہ کسی قسم کا کیوں نہ ہو نیا یا پرانا حتیٰ کہ قرحہ تک اس کے متواتر استعمال سے رفع دفع ہو کر نجات حاصل ہو جاتی ہے تجربہ شاہد ہے ہر مطب میں رہنے کے لائق ہے۔

## حبوب سوزاک مجرّب

**اجزاء وترکیب ساخت :** کافور ۴۴ گرام۔ کتھ سفید ۷ گرام۔ ست سلاجیت ۵۰۰ ملی



گرام۔ ست گلو ۵۰۰ ملی گرام۔ ادویہ کو خوب کوٹ کر ۳۷۵ ملی گرام گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال :** ۳ گولی رات کو سوتے وقت دودھ سے کھا لیا کریں۔

**فوائد :** سوزاک کے لیے سریع الاثر گولیاں ہیں۔

## اکسیر گنٹھیا و آتشک

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز جمال گوٹہ مقشر ایک کلو۔ رسکپور ۱۰۰ اگرام۔ لونگ ۱۰۰ گرام۔ لونگ اور رسکپور کو کھدر کے پارچہ میں پوٹلی ڈھیلی باندھ لیں۔ ایک من پیاز خام لے کر نیم کوب کر کے ایک گھڑے میں نصف پیاز رکھ کر بیچ میں پوٹلی رکھ دیں اور نصف پیاز اوپر ڈالیں اور گھڑے کا منہ بند کر دیں اور بیری کی لکڑی سے نرم آنچ پر ۱۲ گھنٹہ پکائیں سرد ہو جانے پر پوٹلی کو نکال لیں۔

**ترکیب استعمال :** مریض مذکورہ ۱۲۵ ملی گرام رسکپور۔ لونگ ۷ عدد۔ جمال گوٹہ ۷ دانہ۔ تینوں کو باریک کر کے شہد کے ہمراہ گولیاں نخودی بنا لیں اور ایک گولی ایک چھٹانک گھی کے ساتھ کھلائیں اوپر سے نصف کلو دودھ پلا دیں۔ دست اور قے جاری ہو جاوئیں گے۔ بعد میں مریض کو چنے کی روٹی بغیر نمک کے گھی کے ساتھ کھلائیں اگر پیاس لگے تو ٹھنڈا پانی پلائیں ایک دن ناغہ دے کر پھر کھلانا شروع کریں مذکورہ بالا ترکیب سے انشاء اللہ ایک ہفتہ تک شفا ہو جاوے گا۔

**فوائد :** آتشک اور گنٹھیا کے لیے نہایت مفید ہے۔

## حب سم الفار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنکھیا سفید ۶ گرام۔ سورنجاں شیریں ۱۰ گرام۔ آب لیموں کاغذی ۶۰ گرام۔ شیر کتائی خورد ۶۰ گرام۔ تمام دواؤں کو لیموں کے عرق میں کھرل کریں پھر دوبارہ کتائی خورد کے شیرہ میں کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی روزانہ ہمراہ روغن زرد استعمال کریں۔

فوائد : آتشک اور جوڑوں کے درد کو نافع ہیں۔

## تریاق آتشک

**اجزاء وترکیب ساخت:** دارچکنا ۱۰ اگرام۔ کتھ۔ طباشیر کبود۔ تخم الائچی کلاں ۲۰ گرام۔ عرق گلاب ۲ آتشہ ا بوتل ادویہ کو باریک کر کے عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں جب خشک ہونے کے قریب ہو حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی بالائی میں لپیٹ کر بوقت صبح ایک ہفتہ تک متواتر استعمال کرائیں۔

**فوائد :** انشاءاللہ پرانے سے پرانا آتشک نیست ونابود ہوجائے گا غذا بیسنی روٹی روغن زرد جس قدر ہضم ہوسکے ڈال کر کھائیں باقی تمام اشیاء سے پرہیز کریں۔

نوٹ: گولی کھاتے وقت خیال رکھیں کہ دانتوں کو ہرگز نہ لگے۔

## گولیاں برائے سوزاک

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن صندل۔طباشیر۔بہروزہ خشک۔سفوف ملٹھی۔سیندور ہرایک ۱۰گرام۔ صمغ عربی ۳ گرام۔تمام اجزاء کوکوٹ پیس کر حبوب بقدر کنار صحرائی بنا کراوپر ورق نقرہ چڑھائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح ایک دوپہر ایک سہ پہر اور ایک شام کو ہمراہ لسّی کھلائیں۔ پہلے دن ہی سوزش کم ہوگی۔

**فوائد :** نیا سوزاک ایک ہفتہ میں اچھا ہوجائے گا پرانے میں زیادہ دن استعمال کرنا پڑیگا۔

## حب باد فرنگ

**اجزاء وترکیب ساخت:** رسکپور۔دارچکنا۔گندھک آملہ سار۔سرخ مرچ کے تخم سب ادویات ہموزن لے کر باریک پیس کر آب لیموں کے رس میں ۴ پہر کھرل کر کے ۱۲۵ ملی گرام کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی آم کے اچار کے ہمراہ کھلائیں۔

**فوائد :** یہ گولیاں کم خرچ اور فوائد کے لحاظ سے نہایت مفید آتشک کے لیے مجرب ہے۔

## برائے آتشک

**اجزاء وترکیب ساخت:** نیلا تھوتھا۔رس کپور مکد ہرایک ۱۰گرام۔دونوں دوائیوں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں تین قسم کی اجوائن ۹۰ گرام۔مگھاں ۲۰ گرام۔شہد نصف کلو جملہ ادویہ کو کڑاہی مذکور میں ڈال کر نیچے دھیمی آگ جلائیں جب تمام اشیاء جل جائیں تو رسکپور کی ڈلی نکال کر ایک بوتل عرق گلاب میں کھرل کریں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک تکا پر ہمراہ مکھن استعمال کریں۔

**فوائد :** آتشک کے لیے اکسیر ہے۔

## اکسیری شربت

جو کہ چار امراض کا ایک ہی اکسیری شربت ہے ملیریا۔پھوڑا۔پھنسی۔سوزاک۔اور بواسیر کے لیے اکسیر صفت شربت ہے۔



**اجزاء وترکیب ساخت:** جوانسہ۔برہمڈنڈی۔بھنگرا سفید۔بکن۔سنکھاہولی۔ دھمانسہ۔ کنگھی بوٹی۔شاہترہ۔افسنتین۔برگ گیندا مکد ۱۰گرام۔عشبہ۔چوب چینی۔ہرن کھری۔گورکھ پان۔مکو۔برگ حنا۔ریوند خطائی ہرایک ۶ گرام۔ چرائتہ ۴ گرام۔گلو ۱۰گرام۔ بھاٹمل ۴ گرام۔برگ نکرونده ۵ گرام تمام ادویات ۲ کلو پانی میں رات بھر تر رکھیں صبح آگ پر جوش دیں جب تین پاؤ پانی باقی رہے چھان لیں اور بشمول قند سفید ۱۲ چھٹانک شربت کا قوام کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۲۰ گرام صبح وشام بس اسی ایک بدرقہ سے یعنی عرق نیم ۵۰ گرام میں ملا کر چاروں امراض پر استعمال کریں۔

**فوائد :** مصفیٰ خون ادویہ کا سرتاج ہے سوزاک کی جڑیں کاٹتا ہے بواسیر کو بیخ وُبن سے اڑاتا ہے ملیریا بخار کے لیے تیر بے خطا اور حکمی علاج ہے۔

## حب قرنفل

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہلیلہ زنگی۔پوست ہلیلہ زرد۔پوست ہلیلہ کابلی۔اجوائن دیسی۔اجوائن خراسانی۔کتھ سفید۔لونگ کلاہ دار۔زرد کوڑی سوختہ۔مرچ سیاہ۔مردار سنگ۔سنگجراحت۔دانہ الائچی کلاں۔عاقر قرحا۔گل سپاری ہرایک ۱۰گرام۔ نیلا تھوتھا بریان ۳ گرام۔سب کو نہایت باریک کوٹ کر کپڑے میں چھان لیں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر عرق لیموں کا ڈیڑھ پاؤ رس جذب کریں۔ایک ڈنڈا نیم کی لکڑی کا اس کے منہ میں تانبہ کا موٹا پیسہ لگا کر کڑاہی میں عرق لیموں سے گھوٹنا شروع کریں جب گھوٹتے گھوٹتے گولی بنانے کے قابل ہوجائے تب جھڑبیرئی کے بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور دھوپ میں خشک کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح ایک شام تازہ پانی کے ساتھ نگل لیں ان گولیوں کے ساتھ قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔

**فوائد :** آتشک نیا ہو یا پرانا بیحد مفید واکسیر ثابت ہوئی ہیں۔

## دو اکسیریں

**اجزاء و ترکیب ساخت :** رسکپور ۴ گرام۔دارچکنا ۳ گرام۔اجوائن خراسانی ۱گرام۔ اجوائن دیسی ۱گرام۔الائچی خورد ۲۰ گرام سب کو کوٹ کر نازبو کے پانی میں کھرل کریں۔ بعد ازاں گولیاں بقدر کنار کے بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی مرغ کے شوربے کے ساتھ دیں ایک ہفتہ میں مکمل آرام ہوگا۔

**فوائد:** آتشک کو نیست و نابود کرنے میں اکسیر اعظم سے کم نہیں۔ رسکپور ۶ گرام۔ دار چکنا ۶ گرام۔ ان ہر دو اجزاء کو باریک کر کے گولی بنا کر نغدہ پوست بیخ مہوکڑی (کنڈیاری) ۵۰ گرام میں رکھ کر کپڑ وٹی کر کے ۴ کلو جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک تنکہ ہمراہ روغن زرد استعمال کریں۔ اور گھی کا استعمال زیادہ کریں۔

**فوائد:** آتشک خواہ نیا ہو یا پرانا سب کے مفید ہے ہزاروں مریض شفایاب ہو چکے ہیں بہترین چیز ہے۔

## حب سیاہ

آتشک اور فساد خون امراض خبیثہ کے لیے اکسیر صفت گولیاں ہیں جو سالہا سال سے میرے تجربہ میں آ رہی ہیں۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہلیلہ سیاہ ا تولہ ۹ گرام۔ طوطیا سبز ۹ گرام۔ عرق لیموں ۶۱ عدد۔ اوّل ہلیلہ سیاہ کو تھوڑے گھی میں بھون لیں کہ پھول کر سرخ ہو جائے پھر طوطیا شریک کر کے ایک ایک لیموں کا عرق ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب پورے ۶۱ لیموں کا عرق جذب ہو جائے اور گولی بننے کے قابل ہو جائے تو بڑی احتیاط سے مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی صبح نہار منہ ایک تولہ مسکہ کے ہمراہ کھائیں گرمی یا غیر معمولی پیاس معلوم ہو تو بالائی یا مسکہ حسب برداشت کھائیں جب تک پوری صحت نہ ہو روزانہ ایک گولی کھاتے رہیں ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز۔

**فوائد:** آتشک وغیرہ امراض کے لیے نہایت مفید گولیاں ہیں۔

## دوائے فرنجیہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** طوطیا سبز ۲۰ گرام کو روغن تارامیرا ۵۰ گرام میں اس قدر بریان کریں کہ سب روغن جذب ہو جائے پھر اس میں ۲ تولہ قند سیاہ (گڑ) کہنہ ملا کر خوب کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ آم کے اچار میں رکھ کر کھلا دیا کریں۔

**فوائد:** آتشک کے لیے بینظیر ہے ناصور کہنہ اور سوزاک کے لیے بھی نافع ہے۔

## حبوب آتشک

**اجزاء وترکیب ساخت:** مردار سنگ۔ شنگرف رومی۔ نیلا تھوتھا۔ رسکپور۔ کتھ سفید۔ دانہ



الائچی خورد۔ قرنفل ہر ایک ۱۰ گرام۔ ہلیلہ زرد ۳۰ گرام سب کو باریک کوٹ کر آہنی کڑاہی میں دستہ آہنی کی مدد سے ایک سو لیموں کاغذی کے عرق کے ہمراہ کھرل کریں اور کنار دشتی کے بر بر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر روز ایک گولی دہی کے پنیر کے ہمراہ (پنیر میں رکھ کر) مریض کو کھلا دیا کریں۔

**فوائد:** آتشک کے مریض کو بے حد مفید ہیں میرا تجربہ ہے کہ ان گولیوں کے کچھ عرصے کے استعمال سے جذامی بھی صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

## سفوف سوزاک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کباب چینی ۱۰ گرام۔ الائچی کلاں ۵۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام۔ عرق بیخ سنبھل ۵۰۰ گرام۔ کباب چینی الائچی اور مصری تینوں کو علیحدہ علیحدہ پیس لیں پھر اس سفوف کو کسی ایسے برتن میں احتیاط سے رکھا جائے جس میں مرطوب ہوا کا گذر نہ ہو۔

**ترکیب استعمال:** ہر روز بوقت صبح ۶ گرام سفوف میں ۲۰ گرام مصری ملا کر کھائیں اور اوپر سے عرق سنبھل ۲۰ گرام پی لیں اگر اس کے ساتھ دہی کا استعمال کیا جائے۔

**فوائد:** کہنہ سے کہنہ سوزاک اس کے استعمال سے جاتا رہتا ہے اس نسخہ کی طرف ضرور توجہ کریں۔

## طلسمی گولیاں

یہ گولیاں آتشک جذام۔ فالج۔ رعشہ اوجاع۔ بلغمیہ ریاحیہ کے علاوہ مشتہی اور ممسی بھی ہیں ناظرین طبیب حاذق سے استدعا ہے کہ ان گولیوں کو ضرور بنائیں اور فائدہ اٹھائیں۔ مذکورہ بالا امراض میں یہ گولیاں اکسیر صفت ہیں۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ سم الفار سفید ۳ گرام۔ مویز منقیٰ ۲۶ عدد۔ پہلے فلفل سیاہ اور سم الفار کو غبار کی مانند باریک بنائیں بعد ازاں ایک ایک مویز منقیٰ ڈال کر کھرل کریں جب منقیٰ ختم ہو جائے تو بقدر فلفل سیاہ گولیاں تیار کریں اور بحفاظت تمام رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام مسکہ یا بالائی میں رکھ کر نگل جایا کریں اور روغن زرد دودھ بکثرت استعمال کریں۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ جذام کے مریض کو نیم گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں اور دودھ سے پرہیز کرائیں لیکن روغن زرد زیادہ کھلائیں۔ مریض آتشک کو ایک گولی منقیٰ میں رکھ کر کھلائیں۔ ریحی دردوں میں ایک گولی عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھلائیں اور خدا کی قدرت کا مشاہدہ کریں۔

## حب کثیر الفوائد

**اجزاء و ترکیب ساخت :** جمال گوٹہ ۱۰ گرام۔ رسکپور ۶ گرام۔ دارچکنا ۳ گرام۔ کتھ سفید ۶ گرام۔ مردار سنگ ۶ گرام۔ صدف سوختہ ۵ عدد۔ عرق لیموں کاغذی ۵۰ عدد میں کھرل کر کے چھوٹے چنے کے برابر حبوب بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی روزانہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

**فوائد:** آتشک خواہ نیا ہو یا پرانا۔ نر ہو یا مادہ ایک ماہ کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے آرام ہو جاتا ہے خوراک روٹی گوشت مرغن اور کوئی چیز کھانے کو نہ دیں۔

## اکسیر الامراض

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز تخم ارنڈ ایک کلو کو آٹھ گنا دودھ میں پکائیں کھویا بن جانے پر خوب اچھی طرح رگڑیں اور کھویا سے چوتھا گنا گھی میں بریان کریں بعد ازاں فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ لونگ الائچی۔ تج۔ پترج۔ ناگ کیسر۔ اسگند۔ پپلا مول۔ راسنا۔ بیج۔ تخم نرگڈی۔ اِٹ سٹ اِنت مول۔ خس۔ جاوتری۔ جائفل۔ کشتہ فولاد۔ کشتہ ابرک۔ ہر ایک ۲۰ گرام کوٹ کر چورن بنائیں اور سب کے برابر وزن شکر ملا کر ایک ۱۰ گرام کے لڈو تیار کر لیں۔

**فوائد :** دافع سودا یعنی دات ہر قسم کے سوداوی امراض۔ صفراوی امراض۔ امراض شکم۔ پرمیہ ہر قسم۔ کوڑھ نیا و پرانا ہر قسم کے گرہنی روگ۔ امراض العین وگلو وغیرہ امراض کو مفید ہے۔

**استعمال :** مندرجہ امراض کے لیے مناسب تدابیر اور موافق بدرقات کے ساتھ استعمال کرانا طبیب حاذق کا کام ہے۔

## اکسیر بخار ہر قسم

**اجزاء وترکیب ساخت:** خرمہرہ زرد سوختہ ساڑھے تینگرام۔ سنکھ سوختہ ۷ گرام۔ سیماب ساڑھے دس گرام۔ کبریت آملہ سار ساڑھے دسگرام۔ سہاگہ ساڑھے دس گرام۔ گندھک اور سیماب کی کجلی بنالیں پھر سہاگہ اور خرمہرہ شامل کریں اور پھر سنکھ ملائیں اور ایک پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ کھرل کریں جب دودھ جذب ہو جائے تو چھوٹے چھوٹے قرص بنالیں اب ان قرصوں کو کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۲۰۰ ملی گرام مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

**فوائد:** نوبتی بخار۔ تیہ اور چوتھا بخاروں کے لیے مفید اور بارہا کا مجرب ہے۔ مدت سے



معمول مطب اور بہت حد تک کامیاب ثابت ہوا ہے۔

## دافع تپ دق

**اجزاء وترکیب ساخت:** قلعی ۵۰ گرام۔ صدف مروارید ی ۱۰۰ گرام لے کر پہلے صدف کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں اور قلعی کو آہنی کڑاہی میں پگھلائیں جب قلعی پگھل جائے تو اس پر چٹکی چٹکی سفوف صدف ڈالتے جائیں اور ایک ہاتھ لمبا ڈنڈا نیم کا لے کو اس کے ساتھ رگڑتے رہیں جب سب سفوف ختم ہو جائے اور قلعی کشتہ ہو جائے تو کڑاہی کو چولہے سے نیچے اتار کر سرد ہونے پر دو کلو پانی ڈال دیں اور خوب ہلائیں اور اوپر والا پانی آہستہ آہستہ نتھاریں لیکن پانی نہایت احتیاط سے گرائیں ایسا نہ ہو کہ پانی کے ساتھ کشتہ بھی ضائع ہو جائے۔ اسی طرح پانچ چھ مرتبہ پانی ڈال کر دھو ڈالیں اور اب خشک کر لیں خشک ہونے پر مزید ۵۰ گرام صدف مروارید ی کا سفوف اور سیماب ۲۰ گرام اور مزید قلعی ۲۰ گرام کی کجلی بنا کر باریک پیس کر اور اس مجموعہ میں ملا کر آب گھیکوار آدھ پاؤ کے ساتھ کھرل کریں اور مزید عرق گاؤزبان آدھ پاؤ کے ساتھ کھرل کریں اور قرص بنا کر خشک کر لیں اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور مزید عرق گاؤزبان آدھ پاؤ آب گھیکوار آدھ پاؤ کے ساتھ کھرل کریں اور دس سیر کی آگ دیں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۱۲۵ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک ہمراہ بدرقہ مناسب کے استعمال کرائیں۔ ترشی۔ تیل اور بادی اشیاء سے پرہیز۔

**فوائد :** تپ دق کے لیے کثیر المنفعت اکسیر ہے اس کے علاوہ تپ محرقہ اور گرمی جگر میں اپنا فوری اثر کرتا ہے نیز ہر قسم کے بخاروں کے لیے اکسیر ہے۔ اپنے فوائد کے لحاظ سے اپنا ثانی نہیں رکھتا۔

**نوٹ:** حاذق طبیب اس کو مناسب حال بدرقہ کے ہمراہ استعمال کروا کر بہت سے امراض پر فتح حاصل کر سکتے ہیں نایاب چیز ہے۔

## سنیاسی گولیاں

**اجزاء وترکیب ساخت:** کبریت آملہ سار مصفیٰ ۴۰ گرام۔ سیماب ۵۰ گرام۔ شنگرف رومی ۶۰ گرام۔ مگھاں ۵۵ گرام۔ فلفل سیاہ۔ الائچی کلاں۔ جاوتری۔ لونگ ہر ایک ۵۵ گرام۔ آب مدار مروق مصفیٰ نصف کلو کے ہمراہ کھرل کریں۔ کبریت و شنگرف و سیماب کی کجلی بنا کر اور دوسری ادویات کوٹ چھان کر اور سب کو ملا کر آب مروق مدار کے ساتھ کھرل کریں جب پانی کھرل کے ذریعہ جذب ہو جائے تو حبوب بمقدار نخود بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ایک حب صبح ایک شام بہ ہمراہ شیر گاؤ یا دیگر بدرقہ مناسب

استعمال کریں۔

**فوائد :** تپ دق کے لیے بیحد نافع ہیں اور خون سل و پھیپھڑہ کے لیے اکسیر اور ہر ایک قسم کے بخار کے لیے اکسیری گولیاں ہیں نیز نزلہ وزکام اور کھانسی کے لیے بھی مفید اور تجربہ شدہ ہیں۔

## عرق اکسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** اجوائن۔خوب کلاں۔بادیان۔چرائتہ۔شاہترہ۔تخم کاسنی۔گوکھرو۔تخم خربوزہ۔گل نیب۔گل بنفشہ۔تخم خیارین ہر ایک ایک پاؤ۔ الائچی خورد ۵۰ گرام۔افسنتین ۱۰۰ گرام۔انتر چھال نیب ۱۰۰ گرام۔گلوسبز ۴۰۰ گرام۔ پانی ۱۰۰ گرام میں عرق سہ آتشہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** ۵۰ گرام روزانہ دوٹائم استعمال کریں۔

**فوائد :** ہر قسم کے بخار کے لیے نہایت مفید عرق ثابت ہوا ہے نوبتی بخاروں کے لیے نفع بخش ہے۔

## اکسیر حمیٰ

**اجزاء وترکیب ساخت :** اتیس عمدہ ۴۰ گرام ہمراہ شہد بقدر نخود گولیاں بنالیں اور بحفاظت کسی شیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔اور قابض ثقیل چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

**فوائد :** ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔

## اکسیر بخار کہنہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست بیخ اڑوسہ ۳۰۰ گرام۔گلوسبز ۲۰۰ گرام۔اجوائن دیسی ۱۰۰ گرام۔آب درخت کیلہ اڑھائی کلو پہلی تینوں دواؤں کو کوٹ کر نگدہ سا بنالیں اور آب کیلہ میں ملا کر نرم آگ پر رکھیں کہ چند جوش آجائیں پھر چولہے پر ہی سرد ہونے دیں سرد ہونے پر پانی نتھار لیں اور اس طرح چھانیں کہ ثفل اور گاد کی آمیزش نہ رہے اس کو بوتلوں میں بھر لیں سرطان سوختہ ایک حصہ کشتہ مرجان عمدہ ایک حصہ کشتہ ہڑتال گئودنتی ۲ حصہ۔ یہ دونوں کشتے کنوار گندل میں تیار کیے ہوئے ہوں ہر سہ کو باریک کرکے یک جان کریں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۳۷۵ ملی گرام روزانہ دونوں وقت پہلے پڑیہ یہ منہ میں رکھ کر اوپر سے آدمی چھٹانک نسخہ نمبر اوّل نوش فرمادیں۔



**فوائد :** مدقوق ومسلول کو بھی مفید ہے۔

## برائے بخار ہر قسم

**اجزاء وترکیب ساخت:** صمغ عربی ۶ گرام۔تخم کرنجوہ ایک عدد۔دانہ الائچی خورد ۶ گرام۔بنسلوچن ۶ گرام۔ زہر مہرہ خطائی ۶ گرام۔ ست گلو ۶ گرام۔ اینٹی فیبرین ۵ گرام۔کونین سلفاس ۸ گرام تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور کسی شیشی میں بحفاظت تمام رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولی روزانہ صبح دوپہر اور شام ہمراہ شربت شفا استعمال کریں۔

**فوائد:** ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہے۔

## اکسیر ملیریا

**اجزاء وترکیب ساخت:** طباشیر کبود۔دانہ الائچی خورد۔مغز کرنجوہ۔کونین۔ست گلو ہر ایک ۳ گرام۔نبات سفید ۶ گرام سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ۴ گرام ہمراہ آب دلیا یا آب تازہ بوقت صبح کھلائیں اگر پانی میں شربت بنفشہ ۲ تولہ شامل کردیں تو کونین کی تلخی محسوس نہیں ہوتی۔

**فوائد :** ملیریا بخاروں کا تریاق ہے۔

## اکسیر تپ ملیریا

**اجزاء وترکیب ساخت:** کونین سلفیٹ ۱۰ گرام۔مغز تخم کرنجوہ ۳۰ گرام۔طباشیر ۱۰ گرام۔الائچی خورد ۶ گرام۔ست لیموں (ٹاٹری) ۶ گرام۔گوند ببول ۲ گرام سب کو باریک کرکے ۲۵۰ ملی گرام گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** نوجوان کو دن میں ۳ گولی اور بچوں کو نصف گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فوائد :** ملیریا بخار کی ازحد مفید اور زود اثر دوا ہے۔

## حب بخار ہر قسم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ پتھکنڈا تازہ ۵۰ گرام۔برگ تلسی ۵۰ گرام۔سیاہ مرچ ۲۵ گرام کوٹ پیس کر حب نخودی بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** تین گولی صبح دوپہر اور شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

**فوائد :** دو تین استعمال سے بخار دور ہوگا ہر قسم کے بخاروں میں مفید ہیں۔

## حبوب احمر

برائے حمی نوبتی: یوں تو ہر قسم کے نوبتی بخاروں میں مفید ہے لیکن اصولی طور پر بلغمی نوبتی بخاروں میں دینی چاہیے شرطیہ مفید ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** شنگرف مصفی ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۴۰ گرام۔ عرق لیموں کاغذی بقدر ضرورت میں کھرل کر کے گولیاں بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک سے تین گولی تک قبل از نوبت۔ نوبت کا وقت گزر جانے پر غذا دودھ چاول دیں۔

**فوائد:** نوبتی بخاروں کے لیے بیحد مفید ہے۔

## شربت لطیف

**اجزاء وترکیب ساخت:** ریوند چینی۔ تخم کشوث۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ بیخ بادیاں۔ بیخ کاسنی۔ تخم خربوزہ۔ تخم خیارین۔ گوکھرو۔ حب کاکنج۔ گل سرخ ہر ایک ۳۰ گرام۔ شکر سفید ایک سیر حسب دستور شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰ گرام صبح ۲۰ گرام شام ہمراہ پانی ۱۰۰ گرام۔

**فوائد:** بخار صفراوی۔ کبدی۔ طحالی ملیریا وغیرہ کے لیے از حد مفید ہے۔

## اکسیر حمیٰ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گیرو ۱۰ گرام۔ نوشادر ۲۰ گرام۔ قلمی شورہ ۲۰ گرام۔ مغز کرنجوہ ۸۰ گرام باریک پیس کر سفوف بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام ہمراہ بدرقہ مناسبہ نوبتی بخار میں چڑھنے سے پہلے اگر دوائی دی جائے تو بخار رک جاتا ہے اگر بخار میں دیں تو پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔

**فوائد:** ہر قسم کے بخاروں کی بہترین دواء ہے۔

## برائے موسمی بخار

موسمی بخاروں کے لیے تیر بہدف اور غریبوں کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ۔ گیرو۔ سہاگہ بریان ہموزن لے کر نہایت باریک سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** بقدر نصف گرام صبح دوپہر اور شام کو کسی مفرح شربت کے ہمراہ کھلائیں بلکہ اس سے زیادہ مرتبہ بھی کھلا سکتے ہیں۔ کمی بیشی مریض کی حالت اور طاقت پر منحصر ہے۔



**فوائد:** موسمی بخار کے لیے کم خرچ اور مفید ترین نسخہ ہے۔

## دافع موسمی بخار

ساون بھادوں میں جو بخار ہوتے ہیں ان کے لیے کم خرچ زود اثر نسخہ ہے۔

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل دراز (مگھاں) ۳۲۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۸۰۰ گرام۔ چرائتہ ۲ کلو۔ اجوائن ۲ کلو۔ پت پاپڑہ ۲ کلو پانی میں بھگو دیں۔ ۱۸ گھنٹہ کے بعد اس میں سے آدھ پاؤ فی بیمار پلانا شروع کر دیں تین سے سات روز تک بخار اتر جاتا ہے ہر طبیب اپنے مطب سے یہ دوا مفت تقسیم کر سکتا ہے جو ایلو پیتھک ادویات سے زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

## برائے حمیٰ مزمن

یہ دوا حمیٰ مزمن کے لیے اکسیر صفت ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** طباشیر ۹ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۹ گرام۔ گل گاؤزبان ۹ گرام۔ کافور ۹ گرام۔ کشتہ ابرک سفید ۹ گرام۔ ست گلو ۹ گرام۔ مصری ۴۰ گرام ان دواؤں کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۵۰ گرام دیں۔

## اکسیر بخار

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہڑتال گئودنتی ۵۰ گرام۔ نگدہ برگ نیب مار مغز گھیکوار مار کے درمیان رکھ کر آب نادیدہ چھوٹی پیالیوں میں گل حکمت کر کے ۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ ہوگی۔

**ترکیب استعمال:** ہر قسم کے نوبتی بخاروں کو روکنے کے لیے اس میں سے ایک سرخ سے لے کر ۲ سرخ تک دوائی دے سکتے ہیں سوزاک کے دفعیہ کے لیے ۲ سرخ دوائی مذکور ہمراہ شربت بزوری اور شیر بز کی لسی کے ہمراہ کھلائیں اس کے علاوہ ذات الجنب وجع المفاصل میں بھی مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کرائی جائے تو چنداں فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔

**فوائد:** کہنہ سے کہنہ بخاروں کے لیے تریاق کامل اور سوزاک وذات الجنب اور وجع المفاصل وغیرہ امراض کو بھی مفید ہے۔

## تریاق نفث الدّم

خون خواہ کسی جگہ سے آتا ہو یہ سفوف بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** شب یمانی۔ گیلک ایسڈ۔ سرمہ سیاہ مدبّر۔ کتھ سفید۔ سنگ جراحت ہر ایک ۳۵ گرام۔ کہربائے شمعی۔ اقاقیا۔ مروارید۔ مغز تخم جامن ہر ایک ساڑھے دس گرام۔ دم

لاخوین ۱۰۔ گوند کتیرا ۱۔ گوند کیکر۔ گل ارمنی۔ گل انار۔ کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک ۷ گرام۔ افیون ساڑھے دس گرام کوٹ پیس کر چھان لیں اور کھرل میں مثل غبار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام تک ہمراہ آب سرد۔

**فوائد:** سل کے مریض کے لیے لاجواب تحفہ ہے۔

## اسرار صدریہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** صدف سوختہ ۴۰ گرام۔ تنکار بریان ۱۰ گرام۔ روغن زرد ۱۲۰ گرام۔ صدف کو ایک رات پانی میں تر کر کے صاف کر لیں اور آگ پر رکھ کر جلا لیں لیکن بالکل سیاہ نہ ہو جائے۔ بعدہٗ کھرل کر کے پارچہ بیز کر لیں۔ اس میں سہاگہ بریان شامل کر کے کھرل میں یک جان کر کے روغن زرد ملا کر مرہم بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** مقام ورم پر گاڑھا لیپ کر دیں بہت زیادہ گاڑھا بھی نہ ہو۔ درمیانہ لیپ کریں۔

**فوائد:** ورم خواہ درد کرتا ہو یا بلا درد ہو دونوں حالتوں میں مفید ہے۔

## اکسیر وجع المفاصل

**اجزاء وترکیب ساخت:** بیش (مثماتیلیہ) ۱۰ گرام سرمہ کی طرح باریک کھرل کریں۔ بالکل باریک ہو کر غبار کی مانند ہو جائے۔ گودا لہسن (ایک پوتھیہ) ایک پاؤ۔ گودہ کنوار گندل ایک پاؤ مکھن تازہ ایک پاؤ مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔

بیش جو غبار کی مانند کیا ہے کھرل میں ڈال کر لہسن کا گودا داخل کرتے اور کھرل کرتے جائیں یعنی دانے دانے داخل کریں اور خوب زور سے کھرل کریں جب ختم ہو جائے تو گودہ کنوار گندل آہستہ آہستہ داخل ترکیب کریں۔ خوب زور سے کھرل کرنے پر تیار ہوگا ایک آدمی اسے کھرل کرنے سے تیار نہیں کر سکتا دو مضبوط آدمی اس کی تیاری کے لیے ضرور ہوتے ہیں چند روز ڈھانپ کر رکھ دیں گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے گی حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** جوان آدمی کے لیے ایک حب صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں کم عمر بچوں کے لیے حسب ضرورت کم کر لیں۔

## اکسیر خارش

**اجزاء وترکیب ساخت:** منسل ۱۰ گرام باریک کر کے ۱۰۰ گرام روغن سرشف میں ملا کر نرم آنچ پر پکائیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں جب باہر لگانے پر زرد رنگ کا انجماد ہو تو چیلہ آگ پر سے



اتار لیں اور فوراً ہی سرد پانی میں الٹا دیں اور پڑا رہنے دیں جب پانی کے اوپر زرد رنگ کا گھی سا جمع ہو جائے تو اتار کر شیشی میں رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت بدن پر مالش کر کے دھوپ میں ایک گھنٹہ بیٹھیں اور بھینس کا گوبر مل کر نہا لیں اور اگر بہت گہرے زخم ہوں اور وہ اکڑ جائیں تو روغن سرشف لگا کر اوپر سے باریک شدہ سفوف ڈالیں۔

**فوائد:** یہ ایک اکسیر صفت نسخہ ہے جو کہ میں نے خود تیار کر کے ملا تھا اور خارش صرف دو تین دن میں ہی نابود ہو گئی تھی خارش کے لیے نہایت مفید ہے۔

## پلستر اوجاع

بعض اوقات دیکھا گیا ہے کہ مریض درد کے مارے نڈھال ہو جاتا ہے وہ درد کی تکلیف کو برداشت نہیں کر سکتا اس وقت یہ پلستر نہایت عمدہ کام دیتا ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** کوکل ۳ گرام۔ رائی ۳ گرام۔ ایلوا ۳۱ گرام۔ افیون ایک گرام۔ صمغ عربی ۳ گرام۔ زنجبیل ۳ گرام۔ آردجو ۳ گرام۔ پانی کے ساتھ خوب باریک پیس لیں۔

**ترکیب استعمال:** کپڑے پر لگا کر اور کپڑے کو سینک کر مقام درد پر لگا دیں اوپر سے گولڑ کا سینک دے کر گولڑ گرم باندھ دیں۔

**فوائد:** درد اوجاع کو فوراً آرام دینے والا پلستر ہے۔ انگریزی پلستر کے مقابلہ میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

## حب مفاصل

**اجزاء وترکیب ساخت:** کچلہ ۲۰۰ گرام (پاؤ بھر) دودھ ۴ کلو پوٹلی باندھ کر ڈول جنتر کر کے خوب جوش دیں حتیٰ کہ دودھ خشک ہو کر کھویا بن جاوے تو اس وقت کچلے نکال لیں مرچ سیاہ ۵۰ گرام ڈال کر ہمراہ قند سیاہ گولیاں بقدر باجرہ بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق مکو یا مناسب بدرقہ استعمال کرائیں۔

**فوائد:** وجع المفاصل وغیرہ امراض کے درد میں نافع ہے۔

**نوٹ:** وزن خوراک کچھ زیادہ ہے کم دینا چاہیے۔ (ایڈیٹر)

## اکسیر خنازیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہڑتال ورقیہ کو شیرہ بھنگرہ سفید میں کھرل کر کے ایک ادھنی پر ضماد کر کے خشک کر لیں پھر تخم سرس ۲۰ گرام کو بوٹی مذکور کے پانی میں حل کر کے نغدہ بنائیں۔ ضماد شدہ

ادمنی کواس میں رکھ کرگل حکمت کر کے ۲۰ سیر پختہ آنچ ہوا بچا کردیں اور بعد سرد ہونے کے نکال لیں کشتہ ہم رنگ ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۲ چاول سے ۱۲۵ ملی گرام تک بلحاظ عمر منقی میں کھلا کر بوٹی بجھل جس کا دودھ زرد ہوتا ہے اس کا پانی آدھ پاؤ پلا دیں تھوڑے عرصہ کے بعد ملیدہ گھی کا مرغن بغیر معری وغیرہ دیں یا گھی پلا دیں یا دواء مسکہ میں کھلا کر آب بوٹی پینے کے بعد ایک دو چھٹا تک مسکہ کھلائیں اس سے قے واسہال ہوں گے بعد فراغت دال مونگ مرغن و نان گندم دیں اس طرح تین روز متواتر عمل کریں۔ بروز چہارم ایک چاول دواء ۴ روز تک کھلائیں۔ انشاء اللہ پھر کبھی اس خاندان میں یہ مرض نہ ہوگا۔

**فوائد:** فوائد کے لحاظ سے بہترین اکسیر ہے مرض مذکور کو نابود کرتا ہے۔

## کراماتی نسخہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سیماب۔ گندھک آملہ سار۔ مرچ سیاہ۔ طوطیا سفید۔ ہلدی گرہ۔ کمیلہ۔ بابچی ہر ایک ایک گرام سوائے پارہ کے سب ادویات کو کوٹ چھان کر ایک عدد زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے منہ چھلکوں کے ساتھ بند کر کے آرد گندم کا سوا انچ موٹا لیپ کر کے بھوبھل میں دبا دیں جب آٹا سرخ ہو جائے نکال کر سرد کر کے سیماب شامل کریں اور محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام مکھن اکیس مرتبہ پانی سے دھو کر ۴ گرام دوائی شامل کر کے ہاتھوں پر مل کر سینکیں انشاء اللہ تمام بدن کی تر و خشک خارش دور ہو جائے گی۔

**فوائد:** خارش ہر قسم کے لیے کراماتی نسخہ ہے۔ بہت جلد آرام دینے والی اکسیر ہے۔

## تریاق مارگزیدہ

**اجزاء ترکیب و ساخت:** بلور عمدہ ۱۰ اگرام۔ دودھ پتھری یا سنگجراحت ۱۰ اگرام۔ جوہر نوشادر یا دیسی نوشادر ۱۰ اگرام۔ لوٹا سجی ۱۰ اگرام۔ شیشہ نمک ۴۰ گرام ان سب کو علیٰحدہ علیٰحدہ اس قدر باریک کریں کہ ملائی کی مانند ملائم ہو جائے پھر ان کو باہم ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ایک گرام تک ہمراہ تازہ پانی دن میں ۴۔۵ مرتبہ استعمال کرائیں اور جس مقام پر سانپ نے کاٹا ہو پچھنے لگا کر بقدر ضرورت دوائی کا گاڑھا لیپ کریں اور آنکھوں میں اس کو برابر دو تین مرتبہ سلائی سے لگائیں سانپ کا زہر شرطیہ زائل ہو جاوے گا۔ اس دوائی کو سگ گزیدہ پر بھی استعمال کر سکتے ہیں اور یقینی فائدہ ہوتا ہے بقدر ۲ رتی تا ایک ماشہ حسب عمر برابر ۴۰ یوم تک سگ گزیدہ کو استعمال کرا دیں اور جس مقام پر کتے نے کاٹا ہو اس جگہ دواء مذکور ڈال کر ترش چھاچھ



میں تر کیا ہوا پارچہ رکھیں اس سے باؤلے کتے کا زہریلا اثر زائل ہو جائے گا۔

## دوا عسر ولادت

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ تلسی ۲۰ گرام کو آدھ کلو پختہ دودھ میں قدرے پانی ڈال کر چائے کی طرح جوش دیں پھر چھان کر روغن بادام ایک تولہ یا روغن زرد ۲ تولہ اضافہ کر کے اور میٹھا ملا کر بوقت دردزہ چائے کی طرح گرم گرم پلائیں۔

**فوائد:** عسر ولادت کے لیے نہایت مفید ہے پلانے کے بعد فوراً ہی بچہ با آسانی پیدا ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

## برائے ہسٹریا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہینگ اصلی۔ کافور اصلی ہر ایک ۱۰ اگرام۔ ہینگ کو باریک کھرل کریں اور کافور کو ہاتھ سے چھوٹا چھوٹا کر کے پھر کھرل میں دونوں کو یک جان کر کے نصف نصف ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۵۰ گرام یہ ایک مریض کے لیے کافی ہے۔

**فوائد:** مرض ہسٹریا کے لیے تجربہ شدہ ہے اور بے حد مفید ہے۔

## اکسیر سیلان الرحم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشتہ سہ دھاتہ ۶ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۶ گرام۔ کندرای ۱۰ اگرام۔ گلنار ۲۰ گرام۔ ریش برگد ۳۰ گرام۔ پھٹکری بریان ۹ گرام تمام ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں اور ٹینک ایسڈ ۶ گرام۔ پوٹاشیم برومائیڈ ۱۰ اگرام کا اضافہ کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام روزانہ صبح ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** جریان الرحم و سیلان الرحم کی اکسیر الاثر دواء ہے۔

## حبوب مدرّ حیض

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سہاگہ سیاہ۔ مرمکی خالص۔ زعفران۔ کشتہ فولاد۔ باؤبڑنگ۔ رس۔ سیندور۔ پودینہ ہر ایک ا تولہ عرق سونف میں تین روز تک کھرل کریں اور حبوب نخودی بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بزوری۔

**فوائد:** بند حیض کو جاری کرتا ہے درد دفع ہوتا ہے خون پیدا ہو کر قوت بڑھتی ہے۔

## کثرت حیض

یہ نسخہ کثرت حیض کے واسطے مفید ہے اور بڑی مدت سے معمول مطب ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** سنگجراحت کو دودھ میں پیس کر ۵۰۔۵۰ گرام کے گولے بنا کر خشک کر کے گل حکمت کر کے اوپلوں کی آگ میں پھونک دیں سرد ہونے پر حفاظت سے پیس کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۲ گرام ہمراہ شربت انجبار دن میں ۲ مرتبہ اور مرض کی زیادتی میں تین دفعہ ہر روز استعمال کرائیں۔

**فوائد:** کثرت حیض کے واسطے ازحد مفید ہے۔

## اکسیر اولاد نرینہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** مروارید ناسفتہ ۱ گرام کو روح کیوڑہ میں ۴ پہر تک کھرل کریں پھر بورہ دندان فیل ۶ گرام کو گائے کے دودھ میں کھرل کریں پھر دونوں کو ملا کر ورق چاندی ایک تولہ ورق طلاء ۲ گرام ڈال کر روح کیوڑہ میں آٹھ پہر کامل کھرل کر کے اشیاء ذیل بھی شامل کریں۔ بہمن سفید ایک تولہ ثعلب مصری ۱۰ گرام۔ تالمکھانہ ۶ گرام۔ بہوپھلی ۱۰ گرام کوٹ چھان کر ملا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۴ ماشہ ہمراہ دودھ گائے۔ انشاء اللہ بحکم خدا نرینہ اولاد پیدا ہوگی۔

## جریان الرحم

**اجزاء وترکیب ساخت:** سنگھاڑا خشک ۶ گرام۔ مازو سبز ۶ گرام۔ مغز تخم تمر ہندی ۴ گرام۔ صمغ عربی ۲۰ گرام۔ ثعلب مصری ۱۰ گرام۔ سبوس اسپغول ۲۰ گرام۔ بقدر ضرورت شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام ہمراہ شیر گائے تازہ۔

**فوائد:** جریان الرحم سیلان الرحم کے لیے مفید ہے۔

## حب مدر حیض

**اجزاء وترکیب ساخت:** مصبر۔ زراوند مکہ ۶ گرام۔ زعفران۔ افسنتین مکہ ۳ گرام۔ ہیرا کسیس ۲ گرام سب کو کوٹ چھان کر حبوب نخودی بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۰۰ گرام استعمال کریں۔

**فوائد:** بندشدہ حیض کو جاری کرتی ہیں۔



## اکسیر حیات

**اجزاء وترکیب ساخت:** موچرس۔ خولنجاں۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود ہر ایک ۱۰ گرام۔ کافور۔ مازو۔ صدف سوختہ۔ زہر مہرہ خطائی۔ نارجیل دریائی ہر ایک ۳ گرام۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ قلعی ہر ایک ایک گرام۔ نبات سفید ۲۰ گرام سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح کے وقت ہمراہ شیر بز استعمال کرائیں۔

**فوائد:** یہ سفوف عورتوں کے مرض سیلان الرحم اور عام کمزوری کو دور کرتا ہے۔

## سفوف مدر حیض

**اجزاء وترکیب ساخت:** قلمی شورہ۔ ریوند خطائی عمدہ۔ جوکھار۔ بندال ڈوڈہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید۔ تخم سن۔ ہر ایک ۶ گرام مصری کوزہ ۳۵ گرام علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** جن عورتوں کو بیماری خون حیض مدتوں سے ہو ۶ گرام صبح ۶ گرام شام ۱۰ روز متواتر اگر حیض درد سے آتا ہو تو قطرہ قطرہ تو ایام حیض سے ۴ یوم پہلے ۶۔ ۶ گرام صرف صبح کو دیں۔

## اکسیر کثرت طمث

**اجزاء وترکیب ساخت:** برگ نیم تازہ ۵۰ گرام۔ پھٹکڑی سفید ۱۰ گرام۔ توا آہنی پر نصف برگ نیچے بچھائیں اور اس پر پھٹکڑی رکھ دیں اور باقی برگ اس کے اوپر دے دیں اور نیچے آگ جلائیں جب پھٹکڑی پھل جاوے نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ کھلائیں اوّل تو ۴ یوم ورنہ ایک ہفتہ ضرور استعمال کریں۔

**فوائد:** کثرت طمث کے واسطے مجرب المجرب ہے۔

## اکسیر النساء

**اجزاء وترکیب ساخت:** اسگندناگوری۔ گلنار فارسی۔ چکنی چھالیہ۔ ثعلب پنجہ ہر ایک ۱۵ گرام۔ مازو ۶ گرام۔ مصطگی رومی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر کبود۔ موچرس۔ صمغ ڈھاک ہر ایک ۹ گرام۔ عقیق۔ مرجان۔ ورق نقرہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ خبث الحدید۔ کہربائے شمعی۔ یشب سبز۔ صدف مروارید۔ ہر ایک ۳ گرام۔ نبات سفید ۲۰ گرام۔ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے ۳ گرام تک ہمراہ خمیرہ مروارید ۳ گرام یا خمیرہ گاؤزبان ۱۰ گرام۔

**فوائد:** عورتوں کے سیلان الرحم۔ عام کمزوری اس کے علاوہ اعضائے رئیسہ کی خاص دوا ہے۔

## اکسیر استحاضہ

ایام حیض کی زیادتی کے لیے چوٹی کی دوا ہے اور جادو اثر ہے نیز بواسیر ونکسیر وغیرہ کے لیے بیحد مفید اور مجرب ہے۔

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشمز سبز ایک کلو لے کر اس کو کوٹ نگدہ بنا لیں اس میں سنگ جراحت عمدہ ۴۰ گرام کا ایک ٹکڑا رکھ کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے پر ۱۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر اس کے نصف یعنی ۲۰ گرام گل ارمنی کو باریک کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک گرام مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

**فوائد:** زیادتی ایام کے واسطے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔

## سفوف استقرار حمل

**اجزاء وترکیب ساخت:** برادہ دندان فیل ۲۰ گرام۔ کشتہ چاندی۔ دودھی خورد۔ گل منڈی ہر ایک ۱۰ گرام۔ شاخ مونگا ٦ گرام پہلے ہر دو بوٹیوں کو سایہ میں خشک کر کے باریک کریں پھر بقیہ اجزاء کو باریک پیس کر ملا لیں اور ہموزن مصری شامل کر کے سفوف بنا دیں۔

**ترکیب استعمال:** بقدر ٦ گرام ہمراہ شیر گاؤ صبح پھانک لیا کریں اور بعد فراغت ایام شروع کریں۔ اور ہم بستری کرتے رہیں یہ دواء مہینہ میں صرف دس یوم کھلائیں اگر ایک ماہ کے استعمال سے حمل نہ ہو تو بدستور ہر ماہ تا قیام حمل کھلائیں دوران استعمال میں ترشی بادی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ کامیابی ہوگی۔

**فوائد:** استقرار حمل کے لیے لاجواب دوا ہے۔

## حب اٹھراہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** مشک۔ مروارید ایک ایک گرام۔ طباشیر ۳ گرام۔ زعفران۔ زرود۔ زیرہ سفید۔ ہر ایک ۴ گرام۔ برگ تلسی۔ بسباسہ ۲۰۔ ۲۰ گرام۔ برگ شہد یوی ۴۰ گرام۔ دھتورہ دانہ ۱۱ عدد۔ جملہ ادویہ کو باریک کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بمقدار دانہ نخود و دانہ مسور بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** جب حمل کا شک ہو تو فوراً بڑی گولی صبح دوپہر اور شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ ۴۰ روز صبح دوپہر شام ہی دیں۔ ۴۰ یوم صبح وشام استعمال کرنے کے بعد تا ایام رضاعت صرف ایک گولی صبح استعمال کریں۔ جب بچہ پیدا ہو تو چھوٹی گولی بچہ کو استعمال کرائیں۔



**فوائد:** نسخہ اچھا مشہور و مجرب ہے اپنے فوائد میں بہترین ہے۔

## اکسیر اختناق الرحم

**اجزاء وترکیب ساخت:** حلتیت ۳ گرام۔ سنبل الطیب ۱۰ گرام۔ گل بابونہ ۱۰ گرام۔ کافور ۳ گرام۔ جند بیدستر ۳ گرام۔ مشک خالص ۱ گرام۔ شہد ۲۵ گرام تمام اجزاء کو خوب باریک کھرل کر کے حبوب نخودی بنا لیں ایک ایک گولی صبح وشام کھلائیں۔

**فوائد:** اختناق الرحم کے لیے مفید و مجرب گولیاں ہیں۔

## حبوب نادر

**اجزاء وترکیب ساخت:** سہاگہ بریاں۔ پیپل کلاں۔ عاقرقرحا ہر ایک ٦ گرام باریک پیس کر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر مونگ تیار کریں ہر دو وقت ایک ایک حب ہمراہ آب تازہ یا دودھ میں حل کر کے دیں۔

**فوائد:** بچوں کی ہر قسم کی کھانسی کے لیے مفید ہیں۔

## رفیق الاطفال

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست بیخ مدار ۹ گرام۔ ریش پیپل ٦ گرام (پیپل کی داڑھی) تا درخت گولر (گولر کے درخت کے پتوں پر جو ابھار ہوتا ہے) ۴ گرام۔ چندمور (طاؤس کے پر کا چمکدار حصہ) فلفل گرد ۳ گرام۔ زعفران ٦ گرام سب کو پہلے خشک پیس کر پھر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر جذب کر دیں اور مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گولی سے لے کر ۲ گولی تک مناسب عمر ماں کے دودھ یا عرق بادیان میں حل کر کے صبح وشام دیں اور مرضعہ کو مناسب پرہیز کرائیں۔

**فوائد:** بچوں کے مرض اٹھراہ اور سوکھا کے لیے جس میں بچے سوکھ کر کانٹا ہو جاتے ہیں اور ان کو غذا یا دودھ ہضم نہیں ہوتا خاص طور پر مفید ہے۔

## دوائے عطاش

**اجزاء وترکیب ساخت:** چھال پیپل ۱۰ گرام۔ طباشیر ۱۰ گرام۔ خس ۲۰ گرام کوٹ چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بقدر ۲۰ گرام دوا پانی میں بھگو کر بچے کو پلاتے رہیں جس قدر پانی کم ہوتا جائے اور ملاتے جائیں بعض اوقات زیادہ قوی اور مسکن کرنے کے لیے کوکنار ٦ گرام کا تمام نسخے میں اضافہ کیا جاتا ہے۔

**فوائد :** بچوں کے مرض عطاش (جس میں پیاس بہت لگتی ہے) بیحد مفید ہے۔

## شربت بال امرت

**اجزاء و ترکیب ساخت :** گل بانسہ۔گل کنول۔برگ لسوڑہ۔برگ مدار۔پودینہ خشک۔گلنار۔پوست کوکنار۔الائچی کلاں۔پوست ہلیلہ زرد ہر ایک آدھ پاؤ۔آب دریا ۲ یا ۳ کلو آب چونہ۔آب نارسیدہ سواچار کلو ملا کر عرق ۲ کلو کے قریب کشید کریں سرد ہونے پر ست لیموں۔ست اجوائن۔ست پیپر منٹ۔ست کافور رنگ گلابی ہر ایک ۱۲۵ ملی گرام اضافہ کر کے رکھیں۔

**نوٹ:** ست وغیرہ اور رنگ کے پہلے ۲ سیر مصری سفید عرق مذکور میں ملا کر شربت کا قوام کرکے بعد میں ست شامل کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** ۶ ماہ کے بچوں کو ۱۰ بوند ایک سال کے بچوں کو ۱۶ بوند دو سے تین سال تک ۳۲ بوند چھ سے دس سال تک ۸۰ بوند دیں۔

**فوائد :** بچوں کے ہر قسم کے امراض مثلاً کھانسی۔بخار۔سوکھا مسان۔دست۔قے۔بدہضمی اور لاغری وغیرہ کے لیے از حد نفع بخش ہے۔

## گرائپ واٹر

**اجزاء وترکیب ساخت:** لائیٹ میگنیشیم کاربونیٹ ۳۰۰ گرین۔ریفائن شوگر ا پونڈ۔آئل انیی سی ۵ منم۔آئل ڈل ۵ منم۔سلیوشن آف کوچ نیل ۲۰ منم۔سپرٹ ایمونیا ایرومٹیک اڈرام۔سپرٹ کلوروفارم ۲ ڈرام۔ا یکوا ڈسٹلڈ ۴۰ اونس۔مسکچر بنا کر ۲ روز کے بعد فلٹر کرلیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ایک چمچہ چائے بعد از خوراک۔

**فوائد:** بچوں کے جملہ امراض میں مفید ہے۔

## حبوب اکسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** الائچی خورد ۶ گرام۔پودینہ خشک ۱۰ گرام۔گل سرخ ۱۰ گرام۔بادیان ۲۰ گرام۔طباشیر سوا ۲۰ گرام۔زہر مہرہ اصلی سوا ۲۰ گرام۔کہربا شمعی سوا دو گرام۔نمک سنگ ۱۰ گرام۔عود صلیب سوا دو گرام۔سب کو باریک پیس کر مویز منقیٰ کے شیرہ میں موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی شیر مادر میں گھس کر بچہ کو دیں۔

**فوائد :** کھانسی کالی۔سوکھا مسان۔دست قے وغیرہ میں مفید۔



## اکسیر اطفال

**اجزاء وترکیب ساخت:** بادیان ۱۰ گرام۔الائچی سفید ۳ گرام۔نمک لاہوری ۶ گرام۔ملٹھی مقشر ۶ گرام۔تربد سفید ۶ گرام۔گل سرخ مصفیٰ ۶ گرام۔سوڈا بائی کارب ۶ گرام۔پودینہ خشک ۶ گرام۔ان آٹھوں ادویہ کو خوب باریک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک سال کے بچہ کو ۱۲۵ ملی گرام ۲ سال کے بچہ کو ۲۵۰ ملی گرام اسی طرح آٹھ سال کے بچہ ایک گرام ہمراہ عرق بادیان حسب ضرورت۔

**فوائد :** بچوں کے امراض مثلاً بدہضمی دست و قے قبض اپھارہ پیٹ درد وغیرہ کو مفید ہے۔

## روغن برائے اطفال

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن سرسوں ۵۰ گرام۔سیندور ۳ گرام۔فلفل سیاہ باریک پسی ہوئی ۶ گرام۔تیل کو سیندور میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور لکڑی سے ہلاتے رہیں جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے تو پسی ہوئی مرچ سیاہ شامل کر دیں اور دو تین مرتبہ لکڑی سے ہلا کر اتار لیں۔

**ترکیب استعمال :** اس تیل کو بچے کے تالو پر صبح دوپہر اور شام کو آہستہ آہستہ جذب کریں۔سوکھے کے لیے مفید ہے۔دماغ کو قوی کرتا ہے۔

## گھٹی

**اجزاء وترکیب ساخت:** صبر زرد ۲ گرام۔ہلیلہ سیاہ گھی میں بریان شدہ۔زیرہ سیاہ۔باؤ کھنبہ۔نمک سیاہ ہر ایک ۳ گرام۔ہینگ خالص گھی میں بریان شدہ ڈیڑھ گرام۔زیرہ سفید۔پودینہ خشک۔بادیان ہر ایک ۵ ماشہ۔باؤبڑنگ ۲ ماشہ۔زنجبیل سرخ ڈیڑھ ماشہ۔الائچی کلاں ۳ عدد۔نرکچور ڈیڑھ ماشہ۔اجمود ڈیڑھ ماشہ جملہ اشیاء باریک کر کے بطور سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** حسب عمر و قوت ا گرام سے ۳ گرام تک ایک چمچہ نیم گرم پانی میں گھول کر نیم گرم پانی سے دیں۔

**فوائد :** بچوں کے درد۔ریاح۔قبض۔فساد معدہ کے لیے بے حد مفید ہیں۔

## کایا پلٹ داخلی اور خارجی

**اجزاء وترکیب ساخت:** سم الفار ۱۰ گرام۔ہڑتال ورقی ۱۰ گرام۔شنگرف ۱۰ گرام تینوں کو زردی بیضہ مرغ ۲۵ عدد درمیان میں رکھ کر چولہے پر چڑھائیں جب سب زردی جل کر خاکستر ہو جائے تو روغن تیار ہوگا اور تینوں اشیاء کشتہ ہو جاویں گی۔

**فوائد روغن :** روغن کا بیرونی طور پر ملنا۔دافع سستی۔نامردی۔کجی و استرخاء۔چھوٹا پن اور

دیگر عوارضات جو جلق۔ اغلام اور کثرت جماع سے پیدا ہو جاتے ہیں خارجی طور پر دور کر دیتا ہے دو ہفتہ میں نامردی دور ہو جاتی ہے۔

**فوائد خوردنی :** تینوں اشیاء سم الفار ہڑتال اور شنگرف کا کشتہ ہو جائے گا۔ تینوں کو یکجا کر کے محفوظ رکھیں اور بقدر ایک چاول مسکہ یا بالائی وغیرہ سے کھا کر اوپر سے شیر گاؤ نوش کریں سرعت کثرت احتلام۔ سستی۔ اور عدم خیزش۔ اگر دو ہفتہ صبر سے اس کو استعمال کیا جائے تو پھر سونے پر سہاگہ ہے روغن کی مالش کی جائے اور اس کو کھایا جائے اور پھر اس کو حفظ ما تقدم کے ان دونوں کو ہر سال استعمال کیا جائے تو خدا کے فضل و کرم سے کبھی کمزوری پیدا نہیں ہوتی اور بال بھی سفید نہیں ہوتے۔

## حب مروارید

**اجزاء وترکیب ساخت:** عود۔ لونگ۔ کباب چینی۔ تخم خرفہ۔ فلفل سفید مکد ساڑھے دس گرام۔ تخم بالنگو ۷ گرام۔ فلفل دراز۔ گل بابونہ۔ مروارید ناسفتہ مکد ساڑھے تین گرام۔ زعفران ڈھائی چار گرام باریک کر کے روح گلاب میں سرشتہ کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

استعمال: خوراک ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام تک کھلائیں۔

**فوائد :** مقوی باہ۔ مغلظ۔ ضعف اعضاء رئیسہ بھوک پیدا کرتی ہیں۔

## حلوائے بیضہ مرغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** زردی بیضہ مرغ ۵۱ عدد۔ شکر سفید سوا چار کلو۔ ثعلب مصری ۲۰ گرام۔ جوز بوا ۴ عدد۔ قرنفل ۲۰ گرام۔ دانہ ہیل ۲۰ گرام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مکد ۴۰ گرام۔ بسباسہ ۴ گرام۔ مشک ۱ گرام۔ عرق گلاب ایک پاؤ سوائے زردی بیضہ کے سب کو پہلے کوٹ چھان لیں شکر سفید اور عرق گلاب کا قوام بنالیں پھر زردی بیضہ کو حسب ضرورت روغن زرد میں بریان کریں جب سرخ ہو جائے تو مغزیات وغیرہ ملا کر حل کریں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۲۰ گرام تا ۴۰ گرام صبح بطور ناشتہ کھایا کریں۔

**نوٹ:** مشک کو عرق کیوڑہ میں حل کر کے بعد تیاری حلوا میں شامل کریں۔

**فوائد :** نہایت لذیذ۔ خوش ذائقہ۔ مقوی باہ و اعضائے رئیسہ اور مسمن بدن و بے نظیر ہے۔

## معجون جمیل

**اجزاء وترکیب ساخت:** ترنجبین ۴۰۰ گرام لے کر عرق گلاب میں ملا کر خوب صاف کر کے اس میں شہد ملا کر قوام کریں اور بعد قوام ہونے کے ذیل کی ادویات ڈال کر معجون بنائیں۔

مغز کدو۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ مغز فندق۔ مغز اخروٹ۔ ہر ایک ۵۰ گرام موصلین تودرین۔



تالمکھانہ۔ موچرس۔ کمرکس۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ چھال سنبل۔ حب الزلم۔ حب الخضراء۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ بہوپھلی ۳۰ گرام۔ ساذج ہندی۔ خولنجاں۔ فوفل۔ فلفل دراز۔ ہر ایک ۴ گرام۔ سب کو باریک پیس کر اوپر کی اشیاء میں ملالیں اور کھویا شیر ۳ پاؤ روغن گاؤ آدھا کلو بھی ملالیں پھر ورق نقرہ ۱۰۰ عدد ورق طلاء ۵۰ عدد مشک ۱ گرام عنبر ایک گرام کو بھی ملالیں۔

**ترکیب استعمال :** ۱ تولہ سے لے کر ۲۰ گرام تک ہمراہ عرق گاؤزبان۔

**فوائد :** غذاؤں کی غذا اور اعلیٰ درجہ کی مقوی معجون ہے۔

## اکسیر بدن

**اجزاء و ترکیب ساخت :** مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳ گرام۔ زعفران ۴ گرام۔ کشتہ شنگرف۔ کشتہ فولاد۔ ثعلب۔ مایہ شتر اعرابی۔ ریگ ماہی۔ ست لوبان۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۶ گرام۔ مصطگی۔ خراطین خشک۔ ست بھنگ۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ کشتہ ابرک ۴ گرام۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب ہر ایک ۲ گرام۔ اسٹرکینا ۱ گرام تینوں جواہر کو عرق گلاب عرق کیوڑہ عرق بید مشک میں کھرل کریں کہ مثل غبار کے ہو جائے بعد میں مشک عنبر زعفران ڈال کر کھرل کریں باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر شامل کریں خوراک ارتی تا ۳۷۵ ملی گرام ہمراہ مکھن یا بالائی۔

**فوائد:** نہایت درجہ مقوی بدن و اعضاء رئیسہ۔ قوت میں مثل اکسیر ہے۔

## کشتہ مرجان

**اجزاء وترکیب ساخت:** شاخ مرجان کو کوٹ کر چینی کی پیالی میں رکھیں اور اس پر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر رہے جب خشک ہو جائے تو اور ڈالیں اسی طرح سات مرتبہ تر و خشک کریں بعدہ' گلولہ بنا کر بوٹی کھٹی کے نغدہ میں ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ برنگ سفید کشتہ ہوگا۔ عام کمزوری اور خفقان حار میں مفید ہے۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۱۲۵ ملی گرام ۲ مربہ گندر کے ہمراہ۔

**فوائد :** کثرت احتلام۔ رقت۔ سرعت۔ انزال وجریان کے دور کرنے میں بے نظیر کشتہ ہے۔

## حبوب عنبری

**اجزاء وترکیب ساخت:** عنبر اشہب ۳ گرام۔ مایہ شتر اعرابی ۳ گرام۔ خصیۃ الثعلب ۳ گرام۔ خولنجاں ۳ گرام۔ مشک تبتی ڈیڑھ گرام۔ مصطگی رومی ڈیڑھ گرام۔ ورق طلاء ۳ گرام۔ سب کو کوٹ پیس کر عرق عنبر میں حل کر کے بمقدار نخود گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال :** صبح کو ایک گولی شیر مادہ گاؤ کے ہمراہ ۲ ماہ تک کھائیں۔

**فوائد :** یہ گولیاں مقوی باہ کے لیے کمال درجہ ہیں۔

## اکسیر مقوی باہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** شنگرف مدبر ۱۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔ جاوتری ۶ گرام۔ جائفل ۶ گرام۔ مشک ۳ گرام۔ تخم برنا ۶ گرام۔ سب ادویہ کو ایک یوم کھرل کر کے حبوب نخودی بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح ایک شام شیر گاؤ جوش دادہ کے استعمال کریں۔ قوت باہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

**فوائد :** معمول مطب اور آزمودہ ہے مقوی باہ ازحد ہے۔

## سفوف کتیرا مرکب

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست گلو اصلی۔ دانہ ہیل سفید۔ ست سلاجیت۔ مصطگی رومی۔ تخم خرفہ سیاہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ بیضہ مرغ مکد ۳ گرام۔ کباب چینی خار خسک خورد۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ ستاور مکد ۷ گرام۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم تربوز مکد ۹ گرام۔ نبات سفید ۴۰ گرام کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک اڑھائی گرام سے لے کر ۳ گرام تک ہمراہ شیر گاؤ نصف کلو استعمال کریں اور ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

**فوائد :** جریان۔ احتلام اور سرعت کے مریضوں کے لیے ایک نعمت ہے اور سوزاک کہنہ کے لیے ازحد مفید ثابت ہوا ہے۔

## اکسیر باہ

اجزاء وترکیب ساخت: شنگرف رومی مسلم ڈلی ۱ تولہ۔ سم الفار سفید ۱ تولہ۔ عرق افشردہ کنڈیاری خورد بقدر ضرورت دیں ۲۱ روز متواتر کھرل کرتے رہیں زاں عرق لیموں بقدر ضرورت ایک ہفتہ زاں بعد شراب انگوری بقدر جذب میں ایک ہفتہ کھرل کر کے بدستور معروف جوہر حاصل کریں۔

استعمال: ایک چاول سے تین چاول تک ہمراہ مسکہ گاؤ بالائی یا مویز منقیٰ میں بند کر کے کھلائیں۔

فوائد: بے حد مقوی۔ مشتہی۔ ممسک نیز مصفیٰ خون ہے۔

## سفوف شقاقل

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز انگن۔ تخم تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ پنجہ دار۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ شقاقل مصری۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ موصلہ سنبھل۔ گوند ببول۔ گوند چینا۔ گوند



ڈھاک۔ برہمی بوٹی ہر ایک ۲۰ گرام۔ ست سلاجیت ۷ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ کشتہ عقیق۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک ۳ گرام۔ نبات سفید ساڑھے ۵۰ گرام جملہ ادویہ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۳ گرام سے ۵ گرام تک ہمراہ دودھ گاؤ تازہ ایک پاؤ استعمال کریں۔

**فوائد :** رقت۔ سرعت۔ جریان وضعف باہ کے لیے بے حد مفید ثابت ہوا ہے۔

## معجون قرنفل

**اجزاء وترکیب ساخت :** بوزیدان۔ کباب چینی۔ جاوتری۔ دارچینی ہر ایک ڈیڑھ گرام۔ زعفران خالص ۹ گرام۔ ثعلب مصری۔ لونگ کلاہ دار۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ موصلی سفید ہر ایک ۱۰ گرام۔ مغز بادام ۳۰ گرام۔ مغز پستہ۔ مغز کدوئے شیریں۔ مغز خربوزہ۔ مغز خیارین۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۲۰ گرام۔ زردی بیضہ نیم برشت ۵ عدد۔ شربت انار شیریں مار شہد خالص دوچند ورق نقرہ اصلی ۱۵ عدد جملہ ادویات خوب باریک پیس کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال :** خوراک ۳ گرام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

**فوائد:** بے حد مقوی باہ ہے۔

## تریاق جریان

**اجزاء وترکیب ساخت:** تالمکھانہ ۹ گرام۔ بہوپھلی ۱۱ گرام۔ بانجی ۷ گرام۔ سبوس اسپغول ۵ گرام۔ مغز تخم املی ۳ گرام۔ طباشیر ۱ گرام۔ مروارید ۵ رتی۔ ورق نقرہ ۱۲۵ ملی گرام۔ مشک خالص سوا تین رتی۔ شیر برگد میں خوب گوندھیں اور مشک مروارید ملا کر گولیاں بقدر ۱۲۵ ملی گرام بنالیں۔

**ترکیب استعمال :** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شیر گاؤ۔

**فوائد:** مقوی معدہ ومثانہ ہیں ان کے استعمال سے قلب ودماغ اور جگر کی کمزوری اور اعضاء کا اضمحلال دور ہو کر تندرستی ہو جاتی ہے قبض کشا ہے بھوک خوب لگتی ہے غذا خوب ہضم ہوتی ہے۔ جریان۔ احتلام اور سرعت کے مریضوں کے لیے تریاق ہے۔

## اکسیر شہنشاہی

**اجزاء وترکیب ساخت:** زعفران کشمیری۔ خولنجاں۔ قرنفل۔ جاوتری۔ دانہ ہیل خورد۔ دارچینی۔ بہمنین۔ شقاقل مصری ہر ایک ۴ گرام۔ چرس خالص ۲ گرام۔ شکر سفید ۲۰ گرام۔ مشک خالص۔ عنبر اشہب۔ ورق طلاء خالص۔ مروارید ناسفتہ۔ ہر ایک ۶ رتی جملہ اجزاء کو خوب باریک کر کے محفوظ

رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ۴ سرخ قبل از جماع ۲ گھنٹہ شیر گاؤ نیم گرم کے ہمراہ استعمال کریں۔

**فوائد:** از حد مقوی باہ۔ ممسک۔ دافع سرعت انزال نیز مفرح ومنشط ہے۔ اس کے استعمال سے کافی محظوظ ہوتا ہے۔

## سفوف موصلین

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ خصیۃ الثعلب ہر ایک ۱۴ گرام۔ بسباسہ ۹ گرام۔ خولنجاں شیریں ۱۰ گرام۔ قرنفل۔ عقرقرحا۔ زعفران سلاجیت عمدہ ہر ایک ۱۷ گرام۔ شقاقل مصری ۱۴ گرام۔ زنجبیل سرخ۔ دارچینی ہر ایک ۱۰ گرام۔ مغز پستہ۔ مغز اخروٹ ہر ایک ۲۵ گرام۔ نبات سفید ۷۰ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ چھیں کر مصری ملا کر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۴ گرام سے ۶ گرام تک ہمراہ شیر گاؤ کے ساتھ۔

**فوائد:** ضعف باہ سستی وغیرہ کے لیے مفید ہے۔

## روغن مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** قرنفل ۲۰ گرام۔ ہڑتال ورقی ۲۰ گرام۔ سم الفار سفید ۲۰ گرام۔ سیماب مصفیٰ ۲۰ گرام۔ بیر بہوٹی ۲۰ گرام۔ زعفران ۲۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۴۰ گرام۔ سب کو باریک کر کے ۲۵ عدد زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے گولیاں نخودی بنائیں۔ بعد خشک ہونے کے بالو جنتر کے ذریعہ روغن حاصل کریں اور کسی عمدہ شیشی میں بھر لیں بوقت ضرورت کام میں لاویں۔

**ترکیب استعمال:** خوراک ایک قطرہ یا کم وبیش حسب طاقت مریض۔ ڈیڑھ دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

**فوائد:** جن اشخاص کی عمر ۴۰ سال سے زیادہ ہو چکی ہو اور اپنے آپ میں کمزوری محسوس کرتے ہوں کے لیے اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ روغن ہے اور بیشمار فوائد کا حامل ہے۔

## معجون لاجونتی اکسیر الاثر

**اجزاء وترکیب ساخت:** تخم لاجونتی ۵۰ گرام۔ بیج بند گجراتی ۲۵ گرام۔ تخم سریالہ ۲۰ گرام۔ سمندر سوکھ ۱۵ گرام۔ کتیرا۔ گلنار۔ موچرس۔ پھلی کیکر۔ موصلی سفید۔ صمغ عربی۔ گل گڑھل۔ مصطگی رومی۔ سیوس اسپغول ہر ایک ۱۰ گرام۔ آرد سنگھاڑا ۲۵۱ گرام۔ مصری نصف کلو۔ تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ باریک کوٹ لیں۔ اور مصری کا قوام کر کے تمام ادویہ داخل کر کے معجون تیار کریں۔



**ترکیب استعمال:** خوراک ۲۰ گرام صبح کو دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

**فوائد:** اگر کسی مریض کو ۲۰ سال کا پرانا جریان کیوں نہ ہو تین چار ہفتہ کے مسلسل استعمال سے شفائے کامل ہو جاتی ہے مریضان عادت بد اس نسخہ کا ضرور استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

## طلسمی طلاء

**اجزاء وترکیب ساخت:** جائفل ۳۲ عدد۔ قرنفل کلاہ دار ۵ چھٹانک۔ بیر بہوٹی ۱۰۰ گرام۔ جمال گوٹہ ۵۰ گرام۔ سم الفار سفید ۳۰ گرام۔ سب کو شیر مدار میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں اور خشک ہونے پر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں اور دو ہفتہ پڑا رہنے دیں بعد ۲ ہفتہ کے استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو تین قطرے عضو مخصوص پر طلاء کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھیں سرد پانی سے اجتناب کریں۔

**فوائد:** عضو مخصوص کے جملہ نقائص رفع کرتا ہے اس کے علاوہ تندی وفربہی پیدا کرنے میں عجیب التاثیر ہے۔

## طلاء بے نظیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** شنگرف رومی۔ ہڑتال۔ منسل۔ گوگھرو۔ سنکھیا سفید ہموزن جدا جدا کوٹیں اور ایک آہنی کڑچھی میں تہہ بتہہ رکھیں اوپر روغن سیاہ ڈالیں اگر ادویات ۱۰، ۱۰ گرام ہوں تو روغن سیاہ ۵۰ گرام ہو نیچے گھوڑی کی لید کی آگ دیں پس جب جوش آجائے آگ موقوف کر دیں اور نیچے اتار لیں اور نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت قدرے برگ پان پر لگا کر باندھیں اور صبح کو گرم پانی سے دھو دیں۔

**فوائد:** مایوس سے مایوس مجلوق ایک ہفتہ میں درست ہو جاتا ہے سستی اور عضو کی خرابیوں کو ٹھیک کرنے میں لاجواب طلاء ہے۔

## طلاء احمر

**اجزاء وترکیب ساخت:** شنگرف ساڑھے دس گرام۔ سم الفار سفید آدھا گرام۔ بسباسہ ۳ گرام۔ پوست بیخ کنیر سفید ۳ گرام۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر کھرل کریں پھر ۴۰ گرام مکھن میں تمام سفوف ملا کر پھر ۱۲ گھنٹہ کھرل کریں بس طلاء تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام حشفہ وسیون بچا کر طلاء کریں اور اوپر برگ پان باندھیں

صبح نیم گرم پانی سے استنجا کریں جب آبلہ نمودار ہو اس کو کوٹ کر اوپر روغن چنبیلی لگائیں۔

**فوائد:** مجلوق کے لیے ازبس مفید ہے تمام امیر و غریب استعمال کر سکتے ہیں۔

## حبوب ممسک

**اجزاء وترکیب ساخت:** کائپھل۔اجوائن خراسانی۔جائفل۔افیون۔کچلہ مدبر۔ تمام ادویات کو نہایت عمدگی سے باریک کر کے شہد خالص کی مدد سے حبوب بقدر دانہ نخود بنائیں اور سایہ میں خشک کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو گولیاں حسب برداشت قبل از جماع ایک گھنٹہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں پھر کرشمہ خدا دیکھیں۔

**فوائد:** علاوہ امساک کے نزلہ وزکام کے لیے بے خطا ومجرب ہیں اور مقوی باہ بھی ہیں۔

## ٹھنڈک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ۔طباشیر۔دانہ الائچی خورد۔برادہ صندل۔کشنیز۔گل نیلوفر۔ کہرباشمعی۔ ہرایک ۲۵ گرام۔ناریل دریائی ۱۵ گرام۔ورق نقرہ نصف دفتری۔کشتہ مرجان چھ گرام کشتہ عقیق ۱۰ گرام۔کشتہ زہر مہرہ ۲۰ گرام۔کشتہ سنگ یشب چھ گرام۔تمام ادویہ کو الگ الگ باریک سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گرام ہمراہ بدرقہ مناسبہ مکھن ۔دودھ۔بالائی یا خمیرہ گاؤزبان سے استعمال کریں۔

**فوائد:** ۔یہ دوا امراض قلب اور تمام امراض گرما کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔پیاس۔ گھبراہٹ۔بے چینی۔بخار۔قے۔دست۔پیچش۔خفقان قلب کیلئے اکسیر ہے۔نیز مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

## دوائے اسود

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ۔بادیان ۲۰ گرام۔تخم مرچ سرخ ۲۰ گرام۔زیرہ سیاہ ۲۰ گرام۔تیزاب گندھک حسب ضرورت۔ادویہ کو چینی کی پیالی میں ڈال کر تیزاب اتنا ڈالیں کہ ایک انگلی تک اوپر آجائے چند دنوں کے بعد دوا سیاہ اور خشک ہو جانے پر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام ہمراہ بدرقہ مناسبہ

**فوائد:** ہیضہ کیلئے انتہائی مفید ہے۔



## برائے خارش

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار مدبر در روغن گاؤ ۵۰ گرام۔سوڈا بائیکارب ۵۰ گرام سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام صبح دوپہر شام بچوں کیلئے ایک سے دو رتی تک۔

**فوائد:** ۔خارش کیلئے مفید ہے نیز مصفی خون ہے۔

## برائے زحیر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل ۱۰ گرام۔بادیان ۱۰ گرام۔ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام۔ خشخاش سفید ۱۰ گرام۔سفوف بنا کر روغن گاؤ سے یا روغن بادام سے چرب کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** تین گرام ہمراہ عرق سونف دن میں تین مرتبہ۔

**فوائد:** زحیر کیلئے مفید ہے۔

## حب پپیتہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** پپیتہ خشک یکصد پچاس گرام۔زنجبیل یکصد پچاس گرام۔ فلفل سیاہ تیس گرام۔نوشادر تیس گرام۔نمک سانبھر پچھتر گرام۔تمام ادویہ سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح شام بعد از غذا۔

**فوائد:** ۔امراض معدہ۔کمی اشتہاء۔خرابی ہضم۔ہیضہ وغیرہ میں مفید ہے۔

## حب مشہتی

**اجزاء وترکیب ساخت:** زنجبیل یک صد گرام۔زیرہ سفید یک صد گرام۔نمک سانبھر یک صد گرام۔ست لیموں تیس گرام۔سفوف بنا کر حبوب نخودی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ بعد از غذا

**فوائد:** ۔امراض معدہ میں مفید ہیں۔ریاح کو خارج کرتی ہیں۔بھوک لگاتی ہیں۔

## جوارش آملہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ۔آملہ خشک چار صد پچاس گرام۔الائچی خورد چالیس گرام۔ بالچھڑ چالیس گرام۔برادہ صندل سفید یکصد گرام۔گل سرخ چالیس گرام۔قوام شکر پانچ کلو۔بطریق معروف جوارش بنالیں۔

**مقدار خوراک:** پانچ سے دس گرام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:۔** مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ جگر اور معدہ کی گرمی نیز اختلاج قلب میں مفید ہے۔ دافع تبخیر معدہ و اسہال کرتا ہے۔

## شربت بزوری معتدل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بادیان دوصد پچاس گرام۔ بیخ بادیان دوصد پچاس گرام۔ بیخ کاسنی دوصد پچاس گرام۔ تخم خربوزہ دوصد پچاس گرام۔ تخم خیارین دوصد پچاس گرام۔ تخم کاسنی دوصد پچاس گرام۔ گھوکھرو خورد دوصد پچاس گرام۔ شکر سفید دس کلو۔ ست لیموں پچیس گرام۔ تمام ادویہ کو نیم کوب کرکے رات کے وقت 10 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر پانی آدھا رہ جائے تو مل چھان کر شکر سفید اور ست لیموں ڈال کر قوام درست کریں۔

**ترکیب استعمال:** 50 ملی لٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

**فوائد:** جگر۔ گردہ اور مثانہ کو پیشاب لا کر صاف کرتا ہے۔ جگر کی گرمی سے ہونے والے بخار کو دور کرتا ہے۔

## شربت املی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** املی ایک کلو۔ شکر سفید چار کلو۔ ست لیموں ۱۰ گرام۔ تمر ہندی (املی) کو چار لٹر پانی میں بھگو دیں صبح جوش دیں جب پانی آدھا رہ جائے تو ٹھنڈا ہونے پر مل چھان کر شکر سفید اور ست لیموں ملا کر قوام درست کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

**فوائد:۔** معدے کو طاقت دیتا ہے بھوک لگاتا ہے۔ قبض دور کرتا ہے صفراوی جوش کو کم کرتا ہے۔ متلی۔ قے اور صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔

## شربت صندل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برادہ صندل پانچ صد گرام۔ شکر سفید دس کلو۔ ست لیموں بیس گرام۔ روح صندل 1 ملی لٹر۔ برادہ صندل سفید کو رات کے وقت ۱۰ لٹر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دیں تاکہ پانی آدھا رہ جائے۔ مل چھان کر شکر سفید اور ست لیموں ملا کر قوام درست کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ ملی لٹر پانی ملا کر پئیں۔

**فوائد:** مفرح قلب ہے۔ گرمی سے ہونے والی سردرد اختلاج قلب جگر اور معدہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔



## کشتہ نیلہ

**اجزاء:** نیلا تھوتھا اصلی 50 گرام۔ آب جل دھنیا مقطر 1 کلو گرام۔

**ترکیب:۔** روغنی ہنڈیا میں دونوں اجزاء ڈال کر ہلکی آنچ پر اس قدر پکا دیں کہ ہنڈیا کے تلے میں صرف کشتہ نیلہ ہی رہ جائے یہ کشتہ نیلہ نمبر 1 تیار ہے کشتہ نیلہ نمبر 2: کشتہ نیلہ نمبر 1 کو ریٹھوں میں اچھی طرح بھر کر ہر ایک ریٹھہ پر 2 انگشت تک آٹا چڑھا دیں۔ پھر مناسب بے دودھ آنچ میں پکائیں۔ انشاء اللہ کلیجی رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا یہ کشتہ نیلہ نمبر 2 تیار ہے۔ اس میں برابر کا کشتہ چاندی ملالیں اور محفوظ رکھیں۔ کشتہ نیلہ نمبر 3: کشتہ نیلہ نمبر 1 پچاس گرام لے کر سیسہ صاف کے ٹکڑوں پر لیپ کرکے گیلی کوزہ روغنی میں خوب گل حکمت کرکے 10 کلو گوبر کی آگ دیں۔ یہ کشتہ نیلہ نمبر 3 تیار ہے۔ اور یہ تینوں کشتے اکسیری اور ہمہ صفت موصوف ہیں ہر کشتہ کی خوراک ایک تا دو چاول کیلہ کی پھلی میں رکھ کر استعمال کروائیں۔ معلوم رہے کہ ہمارے مطب میں یہ دوائے کیلہ مشہور ہے اور اسی نام سے آکر لوگ دوائے کیلہ مانگتے ہیں۔

**فوائد:** لیکوریا۔ کثرت طمث۔ بواسیر۔ بھگندر۔ آتشک و سوزاک۔ حتیٰ کہ ہر امراض خبیثہ کا حتمی علاج ہے۔

## کشتہ تانبہ تاجوی

**اجزاء:** برادہ تانبہ صاف۔ 10 گرام۔ کشتہ ورقیہ مذکور 10 گرام۔ آب بابونہ 50 گرام

**ترکیب:۔** برادہ تانبہ اور ورقیہ کو آب بابونہ ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ پھر ٹکیہ بنا کر نغدہ بابونہ نصف پاؤ کے درمیان رکھ کر کوزہ کو گل حکمت کرکے خشک ہونے کے بعد ہوا سے بچا کر دس کلو گوبر کی آنچ دیں کشتہ تانبہ اکسیری جاذب پارہ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو چاول مکھن یا بالائی میں)

**فوائد:۔** طاقت مردی اور امراض خبیثہ کا بہترین علاج ہے۔ تاہم کشتہ تانبہ کو پہلے چیک ضرور کرلیں۔ اگر کمی ہو تو عمل مقرر کریں۔ پس یہ وہی کشتہ تانبہ ہے جسکی آپ کو تلاش تھی۔

## دوائے گردہ اکسیری

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل۔ اجوائن خراسانی۔ چاول بادیان۔ الائچی سبز۔ دار چینی۔ لونگ۔ تیز پات۔ جوکھار۔ شورہ قلمی۔ سنگ سرماہی۔ مرچ سیاہ۔ نمک سیاہ۔ نوشادر ٹھیکری۔ سہاگہ بریاں۔ دانہ رائی صاف۔ ہر واحد 10 گرام۔ آب مولی مقطر 1 کلو۔ آب مولی ڈال ڈال کر تمام اجزاء کو کھرل کرتے جائیں دوائے گردہ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:**۔2 گرام تک۔

**فوائد:**۔سنگ گردہ۔سوزش گردہ۔درد گردہ۔اور ہمہ امراض جگر ومعدہ کو بھی یکساں مفید ہے۔

## برائے احتباس طمث

**اجزاء و ترکیب ساخت:**۔دارچینی ۴۰ گرام۔ایلوا ۱۰ گرام۔ہیراکسیس ۱۰ گرام۔جملہ ادویہ باریک سفوف بناکر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:**۔دوگولی صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسبہ

**فوائد:**۔قبض۔باؤگولہ۔بے باقاعدگی ایام۔بندش حیض کیلئے مفید ہے۔

## برائے لیکوریا

**اجزاء و ترکیب ساخت:**۔کہربا شمعی۔موچرس۔مازو۔پھٹکڑی بریاں۔اندر جوشیریں۔ہر ایک تین گرام۔بھکوہ خورد۔مائیں کلاں۔ہر ایک چھ گرام۔کندر ۲۰ گرام۔سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** آدھاماشہ صبح وشام۔**فوائد:**۔امراض سیلان میں مفید ہے۔

## معجون مقوی دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہلیلہ زرد۔پوست ہلیلہ۔آملہ۔کشنیز۔منڈی بوٹی۔اسطوخودوس۔ہر ایک ۳۰ گرام۔گل گاؤزبان۔ہلیلہ زنگی۔گل بنفشہ ہر ایک ۲۰ گرام۔مغز بادام۔مغز فندق ہر ایک ۴۰ گرام۔بنات سفید سہ چند بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** چھ گرام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** ۔ضعف دماغ وضعف بصر میں مفید ہے۔

## سفوف برائے امراض معدہ:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اجوائن دیسی آدھا کلو۔سوئے آدھا کلو۔نمک سیاہ آدھا کلو۔سوڈا بائیکارب ایک پاؤ۔ست پودینہ پانچ گرام۔تمام ادویہ کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:**۔ایک تا دو گرام بعد از غذا دن میں تین مرتبہ۔

**فوائد:**۔تمام امراض معدہ۔بدہضمی۔درد۔ورم۔گیس۔تیزابیت۔متلی بالخصوص حاملہ کی قے اور اسہال میں مفید ہے۔ہاضم اور مشتہی ہے۔



## برائے سنگرھنی و پیچش:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سفوف معدہ مذکورہ بالا آدھا کلو۔سفوف کڑا چھال آدھا کلو باہم ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گرام دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** ۔سنگرہنی۔خونی پیچش اور ضعف معدہ کیلئے مفید ہے۔

**نوٹ:**۔دوران مرض مریض کو نرم غذا دیں اور سبوس اسپغول کا استعمال ہمراہ ضرور کرائیں۔

## اکسیر جگر:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سفوف معدہ مذکورہ بالا آدھا کلو۔نوشادر دوصد پچاس گرام۔ہیراکسیس بیس گرام تمام ادویہ سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** ۔عوارضات جگر۔یرقان۔کمی خون۔خفقان قلب وغیرہ میں مفید ہے۔

## اکسیر ابیض لاثانی:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زاج ابیض (پھٹکڑی) 500 گرام۔احراق سنگ (چونا قلعی) 500 گرام۔اجوائن دیسی 300 گرام۔اجوائن کو دو کلو پانی میں جوش دیکر جوشاندہ تیار کریں بقیہ دونوں ادویہ کو اس جوشاندہ کے ہمراہ خوب کھرل کریں کہ تمام جوشاندہ ختم ہوجائے بس اکسیر ابیض تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** یہ دوا عام ملیریا بخار۔تپ محرقہ کیلئے اکسیر ہے۔آج کل اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ ملیریا کا اگر ٹھیک طور پر علاج نہ کیا جائے تو بخار بگڑ کر ٹائیفائیڈ کی صورت اختیار کرجاتا ہے اور کئی پیچیدگیاں پیدا ہوجاتی ہیں ایسی صورت میں یہ دوا اپنا فوری اثر دکھاتی ہے اور مریض کو جلد صحت یاب کرتی ہے۔تمام بخاروں میں یہ دوا صبح وشام دو رتی کی مقدار میں ہمراہ آب تازہ دیں۔مریض کو نرم غذا دیں اور دہی سے پرہیز کرائیں۔

**برائے نزلہ زکام وکھانسی:** ۔ان امراض میں بھی اکسیر لاثانی انتہائی مفید ہے۔دو رتی تک صبح وشام استعمال کروائیں نیز مریض کو گرم محرک۔ترش اور چکنائی والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

**بدھضمی:** نظام ہضم کی اصلاح کیلئے مفید ہے۔عام قے۔بدہضمی ہچکی کیلئے دو رتی صبح و شام ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

وبائی اسہال یا ہیضہ کی صورت میں اسکی مقدار دوگنا کی جاسکتی ہے۔

**امراض اطفال:** بچوں کی دق (سوکڑا) اسہال قے وغیرہ میں بچے کی عمر کے مقدار خوراک مرتب کریں انشاء اللہ مذکورہ امراض میں مفید ہے۔

## سیلانی:

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ۔رال سفید بیس گرام۔کشتہ صدف بیس گرام۔چینی چالیس گرام۔باریک سفوف کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** سیلان الرحم جدید وکہنہ کی تمام حالتوں میں مفید ہے۔

## حب ریاح

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سہاگہ بریاں۔زنجبیل۔نمک سیاہ چھ چھ گرام ہینگ خالص بریاں تین گرام حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دوگولی تک۔

**فوائد:** جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

## برائے حمیات

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ست گلو اصلی ۱۰ گرام۔دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔طباشیر ۱۰ گرام۔کہربا ۱۰ گرام۔جوکھار ۴۰ گرام۔سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام دن میں تین مرتبہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** دائمی ودیگر حمیات میں بے ضرر اور موثر ہے۔

## برائے بواسیر خونی و بادی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز تخم نیم ۱۰ گرام۔مغز تخم بکائن ۱۰ گرام۔رسونت اصلی ۲۰ گرام۔تخم گندنا ۲۰ گرام۔پوست ہلیلہ زرد ۴۰ گرام۔جملہ ادویہ سفوف بنا کر آب گندنا سے حبوب بقدر جنگلی بیر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دوگولی ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** بواسیر خونی وبادی میں مفید ہیں۔



## برائے جریان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہلدی تین گرام۔کافور ایک گرام۔اجوائن خراسانی دو گرام سفوف بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** دوگولی ہمراہ شیر

**فوائد:** ۔جریان۔احتلام وسرعت کا سہل موثر نسخہ ہے۔

## حب وجع المفاصل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایلوا ۱۰ گرام۔سورنجاں شیریں ۱۰ گرام۔ہلیلہ کابلی ۱۰ گرام۔لعاب گھیکوار کی مدد سے حبوب نخودی تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** تمام مفاصلی دردوں میں مفید ہے۔

## برائے نزلہ وزکام

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچینی۔سونٹھ۔دانہ الائچی کلاں ہموزن سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام ہمراہ شیر نیم گرم

**فوائد:** نزلہ وزکام سوزش حلق کو دور کرتا ہے ہاضم۔کاسر ریاح ومفرح ہے۔

## برائے سیلان الرحم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تالمکھانہ ۱۰ گرام۔دارچینی ۱۰ گرام۔کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔مصری کوزہ ۳۰ گرام۔سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** تین گرام ہمراہ شیر گاؤ دومرتبہ دن میں ۔

**فوائد:** سیلان الرحم کیلئے سہل مجرب نسخہ ہے۔

## عرق برائے ذیابیطس

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چوب چینی ایک کلو۔گل منڈی ایک کلو۔گڑمار بوٹی ایک کلو۔برگ نیم ایک کلو۔ثمر برگد ایک کلو۔کریلے ایک کلو۔آب تازہ پندرہ کلو۔بطریق معروف آٹھ بوتل عرق کشید کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک چمچہ صبح شام۔

**فوائد:** ذیابیطس کی تمام اقسام میں مفید وموثر ہے۔

## طلاء طول

**اجزاء وترکیب ساخت:** بیر بہوٹی ایک پاؤ۔روغن کنجد ایک کلو۔بیر بہوٹی کو روغن میں جلالیں اور چھان کر محفوظ رکھیں۔بطریق معروف مالش کریں۔

**فوائد:** عضو کی جملہ خرابیوں کے لیے انتہائی مؤثر ہے۔

## پیغام شفاء:

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست ہلیلہ سبز۲۰گرام۔ایلوا۲۰گرام۔سورنجاں شیریں ۲۰گرام۔سفوف بنا کر حبوب نخودی تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** ہر قسم کے جوڑوں کے درد کیلئے مفید ہے۔

## اکسیر ذیابیطس

**اجزاء وترکیب ساخت:** کریلہ پچاس گرام۔گڑمار بوٹی پچاس گرام۔مصر دس گرام۔کشتہ سہ دھاتہ پانچ گرام۔جملہ ادویہ سفوف بنالیں اور کشتہ شامل کر کے کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ملی گرام صبح وشام بعد از غذا۔

**فوائد:** ذیابیطس کی تمام اقسام میں مفید ہے۔

## برائے امراض جلد

**اجزاء وترکیب ساخت:** مردار سنگ ۵۰گرام۔گندھک آملہ سار ۵۰گرام۔زنک سلف ۵۰گرام۔سندھور ۵۰گرام۔ویزلین سوا کلو۔کاربالک ایسڈ ۱۰گرام۔ڈیٹول چھوٹی شیشی ایک عدد۔بطریق معروف مرہم تیار کرلیں۔

**فوائد:** تمام جلدی امراض زخم۔خارش خشک وتر۔دھدر۔پھوڑے پھنسیاں۔ایگزیما وغیرہ کیلئے مفید ومؤثر ہے۔

## برائے فشار الدم درد قلب

**اجزاء وترکیب ساخت:** زعفران اعلیٰ ۲۰گرام۔اجوائن دیسی آدھا پاؤ۔کشتہ زہر مہرہ ۱۰گرام۔لہسن دیسی ۵۰گرام۔آب لہسن دیسی ۱۵۰گرام۔تمام ادویہ باریک کر کے آب لہسن میں خوب کھرل کریں کہ حبوب باندھنے کے قابل ہو جائے۔بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی صبح دوپہر شام ہمراہ قہوہ اجوائن دیسی و پودینہ دیں۔

**فوائد:** درد قلب اور فشار الدم قوی میں مفید ہیں۔



## معجون مراد جواہردار

**اجزاء وترکیب ساخت:** تالمکھانہ 15 گرام۔بیج بند 15 گرام۔تخم انگن 30 گرام۔ثعلب مصری 30 گرام۔شقاقل مصری 30 گرام۔موصلی سفید 30 گرام۔موصلی سیاہ 30 گرام۔ پھول مکھانہ 60 گرام۔ مغز سنگھاڑا 60 گرام۔ کرکس 90 گرام۔ قند سفید 1200 گرام۔تمام اشیاء کو گرد وغبار سے مبرا کر کے سفوف کرلیں۔قند سفید میں اس کے وزن سے آدھا پانی ڈال کر قوام تیار کریں۔جب قوام شربت کے معیار کا تیار ہو جائے تو نیچے اتار کر مذکورہ بالا ادویہ کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملا کر کفگیر کی مدد سے حل کرتے جائیں یہاں تک کہ تمام سفوف یک جان ہو جائے۔ٹھنڈا ہونے پر شیشے یا پلاسٹک کے صاف اور خشک مرتبان میں ڈال لیں۔

**ترکیب استعمال:**۔ 5 گرام صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** مغلظ ومولد ہے۔جریان وکثرت احتلام میں بالخصوص مفید ہے۔مقوئ کمر وباہ ہے۔مادہ کے زیادہ اخراج کے باعث ہونے والی جنسی کمزوری کے لیے از حد نافع ہے۔عورتوں میں لیکوریا کی وجہ سے لاحق ہونے والی کمزوری و درد کمر میں مستعمل ہے۔وہ خواتین جو بوجہ امراض جگر زچگی کے بعد مخصوص ''بھانڈا'' استعمال نہیں کرسکتیں ان کے لیے درج بالا معجون بہترین متبادل ہے۔شادی شدہ افراد (مرد وزن) کے لیے بطور مقوی عمومی مفید ترین ہے۔

## معجون مغلظ

**اجزاء وترکیب ساخت:** ثعلب مصری 10 گرام۔خولنجاں 10 گرام۔بہمن سفید 20 گرام۔بہمن سرخ 20 گرام۔زنجبیل 20 گرام۔تودری سفید 20 گرام۔دارچینی 5 گرام۔ نارجیل 10 گرام۔مغز بادام 10 گرام۔مغز پستہ 10 گرام۔مغز چلغوزہ 10 گرام۔مغز فندق 10 گرام۔بالچھڑ 5 گرام۔سعد کوفی 5 گرام۔کباب چینی 5 گرام۔مغز جائفل 5 گرام۔جاوتری 5 گرام۔ درونج عقربی 5 گرام۔تخم گزر 5 گرام۔فلفل سیاہ 5 گرام۔مصطگی 5 گرام۔ستاور 5 گرام۔تخم ریحان 20 گرام۔تخم بالنگو 20 گرام۔گوند کیکر 20 گرام۔گوند کتیرا 20 گرام۔حب القرطم 10 گرام۔گاؤزبان 10 گرام۔صندل 10 گرام۔شہد 325 گرام۔چینی 650 گرام۔ تمام ادویہ بالخصوص گاؤزبان کو صاف کر کے باریک کرلیں۔چینی سے آدھا پانی ڈال کر قوام تیار کریں۔ جب قوام شربت کا تیار ہو جائے تو شہد ملا کر یک جان کرلیں اور آنچ سے اتار لیں۔اب ادویہ کا سفوف تھوڑا تھوڑا کر کے قوام ملاتے جائیں اور حل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام سفوف یک جان ہو جائے۔ٹھنڈا ہونے پر چینی، شیشے یا پلاسٹک کے خشک مرتبان میں بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** 5-5 گرام صبح نہار اور بوقت عصر جب پیٹ خالی ہو۔

**فوائد:** جریان، کثرت احتلام بوجہ حدت کے لیے اکسیر ہے۔ رقت منی کو نافع ہے۔ پیشاب کے جل کر آنے میں مستعمل ہے۔ گرم مزاجوں کے لیے مقوی باہ ہے۔ نوجوانوں کو چونکہ مزاج کی گرمی و گرم چیزوں کے کثرت استعمال سے لاحق ہونے والے جنسی امراض کے لیے بالخصوص مفید ہے۔ نوجوان لڑکیوں میں سیلان الرحم کے لیے بالخصوص مفید ہے۔

## سفوف دافع پیپ

**اجزاء وترکیب ساخت:** ہلدی 100 گرام۔ کل مقدار 100 گرام۔ دونوں کو باریک کر کے 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** 2 کیپسول صبح وشام بعد از غذا ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** پیشاب یا منی کے ہمراہ خارج ہونے والی پیپ (Pus Cells) کے لیے ازحد مفید ہے۔ پھیپھڑوں میں عفونت (Infection) کے باعث بڑھنے والے E.S.R کو کم کرتا ہے۔ Infection خواہ بدن کے کسی حصہ میں ہو کے لیے نافع ہے۔

**احتیاط:۔** بعض اوقات اس دوا کے استعمال کے دوران مریض دل گھبرانے کی شکایت کرتا ہے کیونکہ ہلدی دل کے لیے مضر ہے۔ اس شکایت کے ازالہ کے لیے دوران استعمال دوا مریض کو سیب کے استعمال کا مشورہ دینا چاہیے۔

## اکسیر خارش

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست بیرون بندق 50 گرام۔ گندھک آملہ سار 50 گرام۔ دونوں کو باریک کر کے 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** 2 - 2 کیپسول صبح دوپہر شام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** خارش، پھوڑے پھنسی کے لیے مفید ہے۔ الرجی کے لیے نافع ہے۔ ورم غدہ قدامیہ کے باعث ہونے والی پیشاب کی رکاوٹ کو دور کرتا ہے۔ ورم غدد خلف الاذن میں مستعمل ہے۔ محلل اورام ہونے کی بنا پر خناق کے لیے بھی فائدہ مند ہے۔

## عرق مصفی خون

**اجزاء وترکیب ساخت:** گل سرخ 50 گرام۔ عناب 50 گرام۔ برہمی بوٹی 50 گرام۔ شاہترہ 50 گرام۔ چرائتہ 50 گرام۔ عشبہ 50 گرام۔ سرپھوکہ 50 گرام۔ افسنتین 50 گرام۔ ہلیلہ زرد 50 گرام۔ ہلیلہ سیاہ 50 گرام۔ بہیڑے 50 گرام۔ آملے 50 گرام۔ ریٹھے



50 گرام۔ برگ نیم 50 گرام۔ برگ بکائن 50 گرام۔ برگ مہندی 50 گرام۔ ریوند چینی 50 گرام۔ چوب چینی 50 گرام۔ صندل سفید 50 گرام۔ سناء مکی 50 گرام۔ کشنیز 50 گرام۔ مجیٹھ 50 گرام۔ برنجاسف 50 گرام۔ شکاعی 50 گرام۔ بادرنجبویہ 50 گرام۔ حنظل 50 گرام۔ زیرہ سیاہ 50 گرام۔ الائچی کلاں 50 گرام۔ برہم ڈنڈی 25 گرام۔ برادہ صندل سرخ 25 گرام۔ تمام ادویہ کو گرد و غبار سے صاف کر کے 25 لٹر پانی میں رات کو بھگو دیں اور برتن کا منہ کپڑے سے باندھ دیں تا کہ گرد و غبار اور حشرات الارض سے محفوظ رہے۔ صبح اسی پانی کو مع ادویہ کے قرع انبیق میں ڈال کر 10 لٹر عرق کشید کریں۔ دوران تیاری آنچ زیادہ تیز نہیں ہونی چاہیے بصورت دیگر جوشاندہ جوش کھا کر عرق کے ہمراہ خارج ہونا شروع ہو جائے گا جس سے کشید کیا ہوا سارا عرق خراب ہو جائے گا۔ اس خرابی سے بچنے کے لیے ایک ترکیب یہ ہے کہ قرع انبیق کے آگے جہاں سے عرق ٹپکتا ہے چھوٹی (لٹر والی) کین رکھیں، جب یہ کین بھر جائے تو اس کو بڑی کین (مطلوبہ مقدار کے مطابق) میں ڈالتے وقت چیک کر لیا جائے کہ عرق میں جوشاندہ کی ملاوٹ تو نہیں۔ اس امر کا پتہ اس کی رنگت سے چل جائے گا۔ عرق صاف وشفاف ہوتا ہے اگر اس میں جوشاندہ کی ملاوٹ ہوگی تو اس کی رنگت گہری ہو جائے گی۔ رنگت کے کم یا زیادہ گہرا ہونے کا انحصار اس امر پر ہوتا ہے کہ اس میں جوشاندہ کم یا زیادہ ملا ہوا ہے۔ بہر حال جوشاندہ تھوڑا ملا ہوا ہو یا زیادہ عرق دواسازی کے اصولوں کے مطابق خراب ہے۔

**ترکیب استعمال:** 50 ملی لٹر صبح، دوپہر اور شام۔

**فوائد:** بہترین قسم کا مصفی خون ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔ محلل اورام ہے۔ جگر کے سدوں کو خارج کرتا ہے۔ ورم جگر (Hepatitasc) کیلئے اکسیر ہے۔ تپ کہنہ میں مفید ہے۔ مفرح قلب ہے۔ ملین خصوصیات کا حامل ہے۔

## (ائیر ڈراپس) قطور الاذنین

**اجزاء وترکیب ساخت:** رتن جوت 50 گرام۔ روغن سرسوں 250 ملی لٹر۔ رتن جوت کو تیل میں جلا کر فلٹر کر لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر خشک بوتل میں محفوظ کر لیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ڈراپر میں ڈال کر 2 - 2 قطرے دونوں کانوں میں ڈالیں۔

**فوائد:۔** کانوں کے بہنے میں مفید ہے۔ کانوں کی خارش کو زائل کرتا ہے۔ خشکی کی بنا پر کانوں سے آوازیں آنے میں مفید ہے۔

## ثنائی آئی ڈراپس

**اجزاء وترکیب ساخت:** عرق گلاب ایک بوتل (750 ملی لٹر)۔ امرت دھارا 3 قطرے۔ عرق میں امرت دھارا کے قطرے ملا کر ہلا لیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ڈراپر میں ڈال کر فریج میں ٹھنڈا کر کے 2 - 2 قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔

**فوائد:۔** آنکھ سے پانی بہنے کو ازحد مفید ہے۔ آنکھوں کی خارش کو زائل کرتا ہے۔

## سفوف پیچش

**اجزاء وترکیب ساخت:** اسپغول مسلم 250 گرام۔ تخم بالنگو مسلم 250 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 250 گرام۔ بادیان 250 گرام۔ تمام اشیاء کو گرد و غبار سے مبرا کر لیں۔ پوست ہلیلہ زرد کو جوکوب کر کے بادیان کے ہمراہ توے پر بریاں کر لیں۔ اس کے بعد ان دونوں کو پیس لیں۔ اسپغول اور بالنگو کو سالم حالت میں ہی ملا دیں۔

**ترکیب استعمال:** 10 گرام ہمراہ آب تازہ ہر چار گھنٹے کے بعد دیں۔

**فوائد:** مروڑ کے ساتھ دست آنے کو نافع ہے۔ بار بار دست آنے سے آنتوں میں ہونے والی خراش کو رفع کرتا ہے۔ دستوں کو روکنے کے ساتھ ساتھ نفخ و ریاح کی اذیت سے بچاتا ہے۔ سنگرہنی میں بھی مستعمل ہے۔

## سفوف ہاضم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اجوائن دیسی 250 گرام۔ حرمل 250 گرام۔ کلونجی 250 گرام۔ نمک سیاہ 150 گرام۔ ٹھیکری نوشادر 150 گرام۔ تمام اشیاء کو گرد و غبار سے مبرا کر کے سفوف کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** 2 - 2 گرام صبح، دوپہر اور شام بعد از غذا ہمراہ پانی۔

**فوائد:** ہاضم مقوی معدہ و کاسر ریاح ہے۔ بوجہ بادی منہ سے پانی بہنے کو روکتا ہے۔ قبض کشاء ہے۔

## معجون سعال

**اجزاء وترکیب ساخت:** پپلا مول 50 گرام۔ کاکڑا سینگی 50 گرام۔ زنجبیل 50 گرام۔ شکر تیغال 50 گرام۔ شہد 600 گرام۔ تمام ادویہ کو باریک کوٹ لیں اور شہد کو ہلکی آنچ پر رکھ کر گرم کریں جب شہد گرم ہو جائے تو اتار کر ادویہ کا سفوف تھوڑا تھوڑا کر کے یکجان کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** 5 گرام صبح، دوپہر اور شام بعد از غذا چٹائیں۔



**فوائد:** کھانسی خصوصاً بلغمی کے لیے اکسیر ہے۔ پھیپھڑوں کی نالیوں میں بلغم کے جم جانے کے باعث ضیق النفس کے عارضے کو رفع کرتی ہے۔ بوجہ سردی، سرد اشیاء کے کثرت استعمال سے لاحق ہونے والی کھانسی میں مفید ہے۔ پھیپھڑوں کی کمزوری، سل (ٹی، بی) سے شفایابی کے بعد اکثر و بیشتر لاحق ہو جانے والی کھانسی کے مریضوں کے لیے نافع ہے۔ کالی کھانسی میں بھی مستعمل ہے۔

## اکسیر مدر حیض

**اجزاء وترکیب ساخت:** بادیان 25 گرام۔ سوئے 25 گرام۔ چھوہارے 10 عدد۔ گڑ 120 گرام۔ دودھ 1/2 لٹر۔ بادیان اور سوئے کو گرد و غبار سے دور کر لیں۔ چھوہاروں کی گٹھلیاں الگ کر لیں۔ مذکورہ بالا تمام اشیاء کو دودھ میں پکا لیں۔

**طریقہ استعمال:۔** چھان کر کھانے کے چار گھنٹے بعد مذکورہ دوا کو نیم گرم رات کو سوتے وقت پلائیں۔

**فوائد:۔** مدر حیض۔ کاسر ریاح اور دافع قبض ہے۔ مقوی بدن و اعصاب ہے۔

## روشنی

**اجزاء وترکیب ساخت:** افنتین 10 گرام۔ گڑمار بوٹی 10 گرام۔ گل سرخ 10 گرام۔ بادیان 10 گرام۔ امرت دھارا ایک قطرہ۔ تمام مفرد ادویہ کو 375 ملی لٹر پانی میں جوش دیں، جب پانی 250 ملی لٹر رہ جائے تو اتار لیں اور فلٹر کر کے ٹھنڈا ہونے پر بوتل میں ڈال لیں۔ بوتل کے اندر ایک قطرہ امرت دھارے کا ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ڈراپر میں ڈال کر ٹھنڈا کر کے دن میں چار مرتبہ آنکھوں میں ڈالیں۔

**فوائد:۔** آنکھوں کی خارش، جلن میں مفید ہے۔ آشوب چشم میں مستعمل ہے۔ آنکھوں سے پیپ آنے کے لیے اکسیر ہے۔

**احتیاط:۔** مذکورہ بالا نسخہ کو تیار کرنے کے بعد فریج میں رکھیں اور ایک ہفتہ تک استعمال کیا جائے۔ ایک ہفتہ کے بعد دوبارہ نیا تیار کیا جائے۔

## معجون مقوی دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ خشخاش سفید ہر ایک ۳۰ گرام۔ اسطخودوس ۱۰ گرام۔ کشنیز مقشر ۲۰ گرام۔ مغز بادام ۵۰ گرام۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز نارجیل ہر ایک ۶۰ گرام۔ ورق نقرہ پچاس عدد۔ قند سفید ایک کلو۔ تربھلہ کو

روغن بادام سے چرب کریں اور بقیہ ادویہ کے ساتھ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ قند سفید کا قوام درست کے بطریق معروف معجون تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ گرام سے نو گرام تک ہمراہ شیر۔

**فوائد:** زبردست مقوی دماغ ہے۔ ضعف بصر۔ نسیان۔ سدر و دوار۔ کم خوابی یا بے خوابی کا انتہائی مفید و موثر غذائی مجربات میں سے ہے۔

## برائے نسیان

**اجزاء وترکیب ساخت:** زنجبیل۔ دار فلفل۔ مالکنگنی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ قرفہ ۴۰ گرام باریک پیس کر روغن گاؤ میں چرب کر کے دوگنا شہد میں معجون بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ ماشہ روزانہ دودھ کے ہمراہ۔

**فوائد:** ضعف حافظہ یعنی نسیان کے لیے سہل الحصول قلیل الاجزاء بے ضرر مجرب نسخہ ہے۔

## تریاق معدہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** دار چینی۔ فلفل سیاہ۔ اجوائن۔ زنجبیل۔ نمک دیسی۔ زیرہ سفید۔ قلمی شورہ۔ دار فلفل۔ انار دانہ۔ سہاگہ بریاں۔ نمک لاہوری ہر ۱۰ گرام۔ ترپھلہ۔ پودینہ ہر ایک ۳۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد۔ نوشادر ہر ایک ۱۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام بعد از غذا۔ **فوائد:** جملہ امراض معدہ کا شافی علاج ہے۔

## اکسیر جگر

**اجزاء وترکیب ساخت:** ست گلو۔ قلمی شورہ ہر ۱۰ گرام۔ افسنتین۔ نوشادر۔ ریوند خطائی ہر ایک چھ گرام۔ فیری ایٹ۔ کونین سائٹراس تین گرام۔ کشتہ فولاد تین گرام۔ سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک مرض کی نوعیت اور مریض کی حالت کے مطابق ہمراہ شربت بزوری ۳۰ گرام یا عرق مکو ۵۰ گرام۔ عرق کاسنی ۵۰ گرام کے ہمراہ دیں۔

**فوائد:** جملہ امراض جگر میں مفید و موثر ہے۔

## برائے طحال

**اجزاء وترکیب ساخت:** سہاگہ۔ نوشادر۔ ایلوا۔ قلمی شورہ۔ جملہ ادویہ ہموزن کر کے سرکہ انگوری اصلی ہموزن میں کھرل کر کے حبوب نخود دی تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان یا عرق مکو یا عرق بادیان یا سرکہ انگوری ۱۰ گرام میں پانی ملا کر دیں۔



**فوائد:** عظم طحال و صلابت طحال میں مفید و موثر ہے۔

## حب بواسیر

**اجزاء وترکیب ساخت:** مغز تخم نیم چھ گرام۔ رسوت چھ گرام۔ مویز منقیٰ چھ گرام۔ ناگیسر نو گرام۔ کافور تین گرام۔ تمام اجزاء کو سحق کر کے حبوب بقدر نخود تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق بادیان۔

**فوائد:** بواسیر خونی و بادی میں مفید ہیں۔

## حب اعلیٰ

**اجزاء وترکیب ساخت:** میٹھا تیلیا مدبر 12 گرام۔ مرچ سیاہ 12 گرام۔ تخم خرما سوختہ 12 گرام۔ مصبر 12 گرام۔ تخم اسپند 12 گرام۔ تمام ادویہ کو خوب پیس کر آب ادرک کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح دوپہر اور شام دیں۔

**فوائد:** جوڑوں کے درد، نقرس اور گنٹھیا جیسے موذی مرض کے لیے اکسیر ہے۔

## منی کے پتلا پن کے لیے

**اجزاء وترکیب ساخت:** اونٹ کٹارہ کی جڑ 12 گرام۔ کوکھرو 12 گرام۔ پیپل کی جڑ اور پھول 12 گرام۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام 12 گرام دودھ کے ساتھ استعمال کروائیں۔

## کرم منی

**اجزاء وترکیب ساخت:** نرلی عمدہ 60 گرام۔ نغدہ برگ بکائن 1 کلو کے درمیان دے کر 10 کلو جنگلی اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نرلی کا وزن کریں۔ سفوف بنا کر اس کے مساوی وزن بیج بدھارا۔ موصلی سنبھل۔ تالمکھانہ بریاں اور مصطگی رومی ہر ایک نرلی کے مساوی وزن کر کے سفوف بنالیں۔ تمام دوا کے وزن کے مساوی کوزہ مصری یا ثعلب مصری ملا کر سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** 6 گرام صبح نہار منہ اور رات کو نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ رات سوتے وقت اطریفل زمانی 9 گرام استعمال کروائیں۔

**فوائد:** منی غلیظ ہو کر دہی کی مانند ہو جاتی ہے۔ کرم مضبوط اور کمزور طاقتور ہو جاتے ہیں۔ کافی عرصہ کے استعمال سے کرم ہائے منی از سر نو پیدا ہوں گے، مجرب ہے۔

## قلت منی کے لیے

**اجزاء وترکیب ساخت:** جاوتری 36 گرام۔ لونگ 36 گرام۔ زعفران 36 گرام۔ ریگ ماہی نر 36 گرام۔ جند بیدستر 36 گرام۔ جائفل 18 گرام۔ سمندر سوکھ 18 گرام۔ جڑپان 18 گرام۔ کشتہ نقرہ 9 گرام۔ زہرمہرہ 3 گرام۔ کستوری 3 گرام۔ کستوری زعفران وکشتہ نقرہ کو عرق گلاب میں کھرل کرکے حل کریں۔ باقی ادویہ کو عرق پان 750 ملی لٹر میں حل کرکے خوب اچھی طرح کھرل کریں اور حبوب نخودی بنا کر اوپر ورق نقرہ چڑھا دیں۔

**ترکیب استعمال:** 1 تا 2 گولی رات کو ہمراہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ منی گاڑھا کرتی، کرم کی پیداوار میں اضافہ کرتی، مقوی اعصاب واعضائے رئیسہ ہے۔

## حب بانجھ مردانہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** موچرس 36 گرام۔ جائفل 12 گرام۔ لونگ 12 گرام۔ زعفران 3 گرام۔ عنبر اشہب 2 گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر کسی چینی کے برتن (پیالہ) وغیرہ میں ڈال دیں اور اس میں شیر برگد اس قدر ڈالیں کہ تمام ادویات سے 2 انگلی اوپر رہے۔ جب یہ دودھ خشک ہوجائے تو اس میں دوبارہ دودھ ڈال دیں۔ اس عمل کو تین مرتبہ دہرائیں۔ جب تیسری مرتبہ دودھ خشک ہوجائے پھر اس میں قدر شیر برگد ڈالیں کہ گولیاں بن سکیں۔ حبوب نخودی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام استعمال کریں، مجرب ہے۔ جملہ امراض بانجھ پن کے علاوہ مردانہ کمزوری میں لاجواب ہے۔

## مغلظ منی مجرب

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سفید 24 گرام۔ موصلی سیاہ 24 گرام۔ بہمن سرخ 24 گرام۔ بہمن سفید 24 گرام۔ مصطگی رومی 24 گرام۔ ثعلب دانہ 24 گرام۔ ثعلب مصری 24 گرام۔ عاقر قرحا 24 گرام۔ ہرڑ سیاہ 24 گرام۔ پوست ہلیلہ زرد 24 گرام۔ گوند کیکر 24 گرام۔ گوند کتیرا 24 گرام۔ موچرس 24 گرام۔ ستاور 24 گرام۔ سلاجیت 24 گرام۔ کشتہ فولاد 24 گرام۔ اجوائن خراسانی 24 گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** 6 گرام ہمراہ شیر تازہ سے 41 یوم استعمال کروائیں۔

**فوائد:** جریان۔ احتلام۔ مغلظ منی کے علاوہ جراثیم پیدا بھی کرتا ہے۔



## سفوف جمیلی

**اجزاء وترکیب ساخت:** اسگند ۲۰ گرام۔ خولنجاں ۲۰ گرام۔ اندر جو شیریں ۲۰ گرام۔ زنجبیل ۲۰ گرام۔ بادام شیریں ۴۰ گرام۔ پستہ ۴۰ گرام۔ مصری ۱۶۰ گرام۔ تمام ادویہ سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام ہمراہ دودھ روزانہ۔

**فوائد:** یہ سفوف تمام امراض باہ بشمول ضعف باہ کیلئے مجرب ہے۔ جریان واحتلام۔ سرعت۔ کمزوری۔ کمردرد کیلئے ایک غذائی ٹانک جو سہل الحصول قلیل الاجزاء انتہائی موثر نسخہ ہے اس کے ایک ڈیڑھ ماہ کے استعمال سے کرم حیات کی افزائش بھی بڑھ جاتی ہے۔

## جریانی (کیپسول)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** عقرقرحا ۱۰ گرام۔ اجوائن خراسانی ۱۰ گرام۔ تمر ہندی کلاں ۱۰ گرام۔ گُڑ ۶۰ گرام۔ ادویہ کا سفوف بنا کر گڑ شامل کرکے 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں یا آدھا گرام کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی یا کیپسول (مقدار ایک گرام) روزانہ ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** جریان۔ احتلام۔ سرعت وامساک کیلئے آسان ترین مجرب نسخہ ہے۔ وقت خاص سے پہلے ایک گھنٹہ دو کیپسول ہمراہ دودھ۔

## طلائے اعظم

**: اجزاء وترکیب ساخت:** روغن جمالگوٹہ ۱۰ گرام۔ روغن بیر بہوٹی ۲۰ گرام۔ روغن دارچینی ۲۰ گرام۔ روغن لونگ ۲۰ گرام۔ روغن سانڈہ ۲۰ گرام۔ روغن جائفل ۲۰ گرام۔ روغن بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ بطریق معروف طلاء تیار کریں۔ اور حسب دستور استعمال کریں۔

**فوائد:** تمام بیرونی عوارضات کے لیے مجرب ہے۔ کجی۔ کوتاہی اور لاغری کیلئے بے ضرر طلاء ہے۔

## سفوف مغلظ

**اجزاء وترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ طباشیر۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو۔ ثعلب مصری مساوی الوزن کوزہ مصری مساوی الاجزاء سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** چار گرام صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** مغلظ ہے۔ قلت منی۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت کیلئے مفید ہے۔

## حب خاص مشکی

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشتہ فولاد۔ کشتہ طلاء۔ کچلہ مدبر۔ جدوار۔ جند بیدستر۔ بہمن سفید۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ زعفران اصلی (کل نو اجزاء) تمام مساوی الوزن رس پان میں کھرل کرکے دانہ مونگ کے برابر حبوب تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو گولی روزانہ بعد از غذا صبح شام حسب برداشت۔

**فوائد:** یہ نسخہ مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل دہلوی مرحوم ومغفور کا ہے۔ انتہاء درجہ کا مقوی اعضائے رئیسہ ومقوی باہ ہے۔ ایک بیش قیمت جنرل ٹانک ہے۔

## حب جواھر :

**اجزاء وترکیب ساخت:** مروارید۔ ورق نقرہ ہر ایک تین گرام۔ بیخ مرجان ڈھائی گرام۔ یشب سبز۔ عقیق سرخ ہر ایک ڈیڑھ گرام۔ نارجیل دریائی۔ زعفران ہر ایک ایک گرام۔ زہر مہرہ خطائی ساڑھے تین گرام۔ یاقوت سرخ۔ یاقوت سبز۔ فیروزہ ہر ایک دو گرام۔ عرق گلاب خالص ایک پاؤ۔ جملہ ادویہ کو عرق گلاب میں کھرل کریں حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہوجائے۔ حبوب بقدر دانہ نخود تیار کرلیں۔

**مقدار خوراک:** ایک گولی دواء المسک معتدل جواہر دار تین ماشہ کے ہمراہ۔

**فوائد:** مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

## شربت برائے امراض جگر :

**اجزاء وترکیب ساخت:** بادیان یک صد پچیس گرام۔ پودینہ دیسی یک صد پچیس گرام۔ مکوہ دوصد پچاس گرام۔ آلو بخارا پانچ صد گرام۔ املی پانچ صد گرام۔ بنفشہ یک صد پچیس گرام۔ افسنتین دوصد پچاس گرام۔ تخم کاسنی دوصد پچاس گرام۔ زرشک دوصد پچاس گرام۔ پوست ترنج پانچ صد گرام۔ پوست لیموں پانچ صد گرام۔ ملٹھی پانچ صد گرام۔ منقیٰ پانچ صد گرام۔ نوشادر ٹھیکری پانچ صد گرام۔ تمام ادویہ کو بیس کلو پانی میں بھگودیں۔ صبح ابال لیں جب نصف رہ جائے تو پچیس کلو چینی اضافہ کرکے بطریق معروف شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** بارہ گرام (ایک تولہ) صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** ہر قسم کے یرقان میں مفید ہے۔ ضعف جگر۔ ضعف معدہ۔ ورم اور قبض کیلئے مؤثر ہے۔ تجربہ کار طبیب بہت سے امراض جگر ومعدہ میں استعمال کرواسکتا ہے۔ ہمارے مطب کا خاص نسخہ ہے۔



## برائے درد گردہ

**اجزاء وترکیب ساخت:** قلمی شورہ۔ سوڈا بائیکارب۔ نوشادر ٹھیکری۔ پھٹکڑی سفید ہر ایک دس گرام۔ نمک مولی پانچ گرام۔ کشتہ حجر الیہود ایک گرام سفوف بنالیں۔

**مقدار خوراک:** ایک سے دو گرام تک ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ۔

**فوائد:** درد گردہ کیلئے سریع الاثر بےضرر موثر نسخہ ہے۔

## برائے نزلہ وزکام

**اجزاء وترکیب ساخت:** گل بنفشہ بیس گرام۔ بیخ سوسن بیس گرام۔ کاکڑا سنگی بیس گرام۔ سپستان نیم کوفتہ بیس گرام۔ اصل السوس کوفتہ دس گرام۔ کوکنار کوفتہ دس گرام۔ تمام ادویہ رات بھر ایک کلو پانی میں بھگودیں۔ صبح جوش دے کر نصف رہ جانے پر مل چھان کر ایک کلو چینی ملا کر شربت تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام صبح وشام ہمراہ آب نیم گرم۔

**فوائد:** نزلہ زکام کھانسی آنکھوں سے پانی آنا موسمی وو بائی نزلہ میں مفید ہے۔

## شربت حابس

**اجزاء وترکیب ساخت:** صندل سفید دس گرام۔ صندل سرخ دس گرام۔ اقاقیا دس گرام۔ بیخ انجبار بیس گرام۔ حب الاس یک صد گرام۔ رات کو ایک لٹر نیم گرم پانی میں بھگودیں۔ صبح جوش دیں نصف رہ جائے تو ایک کلو چینی اضافہ کرکے قوام درست کریں۔

**ترکیب استعمال:** دو چمچے صبح وشام بچوں کو بمطابق عمر یہ شربت حاملہ خواتین کو بھی دے سکتے ہیں۔

**فوائد:** ہر قسم کے اسہال کو بند کرتا ہے۔ آنتوں سے جریان خون میں مفید ہے۔ پرانی پیچش کیلئے مفید اور بےضرر نسخہ ہے۔

## برائے جگر

**اجزاء وترکیب ساخت:** فلفل سیاہ یک صد گرام۔ فلفل دراز یک صد گرام۔ مجیٹھ پچاس گرام۔ برادہ آہن یک صد گرام۔ مصری آدھا کلو تمام ادویہ کوٹ کر ایک بڑے تربوز میں سے ٹکڑا کاٹ کر بھر دیں اور کٹا ہوا ٹکڑا دوبارہ لگا کر اوپر ٹیپ سے بند کرکے گیہوں میں رکھ دیں۔ چودہ دن کے بعد نکال لیں اور تمام پانی چھان کر بوتلوں میں بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** ضعف کبد۔ خون کی کمی کے علاوہ تمام امراض جگر میں انتہائی مؤثر ہے۔

## برائے حمیات

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زہر مہرہ تین گرام۔ بنسلوچن تین گرام۔ ست گلو تین گرام۔ دانہ الائچی خورد تین گرام۔ کشمنز خشک ڈیڑھ گرام۔ کشتہ گؤدنتی (برگ نیم والا) دو گرام۔ مصری کوزہ آٹھ گرام۔ سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** تین گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** صفراوی و بلغمی بخاروں میں مفید ہے۔

## تریاق بخار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سم الفار ایک حصہ، افسنتین ۳ حصے۔ اوّل سم الفار چار گھنٹے کھرل کریں۔ پھر افسنتین پیس کر تھوڑا تھوڑا کر کے سم الفار میں ملالیں، بس تریاق بخاری تیار ہے۔ ڈھائی گرین کے کیپسول بھر کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** جب بخار اُتر گیا ہو تو کیپسول کھلادیں۔ روزانہ دو کیپسول صبح و شام کھلائیں۔ اُمید ہے کہ پہلے دن ہی بخار ختم ہوجائے گا۔ ورنہ دوسرے دن نہیں ہوگا۔

## اکسیر جریان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** موصلی سفید 12 گرام۔ بہی دانہ 60 گرام۔ لسوڑیاں 60 گرام۔ کچا بیر (سایہ میں خشک کردہ) 120 گرام۔ کوزہ مصری 60 گرام۔ تمام ادویہ کو پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح دوپہر اور شام 1 تا 2 گرام ہمراہ دودھ کھلائیں۔

**فوائد:** جریان، سرعت انزال و قوت باہ کے لیے اکسیر ہے۔

## سفوف دافع جریان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ستاور 12 گرام۔ سمندر سوکھ 12 گرام۔ کشتہ سنگ جراحت 12 گرام۔ کہربا شمعی 12 گرام۔ مغز تمر ہندی 12 گرام۔ کوزہ مصری 60 گرام۔ تمام ادویات کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** 6 گرام صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ۔

**پرہیز:** قابض اور دیر ہضم چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

**فوائد:** سرعت انزال، احتلام اور جریان کی ایک خاص دوا ہے۔ مادہ خواہ پانی کی طرح رقیق



ہو اس کے استعمال سے چند روز میں غلیظ ہو جاتا ہے۔

## معجون ثنائی جواہر دار

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مصطگی رومی 6 گرام۔ گوند ببول 6 گرام۔ [illegible] 6 گرام۔ الائچی خورد 6 گرام۔ دارچینی 6 گرام۔ گوند کتیرا 6 گرام۔ [illegible] مرجان 3 گرام۔ شہد 180 گرام۔ مصری 180 گرام۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد و مصری کے قوام میں شامل کر کے معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** 12 گرام صبح کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کروائیں۔

**فوائد:** مقوی باہ اور مغلظ منی ہے۔ جریان کے لیے اکسیر اور سرعت انزال کے لیے مفید ہے۔

## سفوف مغلظ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** صمغ عربی پچاس گرام۔ گل اسوں یکصد گرام۔ کشنیز یک صد گرام۔ سمندر سوکھ یک صد گرام۔ مصری تین صد پچاس گرام۔ املتاس کو [illegible] کرلیں اور سمندر سوکھ کو کسی سوتی کپڑے میں ڈال کر کپڑے کو دونوں طرف سے کھینچ کر سمندر سوکھ کو رگڑ لیں تاکہ گرد و غبار نیچے آجائے تمام ادویہ کو باریک کر کے یکجان کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** جریان و کثرت احتلام میں بالخصوص مفید و مؤثر ہے۔ پیشاب کی جلن میں مفید ہے۔ کثرت تیزابیت معدہ کی بنا پر سینہ کی جلن کے لیے نافع ہے۔ مغلظ مادۂ حیات ہے۔ کثرت اسہال سے آنتوں میں ہونے والی خراش کو رفع کرنے کے ساتھ ساتھ دستوں کو کم کرتا ہے۔ عورتوں کے مرض سیلان الرحم میں مستعمل اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔

## معجون حیات

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تالمکھانہ پندرہ گرام۔ بیج بند پندرہ گرام۔ تخم اوٹنگن تیس گرام۔ ثعلب مصری تیس گرام۔ شقاقل مصری تیس گرام۔ موصلی سفید تیس گرام۔ موصلی سیاہ تیس گرام۔ پھول مکھانہ ساٹھ گرام۔ مغز نگسادا ساٹھ گرام۔ کرکس نوے گرام۔ قند سفید ایک ہزار دو صد گرام۔ تمام اشیاء سے گرد و غبار صاف کر کے سفوف بنالیں اور قند سفید میں آدھا وزن پانی ڈال کر قوام درست کریں اور حسب دستور شامل کر کے معجون تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** مغلظ و مولد مادہ حیات ہے۔ جریان و کثرت احتلام میں بالخصوص مفید ہے۔ مقوی

کمر دمقوی باہ ہے۔خواتین میں سیلان الرحم کے باعث کمر درد و کمزوری میں مفید ہے۔

## اکسیر خارش کیپسول

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ پوست بیرون بندق پچاس گرام۔گندھک آملہ سار پچاس گرام۔دونوں ادویہ سفوف بنا کر پانچصد ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول صبح وشام بعد از غذا ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:**۔ خارش پھوڑے پھنسی کے لیے مفید ہے۔الرجی کے لیے نافع ہے۔ورم غدہ قدامیہ کے باعث ہونے والی پیشاب کی رکاوٹ کو دور کرتا ہے۔ورم غدہ خلف الاذن میں مستعمل ہے۔محلل اورام ہونے کے باعث خناق کے لیے بھی مفید ہے۔

## ممسک بے نظیر

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ کشتہ قلعی چھ گرام۔کشتہ جست خوردنی 12 گرام۔مصطگی رومی اصلی 12 گرام۔اسطوخودوس مصفی 12 گرام۔سبز کاہی ولایتی 12 گرام کشتہ فولاد اعلیٰ 24 گرام۔خوب کلاں مصفی 12 گرام۔مویز منقیٰ بیس عدد۔شیر برگد 100 گرام۔تمام ادویہ کو باریک سفوف بنا کر شیر برگد میں بھگو دیں۔تیسرے دن مویز منقیٰ ملا کر خوب گھوٹ کر حبوب بقدر نخود تیار کر لیں اور اوپر ورق نقرہ چڑھا لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ایک گھنٹہ قبل ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**فوائد:** تمام نشآ ور اجزاء سے پاک قابل بھروسہ انتہائی مؤثر ممسک بے نظیر ہے۔مقوی اعصاب۔فالج۔لقوہ ودیگر بلغمی اور سرد امراض میں میرا معمول مطب نسخہ ہے۔

**نوٹ:**۔ فالج ولقوہ کے مریضوں کو ایک گولی روزانہ اور اعصابی کمزوری اعصابی دردوں میں آدھی گولی روزانہ دیں۔

## شنگرفی

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ شنگرف ۱۰ گرام۔گل مدار اکتالیس عدد۔عقرقرحا ۲۰ گرام۔کشتہ بارہ سنگھا ۱۰ گرام۔موصلی سفید ۱۰ گرام۔تخم حرمل ۱۰ گرام۔کچلہ مدبر ۱۰ گرام۔فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔اول شنگرف کو زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں جب باریک ہو جائے تو پھول مدار ڈال کر کھرل کریں اسی طرح روزانہ ایک پھول ڈال کر کھرل کرتے رہیں یہاں تک کہ اکتالیس دن پورے ہو جائیں بعد ازاں بقیہ ادویات کا سفوف شامل کر کے یکجان کر لیں اور بقدر 125 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔



**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول ہر پانچ دن کے بعد دیں اور ساتھ دودھ اور دیسی گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔

**فوائد:** تمام بلغمی امراض۔ریحی امراض اور مفاصلی امراض میں مجرب ہے۔محرک ومقوی باہ ہے۔**نوٹ:**۔گرم مزاج کو مضر ہے۔

## روغن خارش

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ روغن کنجد آدھا کلو۔برگ مدار پینتیس عدد۔کافور بیس گرام۔اول روغن کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور برگ مدار ایک ایک کر کے جلا لیں پھر تیل کو پُن کر پھوگ وغیرہ دور کر کے کافور حل کر لیں۔خارش پر ہلکا ہلکا لگائیں دو تین دن میں خارش دور ہو جائے گی۔

## قلت حیض کیپسول

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ تخم گاجر پچاس گرام۔تخم مولی پچاس گرام۔تخم سویا پچاس گرام۔بندال ڈوڈا پچیس گرام۔اسارون پچاس گرام۔پوٹاشیم پرمیگنیٹ بیس گرام۔تمام ادویہ سفوف بنا کر پانچصد ( 500 ملی گرام) کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح وشام ایام سے پانچ روز قبل شروع کروائیں اور ایام کے آغاز پر بند کر دیں۔

**فوائد:**۔ قلت حیض۔بندش حیض کے لیے مجرب ہے۔

**نوٹ:**۔ حاملہ کو ہرگز نہ دیں حمل ساقط ہوگا۔

## وجع المفاصل کیپسول

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ سورنجاں شیریں پچاس گرام۔سورنجاں تلخ پچیس گرام۔فلفل سیاہ پچیس گرام۔اسپرین پچاس گرام۔تخم حرمل پچاس گرام۔قسط شیریں پچاس گرام۔میٹھا سوڈا پچاس گرام تمام اجزاء سفوف بنا کر 500 ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:**۔ جوڑوں اور اعصابی دردوں کے علاوہ تمام بدن کے دردوں کے لیے مفید ومجرب ہے۔

## اکسیر یرقان

**اجزاء وترکیب ساخت:**۔ افسنتین پچاس گرام۔ریوند چینی پچاس گرام۔نوشادر ٹھیکری پچاس گرام۔جوکھار پچاس گرام۔زیرہ سفید پچاس گرام۔آملہ خشک پچاس گرام۔دانہ الائچی

بیس گرام۔ پتری فولاد پچاس گرام۔ فلفل سیاہ تیس گرام۔ تمام اجزاء کو صاف کر کے سفوف تیار کر لیں اور کسی ہوا بند شیشی میں محفوظ کریں۔ خیال رہے کہ یہ سفوف کھلا رہے تو نمی سے خراب ہو جاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:** تین گرام صبح و شام ہمراہ عرق سونف۔

**فوائد:۔** یرقان یعنی پیلیا کے لیے نہایت اعلیٰ مرکب ہے۔ ایک ہفتہ میں یرقان کا خاتمہ کرتا ہے۔ یرقان کے بعد ہونے والی کمزوری اور نظام ہضم کو درست کر کے بھوک لگاتا ہے۔ تبخیر معدہ۔ ضعف ہضم اور قبض میں بھی مفید و مجرب ہے۔

## معجون خاص زعفرانی

**اجزاء وترکیب ساخت:** ۔عقرقرحا پچاس گرام۔ سنڈھ پچاس گرام۔ قرنفل بیس گرام۔ جڑ پان پچاس گرام۔ دارچینی پچاس گرام۔ بداری کند پچاس گرام۔ مغز بنولہ پچاس گرام۔ گوند کندر تیس گرام۔ زعفران اصلی پانچ گرام۔ تخم گندنا تیس گرام۔ تمام اجزاء کا سفوف بنا کر بطریق معروف شہد یا قوام شکر میں معجون تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** نو گرام صبح و شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

**فوائد:** ۔تمام مردانہ امراض کا بے مثل علاج ہے۔ مقوی اعصاب اور ہارمون میں اضافہ کیلئے بہترین ٹانک ہے۔ مقوی۔ مغلظ اور محرک ہے۔ چالیس سال سے زائد اصحاب کیلئے تحفہ ہے۔ سرد امراض میں مفید ہے۔

## سفوف برائے ضعف دماغ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز بادام شیریں۔ مغز کشنیز۔ مغز بادیان۔ خشخاش سفید ہر ایک ساٹھ گرام۔ الائچی خورد چوبیس گرام۔ مغز کدو چوبیس گرام۔ کشتہ عقیق پانچ گرام۔ مصری کوزہ چھتیس گرام۔ جملہ ادویہ سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** چھ گرام بوقت شب ہمراہ شیر نیم گرم۔

**فوائد:** ضعف دماغ۔ ضعف بصارت اور نسیان کیلئے مفید ہے۔

## معجون برائے ضعف دماغ

**اجزاء وترکیب ساخت:** کندر۔ وج۔ سعد کوفی ہر ایک چھتیس گرام۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ ہر ایک چوبیس گرام۔ شہد خالص دو چند بطریق معروف معجون تیار کر لیں۔

**مقدار خوراک:** تین گرام صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان۔

**فوائد:** ضعف دماغ۔ نسیان۔ نزلہ وزکام کیلئے مفید ہے۔



## برائے جریان

**اجزاء وترکیب ساخت:** سبوس اسپغول پانچ گرام۔ کتیرا دو گرام۔ کشنیز دو گرام۔ خشخاش سفید دو گرام۔ مغز تخم تمر ہندی دو گرام۔ چینی حسب ذائقہ۔ جملہ ادویہ کا سفوف بنا کر چینی ملا کر دودھ میں جوش دے کر صبح و شام استعمال کریں۔

**ترکیب استعمال:** یہ ایک خوراک ہے۔ **فوائد:** جریان حار کیلئے مفید و مجرب ہے۔

## طلاء مقوی

**اجزاء وترکیب ساخت:** روغن سانڈہ ۱۰ گرام۔ روغن بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ بیر بہوٹی چھ ماشہ روغنیات ملا کر بیر بہوٹی ڈال کر آگ پر رکھیں جب بیر بہوٹی جل جائے اتار کر چھان لیں اور اس روغن میں زعفران جلوتری۔ لونگ۔ عقرقرحا۔ جائفل ہر ایک تین تین گرام ڈال کر اتنا کھرل کریں کہ تمام اجزاء معدوم ہو جائیں اور طلاء مرہم کی طرح بن جائے۔

**ترکیب استعمال:** بطریق معروف بطور طلاء استعمال کریں اور سرد پانی سے پرہیز رکھیں۔

**فوائد:** جملہ نقائص۔ کجی۔ کوتاہی۔ سستی۔ لاغری وغیرہ میں مفید ہے۔

## معجون زنجبیل

**اجزاء وترکیب ساخت:** جائفل پچیس گرام۔ دارچینی ۱۴۰ گرام۔ قرنفل ۱۴۰ گرام۔ زنجبیل ۲۸۰ گرام۔ الائچی خورد ۳۰۰ گرام۔ گوند ببول ۳۰۰ گرام۔ نشاستہ گندم ۲۷۰ گرام۔ زعفران پندرہ گرام۔ عرق گاؤزبان ساٹھ ملی لٹر۔ قوام شکر چار کلو ۴۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** پانچ گرام صبح و شام بعد از غذا۔

**فوائد:** تمام بلغمی امراض میں مفید ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ کمر درد اور عرق النساء میں بھی مفید ہے۔

## شربت صدر

**اجزاء وترکیب ساخت:** ابریشم مقرض پچاس گرام۔ اجوائن دیسی پچاس گرام۔ ملٹھی پچاس گرام۔ السی پچاس گرام۔ انجیر زرد پچاس گرام۔ بادیان پچاس گرام۔ برگ بانسہ پچاس گرام۔ برگ گاؤزبان پچاس گرام۔ برسیاؤشاں پچاس گرام۔ تخم خبازی پچاس گرام۔ زوفائے خشک پچاس گرام۔ سپستان پچاس گرام۔ عناب پچاس گرام۔ کوکنار پچاس گرام۔ گل گاؤزبان پچاس گرام۔ شکر سفید چار کلو۔ ست لیموں بارہ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** پچیس ملی لٹر ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لٹر میں ملا کر استعمال کریں۔

**فوائد:** نزلہ وزکام کے علاوہ سل ودق کی کھانسی میں انتہائی مفید ومجرب ہے۔

## مرہم خارش

**اجزاء وترکیب ساخت:** برگ حنا پچیس گرام۔ سفیدہ کاشغری پچیس گرام۔ سنگ جراحت پچیس گرام۔ کافور پچیس گرام۔ کتھا سفید پچیس گرام۔ کمیلہ پچیس گرام۔ گندھک آملہ سار پچاس گرام۔ مردار سنگ پچیس گرام۔ ویزلین سفید یکصد پچیس گرام۔ بطریق معروف مرہم تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** بیرونی طور پر خارش کے دانوں پر ملیں۔

**فوائد:** خارش خشک وتر کیلئے مفید ہے۔

## مصفی جدید

**اجزاء وترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار مدبر یکصد گرام۔ میٹھا سوڈا یکصد گرام۔ دونوں سفوف بنا کر باہم ملالیں۔ پانچصد ملی گرام (آدھا گرام) کے کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح وشام۔

**فوائد:** خون کو صاف کرتے ہیں۔ جملہ امراض جلد کھجلی۔ داد۔ پھوڑے پھنسی وغیرہ میں مفید ہیں۔

## معجون ثنائی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم ترب، تخم شلغم، تخم پیاز، زنجبیل، موصلی سیاہ، موصلی سفید، مگھاں، عقرقرحا، قرنفل، خولنجاں، دارچینی، بسباسہ، مغز جوز بوا، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، ہر ایک جزو پچاس گرام۔ شہد خالص دوگنا ملا کر حسب دستور معجون تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** دس گرام صبح وشام ہمراہ شیر نیم گرم۔

**فوائد:** تیس سال سے زائد عمر کے ضعف باہ کے مریضوں کے لیے مقوی اعصاب ہے بطور ٹانک روزانہ صرف ایک مرتبہ استعمال کریں پندرہ روز کے استعمال سے خصوصی فوائد ظاہر ہوتے ہیں۔

## سفوف جواہرات

**اجزاء وترکیب ساخت:** کشتہ مرجان جواہر دار چھ گرام۔ کشتہ زمرد تین گرام۔ کشتہ یاقوت اعلیٰ تین گرام۔ کشتہ یشب سبز تین گرام۔ کشتہ عقیق سرخ تین گرام۔ کشتہ مروارید تین گرام۔ کشتہ طلاء دو گرام۔ کشتہ نقرہ تین گرام۔ تمام کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار پانچ گرام میں ملا کر روزانہ



استعمال کریں۔

**فوائد:** پرانے نزلہ وزکام، امراض چشم، امراض کان، ضعف اعصاب میں مفید ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ ومقوی باہ ہے۔ عام جسمانی کمزوری میں از حد مفید مجرب ومعمول مطب ہے۔

## حبوب مقوی (ٹانک)

**اجزاء وترکیب ساخت:** سلاجیت پچاس گرام۔ کشتہ فولاد اعلیٰ چالیس گرام۔ کچلہ مدبر پچاس گرام۔ زعفران اعلیٰ دس گرام۔ فلفل سیاہ بیس گرام۔ تمام اجزاء کو بشکل غبار کرکے شہد خالص کی مدد سے ۲۵۰ ملی گرام کی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** مقوی اعضائے رئیسہ۔ مولد خون۔ دافع قبض۔ جریان واحتلام۔ ضعف ہضم۔ تھکاوٹ۔ سستی بدن۔ فالج ولقوہ میں مجرب ہیں۔

## حب جواہرات

**اجزاء وترکیب ساخت:** یاقوت سرخ تین گرام۔ مروارید ناسفتہ تین گرام۔ مشک خالص تین گرام۔ عنبر تین گرام۔ ورق نقرہ تین گرام۔ ورق طلاء ایک گرام۔ مرجان تین گرام۔ یشب تین گرام۔ عقیق تین گرام۔ زمرد تین گرام۔ مرجان۔ یشب۔ عقیق اور زمرد کو ہاون دستہ میں باریک پیس کر شیر مدار میں رات بھر بھگودیں۔ صبح کو گل حکمت کرکے بیس کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر علیحدہ رکھیں۔ یاقوت اور مروارید کو الگ کھرل کریں پھر سب اجزاء کو یکجا کرکے عرق بید مشک و عرق گلاب و عرق کیوڑہ ہر ایک پچاس گرام میں کھرل کریں خشک ہونے پر دانہ باجرہ کے برابر حبوب تیار کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح بالائی یا مسکہ یا حلوا یا پیڑا میں ملا کر استعمال کریں۔

**فوائد:** جملہ اعضائے رئیسہ وشریفہ، ضعف اعصاب، ضعف باہ میں مجرب ہے۔ منعش، حرارت غریزی ہیں۔ جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہیں۔

## مقوی معدہ وامعاء وکاسر ریاح

**ھوالشافی:** زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، نمک سیندھا، ست لیموں، سہاگہ بریاں، نوشادر ٹھیکری، تنتڑی، ترپھلہ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ بادیاں، کشنیز خشک۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ انار دانہ ۶ گرام۔ ست پودینہ ۳ گرام۔ ست پودینہ اور ست لیموں کے علاوہ جملہ ادویہ باریک کرکے آخر میں دونوں ست باریک کرکے شامل کرلئے جائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲-۲ گرام صبح وشام آب سادہ بعد از غذا۔

## دائمی نزلہ وزکام کا بہترین علاج

**ھوالشافی:** مرکی، میعہ سائلہ۔ ہر واحد ۶-۶ گرام۔ افیون (۱گرام) ست ملٹھی ۳ گرام۔ سلاجیت ۲ گرام۔ جملہ ادویہ باریک کر کے ہمراہ عرق گلاب جوار کے دانہ برابر گولیاں بنالیں۔ افیون کو اولاً عرق گلاب میں حل کر لیا جائے۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک گولی ہمراہ آب سادہ۔ اس سے پورا فائدہ نہ ہوتو روزانہ دو گولی ہفتہ عشرہ کے بعد کچھ دن ناغہ کرایا جائے آپ کے لئے موجب شفاء ثابت ہوگی۔

**پرہیز:** لال مرچ، مرغن غذاء، چاول، بڑا گوشت، اور تیز برف وغیرہ سے۔ ورزش ان امراض کا علاج ہے۔

## محافظ اسقاط حمل

**ھوالشافی:** اقاقیا، زراوند مدحرج، ثعلب مصری، طباشیر، صمغ عربی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** بعد از چار ماہ استقرار حمل شروع کریں۔ اول ماہ میں تین روز۔ ایک ماہ کے کل چھ دن۔ تا آٹھ ماہ اسی طرح استعمال کریں اور پھر بند کر دیں۔

(اقاقیا رس کیکر کو خود تیار کریں وضع حمل کے بعد عورت کو چھ ماہ تک یومیہ کھلائیں۔ صبح وشام۔ انشاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔

## معجون صداع

**ھوالشافی:** (سونف، مغز بادام) ۔۱۰۰ گرام۔ مغز پستہ، مغز کشنیز، اسطوخودوس۔ ہر واحد ۵۰-۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ شہد ۱۰۰۸ گرام۔ ترکیب تیاری: ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر با ملالیں۔ اور بطریق مشہور معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح وشام نہار منہ دودھ سے۔

**فوائد:** یہ معجون نہایت مقوی دماغ واعصاب ہے۔

## سفوف ٹھنڈک

**ھوالشافی:** تخم خرفہ مصفی ۲۵۰ گرام۔ نبات سفید ۱۲۵ گرام۔ طباشیر اصلی ۴۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۳ گرام۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد۔ پہلی چار ادویات کا سفوف بنا کر بعد میں ورق نقرہ ملائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہمراہ دودھ، شربت صندل یا بزوری بارد سے۔



## حبوب خفقان

**ھوالشافی:** طباشیر نقرہ ۳ گرام، ورق نقرہ ۱۵ عدد، مروارید ناسفتہ ۱ گرام، روح کیوڑہ ۱۰۰ گرام۔ روح کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں اور حب بقدر دانہ مسور تیار کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دن میں تین دفعہ ہمراہ روح کیوڑہ وعرق بید مشک۔

## سفوف جملہ امراض معدہ

**ھوالشافی:** زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، الائچی خورد، پودینہ دیسی، تج پتر، زیرہ سیاہ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ نمک سیاہ ۷۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۱۲ گرام۔ ست لیموں ۶ گرام۔ سوائے سوڈا بائیکارب اور ست لیموں کے تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملائیں بعدہٗ سوڈے اور ست لیموں کو ملا کر یک جان کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام ہمراہ آب تازہ سے۔

## سفوف ھاضوم

**ھوالشافی:** سنڈھ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، نوشادر ٹھیکری۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ پودینہ ۲۰ گرام۔ گندھک آملہ سار، میٹھا سوڈا، ریوند خطائی، سونف۔ ہر واحد ۴۰ گرام۔ نمک خوردنی ۸۰ گرام۔ ترکیب تیاری: ان سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۴ رتی تا ۱ گرام ہمراہ آب تازہ دن میں تین چار دفعہ۔

## کمزوری گردہ

یہ معجون گردہ کو مظبوط کرتی ہے۔

**ھوالشافی:** ناریل، مغز فندق، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز بادام۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ ان سب کا سفوف بنا کر ۲۰۰ گرام شہد میں معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۰ گرام صبح نہار منہ اوپر سے ایک پاؤ نیم گرم دودھ پی لیں۔

## ڈایا بیٹک پاؤڈر

**ھوالشافی:** ستاورہ ۴۰ گرام۔ الائچی خورد ۳۰ گرام۔ جائفل ۲۰ گرام۔ دارچینی ۱۰ گرام ان سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا دودھ سے۔

## سفوف اندری

**ھوالشافی:** قلمی شورہ، کباب چینی، زیرہ سفید، ریوند چینی، دانہ الائچی خورد، جوکھار ولایتی ۔ ہر واحد ۵۰ گرام ۔ قند سفید ۲۰۰ گرام ۔ ترکیب تیاری: سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح دوپہر و شام ہمراہ لسی سے۔

## سفوف دلبیرنا

**ھوالشافی:** تخم کونچ، چھلکا، تالمکھانہ۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ مصری کوزہ ۱۵۰ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام ہمراہ شیر جوشیدہ دن میں دو دفعہ۔

## اکسیر احتلام

**ھوالشافی:** اجوائن خراسانی، گوند کتیرا، مغز کشنیز، چھلکا اسبغول۔ ہر واحد ۲۰ گرام نبات سفید دانے دار ۸۰ گرام۔ ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ سفوف بنا کر باہم ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام دودھ سے سوتے وقت۔

## حب اکسیر احتلام

**ھوالشافی:** مغز تخم ریٹھہ، مصری کوزہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ پانی کی آمیزش سے حب بقدر دانہ نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح و شام آب یا دودھ سے۔

## حب نایاب

**ھوالشافی:** حب الغراب مدبر در آب ادرک (کچلہ) سلاجیت، کشتہ فولاد۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ فلفل اسود ۱۰ گرام۔ زاعفران ۶ گرام۔ سب کو باریک پیس کر باہم ملا کر حب بقدر رتی بنائیں

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گولی بوقت شب ہمراہ شیر نیمگرم شیریں پاؤ تا نیم سیر سے۔

## سفوف مغلظ منی

**ھوالشافی:** گوند ڈھاک، گوند کیکر، پھلی کیکر، چھال کیکر، موصلی سفید، موصلی سیاہ، بیج سنبل، تال مکھانہ، بہمن سرخ، بہمن سفید۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ نبات سفید دانے دار ۱۰۰ گرام۔ ان سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ سے۔



## حیض کشاء ومعین حمل

**ھوالشافی:** مرمکی، نوشادر۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ پانی کی مدد سے حب بقدر رتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ سے کھلاتے رہیں بندش پر نزدیکی کریں انشاء اللہ حمل قرار پاوے گا۔

## حب کراماتی

یہ گولیاں نزلہ زکام، بخار و کھانسی اور دردوں میں عجب پُر تاثیر ہیں۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر در آب ادرک ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ، سونٹھ، مگھاں، سہاگہ بریاں، دارچینی۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ سب ادویہ کا سفوف بنا کر شہد یا مویز منقی میں حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی ہمراہ شیر یا آب تازہ سے بہتر دودھ ہے۔ اگر گولیاں نہ بنانی ہوں تو سفوف ہی رہنے دیں۔ کیپسول میں ۲ تا ۴ رتی تک دیں۔

## حب وجع المفاصل

**ھوالشافی:** سنکھیا سفید ۶ گرام۔ کٹائی خورد کا پانی ۲۵۰ گرام۔ پانی بذریعہ کھرل ختم کریں اور حب بقدر دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** روزانہ ایک گولی مسکہ میں لپیٹ کر نگل لیا کریں گھی کا استعمال زیادہ۔ ہفتہ عشرہ استعمال کریں۔

## حب نایاب

یہ نسخہ ممسک ومقوی اعصاب ہے۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر در آب ادرک، مغز بادام، مویز منقی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گولی بوقت شب شیر نیمگرم شیریں سے۔

## روغن اوجاع

**ھوالشافی:** روغن تارامیرا، روغن تارپین، روغن سرسوں۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ گندھک ڈنڈہ ۳ گرام۔ سب ادویات کو ملا کر کوئلوں کی نرم آگ پر رکھیں جب خوب گرم ہو جائے تو چٹکی چٹکی سفوف گندھک ملاتے رہیں جب مرکب کا قوام شہد کے برابر ہو جائے تو اتار لیں۔ (صرف بیرونی استعمال کے لئے استعمال کریں۔

**نوٹ:** آگ نرم کوئلوں کی ہی ہونی چاہیے ورنہ آگ بھڑک کر تیل ضائع ہو جائے گا۔

## مرہم زخم مندمل

**ھوالشافی:** روغن کنجد ۱۲۵ گرام۔ پسی ہوئی رائی ۲۵ گرام۔ سندور ۳ گرام۔ زنگار ۱ گرام۔ ترکیب تیاری: سب کو آپس میں ملا کر اس قدر گرم کریں کہ لیسدار مرہم بن جائے کپڑے کے پھاہے لگایا کریں۔

## حبوب مصفی خون

**ھوالشافی:** کتھ، ریوند چینی، رسوت، چاکسو، زر چکور۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ ترکیب تیاری سب کو باریک پیس کر شہد اور پانی کی مدد سے حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ سے۔

**پرہیز:** نمک کم کھائیں مرچ اور تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے بھی پرہیز لازم ہے۔

## کشتہ گانو دنتی برائے بخار

**ھوالشافی:** گاؤدنتی سفید اعلیٰ قسم 250 گرام لیکر (اسگندھ ناگوری) کے نغدہ میں ملفوف کر کے ۲۰ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ دوسری دفعہ پھر کریں۔ کشتہ گاؤدنتی اکسیری تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** 125 ملی گرام تا 500 ملی گرام بدرقہ مناسبہ سے۔

## سفوف بیلگری

سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔

**ھوالشافی:** کچور، شب یمانی، بیل گری، گل دھاوا، زیرہ سفید، مازو، ھلیلہ پاری۔ ہر واحد ۱۰۰ گرام سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام ہمراہ آب تازہ۔

## سفوف اعصاب

**ھوالشافی:** اسگندھ ناگوری، زنجبیل۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ پپلا مول، سورنجاں شیریں، اذراقی ۔ برور آب اورک ہر واحد ۱۰ گرام۔ سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح و شام ہمراہ دودھ سے۔

## نسخہ منجن

**ھوالشافی:** ناگرموتھا، گل سرخ، گل انار، کندر، مر، ہلیلہ سیاہ، مازو، پوست انار، بزرالبنج، اجوائن راسانی، برادہ عاج سوختہ، شاخ گوزن، شب یمانی۔ سب برابر وزن لیکر منجن تیار کریں۔



## کشتہ بارہ سنگھا

**ھوالشافی:** بارہ سنگھا ۵۰ گرام لیکر مٹی کے برتن میں ڈالو اور اس میں آک کا دودھ اتنا ڈالو کہ وہ ڈوب جائے برتن کا منہ بند کر کے اس کو مٹی سے سمٹ کرو جب سوکھ جائے اُس کو آگ دو۔ آگ تیز ہو کوئلہ یا لکڑی دو گھنٹہ تک آگ دینی چاہیئے۔

**ترکیب استعمال:** نمونیہ و درد نمونیہ کھانسی و بلغم کیلئے مفید ہے۔ اجوائن کے پانی کے ساتھ نمونیہ والے کو ایک لکھ کافی ہے۔ دیسی مرغ کی یخنی کے ساتھ بہت مفید ہے۔

## نسخہ برائے بلغمی کھانسی

**ھوالشافی:** مکاں ۲۰ گرام، ملٹھی ۵۰ گرام، چھوہارے ۶ عدد، منقی ۱۰ عدد، شہد خالص ۵۰ گرام۔ معجون تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** بڑے بیر کے برابر۔ **پرہیز:** دہی، لسی اور بادی اشیاء سے۔

## نسخہ برائے سنگرھنی

خواہ حاملہ عورت ہی کیوں نہ ہو۔

**ھوالشافی:** دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں۔ ہر واحد ۱۵ گرام۔ بہدانہ، اجوائن دیسی۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ مصری کوزہ ۲۴۰ گرام۔ اول بہدانہ کو روغن زرد میں بریاں کریں کہیں جل نہ جائے تڑکنے پر جلد ہی نکال لیں۔ پہلے بہدانہ کو کوٹ لیں بعد میں سب ادویہ ڈال کر کوفتہ بیختہ کریں۔ سفوف تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام دن میں تین بار پانی سے۔

## نسخہ برائے دائمی قبض

**ھوالشافی:** سنا مکی، ۶۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰۰ گرام۔ ہر دو کو خوب باریک کر کے شہد سے حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** سوتے وقت ایک گولی ہمراہ آب کبھی کبھی ناغہ کر لیا کریں ایسا نہ ہو کہ عادت پڑ جائے۔

## سفوف اندری

**ھوالشافی:** قلمی شورہ، زیرہ سفید، کباب چینی، الائچی کلاں۔ برابر وزن لیکر کوٹیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام لسی گاؤ سے دیں۔ تین دن استعمال کریں۔

## سفوف سوزاک

**ھوالشافی:** قلمی شورہ، الائچی کلاں۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ باریک کوٹ کر اس کے ۶ حصے بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر ایک حصہ صبح وشام تین دن تک تل کے پانی سے کھائیں ایسا ہی چھٹے روز غذا ان ایام میں بے نمکین و بے شیریں و بے ترش۔

## نسخہ برائے تقویت اعضائے رئیسہ وکمزوری

**ھوالشافی:** مروارید اعلیٰ ناسفتہ ۲ رتی، زہر مہرہ خطائی، نارجیل دریائی، پوست ہلیلہ، تخم الائچی خورد، مغز کنول گٹہ پتہ دور کردہ، طباشیر، زراوند، حجر الیہود، ہر واحد ۳ گرام۔ صمغ عربی ۵ گرام۔ عرق گلاب ۳۰ گرام۔ سب ادویہ کو الگ الگ باریک کر کے عرق گلاب میں کھرل کریں۔ حب بقدر مٹر بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شیر نیمگرم شیریں سے۔

## سفوف جریان

**ھوالشافی:** گوکھرو کلاں، موچرس، تالمکھانہ، لک مغسول، گوند ڈھاک۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام۔

## کشتہ قلعی

**ھوالشافی:** ۱۰ گرام قلعی کو کوٹ کر اس کا پترا بنالو پھر قینچی سے اس کو باریک کاٹ لو۔ نیچے اوپر کیکر کے پتے درمیان میں قلعی ڈال کر چار کلو اوپلوں کی آگ دو۔ جب آگ ٹھنڈی ہو جائے تو نکال لو۔ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ دھات کیلئے مفید ہے۔

## مقوی باہ

**ھوالشافی:** بڑ کی جڑ اور کیکر کی پھلیاں۔ برابر سایہ میں خشک کریں دونوں کو باریک پیس کر ملالیں اور حسب ضرورت چینی ملا کر ۶ گرام دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

**فوائد:** مقوی باہ ہے طاقت کو بحال رکھتا ہے گرمی اور سردی نقصان نہیں پہنچاتی۔

## جلق

جلق کی سب بیماریاں دور ہو جائینگی۔

**ھوالشافی:** کیچوا، بیر بہوٹی، اسگندھ ناگوری، آنبہ ہلدی، بھنے ہوئے چنے۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ ان سب کو گلاب کے تیل میں پیس کر پوٹلی بنالو اور آگ پر تپا کر ۱۴ دن سینک کرو۔



## اعضائے تناسل کی نالی سیدھی اور صاف کرنا

**ھوالشافی:** عقرقرحا ۴ گرام۔ پیاز کا رس ۱۰ گرام۔ ان دونوں کو باریک پیس کر نالی پر لگانے سے خوب صاف ہو جاتی ہے کم از کم (۱۱ تا ۱۷) دن لگانی چاہئے۔ لگانے کے بعد پان کا پتہ نالی پر لگانا چاہئے، پتہ گرم کرلیں ململ کے کپڑے سے باندھ کر کچا دھاگہ لپیٹ دو۔ سپاری پر مالش نہ کریں صرف نالی پر مالش کریں۔

## نسخہ برائے حیض کھولنے

**ھوالشافی:** گوند کیکر ۳ گرام۔ کافور ۶ گرام۔ دھنیہ ۱۱ گرام۔

**ترکیب تیاری:** ان سب کو کوٹ کر باریک کریں پورے نسخے کی پوٹلی بنا کر دھون پر رکھیں۔ حیض کھل جائے گا۔

## سعالی اکسیر دمہ وکھانسی

ہمہ صفت گولیاں ہیں۔

**ھوالشافی:** دھتورہ سیاہ، سنڈھ، زاعفران۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۳ گرام۔ کچلہ مدبر ۲ گرام۔ مغز بادام ۱۰۰ گرام۔ سب اشیاء کو کوٹ کر گولی دانہ ماش بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک گولی پانی سے۔

## کشتہ صدف کیکر وشیر مدار والا

یہ نسخہ جریان ولیکوریا کو دور کرنے میں اپنا ثانی نہیں رکھتا آزمائش شرط ہے۔

**ھوالشافی:** صدف ۵۰ گرام۔ کیکر کے درخت کا پانی ۱۰۰ گرام۔ اس صدف کو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ تین دفعہ ایسا ہی عمل کریں۔ بعدہٗ کیکر کے ۱۰۰ گرام پانی میں کھرل کر کے خشک کرلیں ٹکیہ بنا کر کوزہ میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا (۱۰) کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اکسیر بے نظیر تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام مسکہ یا بالائی کیساتھ یا نہار منہ دودھ یا دہی کے ساتھ۔ اس دواء کی پہلی ترکیب استعمال اپنا کامل اثر دکھاتی ہے۔

**نوٹ:** میں نے اس دواء کو خود استعمال کر کے دیکھا ہے واقعہ کرشمہ ہے۔

## کشتہ قلعی بیضہ مرغ والا

جریان احتلام وقوت باہ کے علاوہ زیادتی پیشاب کو کنٹرول کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** قلعی ۱۰ گرام۔ پوست بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ دونوں کو سرکہ انگوری میں کھرل کر

کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سات دفعہ اسی طرح کریں۔ (ہر دفعہ سرکہ انگوری میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک ہانے پر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اکسیر تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ گرام مسکہ یا بالائی کے ساتھ نہار منہ۔

## حب ممسک زاعفرانی

مقوی باہ، ممسک ودافع سرعت انزال گولیاں ہیں۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر، زنجبیل، قرنفل، ریگ ماہی، زاعفران، جدوار خطائی، سلاجیت۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ سب کو باہم ملا کر حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح دودھ سے۔

## اکسیر اعظم

قوت مردی وکمزوری کیلئے بہترین دواء

**ھوالشافی:** بیش مدبر، جدوار خطائی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ سم الفار ۶ گرام۔ ورق نقرہ ۴ گرام۔ افیون ۳ گرام۔ سب اشیاء کو کوٹ کر دانہ باجرہ گولی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت شب بعد از غذاء دودھ سے۔

## رباعی

مردی کمزوری کیلئے، ممسک اعلیٰ درجہ

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ، سم الفار، افیون، سہاگہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ عرق کیوڑہ ۱۰۰ گرام میں کھرل کر کے حب بقدر خشخاش بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بعد از غذاء بالائی میں لپیٹ کر۔

## نقرنی

جریان کو دور کرتی ہے۔ پیشاب بار بار آنے میں مفید ہے۔ ہفتہ عشرہ میں ہر قسم کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** اصلی مصطگی رومی (شدھ) ۵۰ گرام۔ ورق نقرہ برادہ، زہر مہرہ خطائی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ کوٹ چھان کر سب کا سفوف بنائیں۔

**نوٹ:** مصطگی شدھ کرنے کیلئے دیکھئے معمولات جمیل ص ۲۷۶

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گرام دودھ سے۔



## مثلث

جسمانی کمزوری کو دور کرنے کیلئے بہترین تحفہ ہے۔ وزن بڑھانے کے علاوہ خون بھی پیدا کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** برادہ نقرہ، برادہ ابرک سفید، کشتہ بیضہ مرغ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ آب لیموں ۱۰۰ گرام ترکیب تیاری: کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں ڈال کر ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ خاکی ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام سے ۳۷۵ ملی گرام تک صبح مکھن سے کھائیں۔

## سحریون

نوجوانی کی غلط کاریوں سے پیدا شدہ خرابی کو دور کرنے کے علاوہ امراض عصب میں مفید ہے۔

**ھوالشافی:** کچلہ مدبر ۵۰ گرام۔ زاعفران کشمیری ۱۰ گرام۔ دارچینی ۲۰ گرام، جاوتری ۴۰ گرام۔ سورنجاں شیریں ۶۰ گرام۔ زنجبیل ۲۰۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۵۰ گرام۔ آب ادرک سے حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ا گولی صبح وشام دودھ سے۔

## بندش

جریان، احتلام، ذکاوت حس وسرعت انزال کو دور کر کے قوت باہ پیدا کرتی اور صالح خون پیدا کر کے جسم کو مضبوط سرخ بناتی ہیں۔ سرعت انزال کی حکمی دواء ہے۔ تین ہفتہ ضرور استعمال کریں۔

**ھوالشافی:** فلفل دراز، گندھک، کشتہ قلعی، کشتہ بیضہ مرغ، بیروزہ مدبر، آرد اصل السوس، طباشیر، ثعلب مصری، موم سفید۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ سم الفار ا گرام۔ شیر برگد ۱۰۰ گرام۔ اول موم وسم الفار کو شیر برگد کے ہمراہ کھرل کریں کہ یک جان ہو جائیں تو ہاون دستہ سے دو ہزار چوٹ لگائیں کہ اس میں عنبر کی خوشبو پیدا ہو جائے۔ بعد ازاں باریک شدہ ادویات ملا کر خوب یک جان کر کے گولیاں نخودی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ا گولی روزانہ صبح وشام ہمراہ دودھ۔

## اکسیر النساء

عورتوں کے تمام جملہ امراض کی بہترین دواء۔

**ھوالشافی:** مصبر، مرمکی، ہیرا کسیس۔ ہر واحد ۱۲۰ گرام۔ ریوند خطائی پارچہ بیز ۲۰ گرام۔ فیری ایمٹ سائیٹراس، حلتیت۔ ہر واحد ۶۰ گرام۔ سب ادویہ کو باہم کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ رتی ہمراہ مکھن، بالائی، حلوہ، مربہ آملہ، دہی، اور دودھ وغیرہ سے۔

**فوائد:** جریان الرحم، سیلان الرحم، استحاق الرحم، سوزش، کثرت بول، خون ونفاس کی زیادتی، دل ودماغ وغیرہ امراض نسواں کی ایک بے بدل دواء ہے۔

## حب تیلیہ

امراض عصب کی علمی دواء ہے۔ علاوہ ازیں مقوی باہ بھی ہے۔ آزمایئے اور خلق خدا کی دعائیں لیں۔

**ھوالشافی:** سہاگہ مدبر در شیر گاؤ، کچلہ مدبر در آب ادرک، زعفران، جائفل، جلوتری، ہلکماں، لونگ، سنڈ ھ، فلفل سیاہ، عاقرقرحا، مالکنگنی۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ سب ادویہ کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے حب بقدر رتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گولی بوقت شب ہمراہ شیر نیمگرم شیریں سے۔ جو ایک دفعہ کھائے گا مجسم اشتہار بن جائے گا۔ **نوٹ:** نادان آدمی اس نسخہ کے قریب نہ جائے۔

## حب صدف

مغلظات کی علمی دواء جو آناً فاناً اپنا اثر دکھا کر مایوس مریضوں میں امید کی کرن پیدا کر دیتی ہے۔

**ھوالشافی:** تخم ریحان، تخم بھنگ، سمندر سوکھ، لاجونتی، کشتہ فولاد، کشتہ صدف، کشتہ قلعی بھنگ والا۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ شہد میں حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گولی صبح وشام ہمراہ شیر۔

## دوائے قبض کشاء

جسم کی صفائی کرنے والا بہترین۔ نہ کڑوا اور نہ ہی بدذائقہ پینے میں خوش ذائقہ۔ نہ پیچش اور مروڑ کا ڈر صبح کو جلاب لاکر جسم کو پھول کی طرح ہلکا پھلکا کر دینا اس اکسیر کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

**ھوالشافی:** سالٹ ۲۵۰ گرام۔ سوڈا بائیکارب ۵۰ گرام۔ نوشادر، جوکھار ہرواحد ۲۰ گرام۔ قلمی شورہ، پھٹکری فولاد۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ ان سب ادویات کو کوفتہ بیختہ کر کے ڈیڑھ لیٹر کی بوتل میں ڈال کر اوپر سے پانی بھر دیں۔ ۲۴ گھنٹے پڑا رہنے دیں بعدہٗ اس کو ہلالیں جب اس کا تلچھٹ تہہ نشین ہو جائے تو اوپر سے زلال ۱۲۰ گرام لیکر آدھا گلاس پانی میں ڈال کر رات کو سوتے وقت استعمال کیا کریں۔



## دوائے جلابہ

قبض کو رفع کرنے میں بے نظیر نسخہ ہے۔ نسخہ کیا ہے سنیاسیوں کی جان ہے۔

**ھوالشافی:** جلابہ گنڈی۔ نبات سفید۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ ان سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۲ گرام ہمراہ آب نیمگرم سے۔

گرمیوں میں اس نسخہ میں (مغز کھیرا وکدو۔ ۲۰۔ ۲۰ گرام ڈال لیا کریں۔

## سفوف ملٹھی

**ھوالشافی:** ملٹھی، ہلدی، سونف، گوند کیکر۔ برابر وزن لیکر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۳ گرام ہمراہ بدرقہ دن میں ۳ دفعہ۔

**فوائد:** کثرت الطمث، جلن ہاتھ پاؤں، اخراج خون ہر قسم اور سرعت انزال میں مفید ہے۔

**نوٹ:** میں نے خود اس کو استعمال کروا کے دیکھا ہے واقعی کثرت الطمث میں کمال ہے۔

## سفوف ملین

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار مصفی در شیر گاؤ، ملٹھی، برگ سناء، سونف۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ چینی دانے دار ۴۰ گرام۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱ تا ۳ گرام برائے قبض۔ ۶ گرام برائے دیدان۔

**فوائد:** بے ضرر ملین ہے۔ قبض کو رفع کرتا ہے۔ نیز پیٹ سے کیڑوں کو نکالتا ہے۔ مصفی خون بھی ہے۔

## گیسو دراز ہیئر آئل

بہترین تیل جو بالوں کو لمبا اور مظبوط کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** خالص سرسوں کا تیل ۱۰۰۰ گرام، خشک آملہ ۵۰ گرام۔ مہندی کے پتے، بیری کے پتے۔ رتن جوت۔ ہرواحد ۲۰ گرام۔ بال چھڑ، چھڑ چھڑیلہ، ناگر موتھا، برادہ صندل، کچور۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ طباشیر ۵ گرام۔ چھوٹی ہرڑ، الائچی خورد، الائچی کلاں، لسوڑے۔ ہرواحد ۴ عدد۔ بڑی ہرڑ، ہلیلہ۔ ہرواحد ۲ عدد۔ تمام اجزاء ۲ کلو پانی (سوائے تیل) میں ڈال کر ۲۴ گھنٹے بھگوئے رکھیں۔ بعدہٗ آگ پر رکھیں جب پانی اکلورہ جائے تب تیل ملائیں باقی ماندہ پانی بھی خشک کرنے کے بعد چھان لیں۔ بہترین تیل تیار ہے۔

## کیڑے کیلئے

**ھوالشافی:** اطریفل زمانی خود ساختہ ۲ ماہ مسلسل نیم گرم پانی کے ساتھ بوقت شب استعمال کرائیں۔

## داڑھ درد کھوڑ والی

**ھوالشافی:** مصر،لونگ۔ برابر وزن لیکر سفوف بنالیں۔شہد کی مدد سے گولی بنا کر کھوڑ میں بھر دیں۔انشاءاللہ ۲ دفعہ سے زیادہ ضرورت پیش نہیں آتی۔

## سفوف بلوط

**ھوالشافی:** بلوط ۳۰ گرام۔مازو، پوست انار۔ ہر واحد ۴۰ گرام۔خشخاش، پوست ساق۔ ہر واحد ۶۰ گرام۔حب الآس ۷۰ گرام۔ان سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱/۲ ۱ گرام سے لیکر ۳ گرام تک نیم گرم پانی سے۔

**فوائد:** پیچش ہوں یا دست آناً فاناً پہلی ہی ترکیب استعمال تریاقی اثرات دکھاتی ہے۔ٹھنڈے پانی کی سختی سے ممانعت ہے۔

## یرقان (پیلیا)

**ھوالشافی:** ریوند خطائی، نوشادر، دانہ الائچی سبز، کشتہ فولاد۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ان سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام لیموں کی سکنجبین کے ساتھ موسم کی مناسبت سے۔صبح وعصر خالی معدہ استعمال کریں۔

## سفوف کرنجوا

پرانا بخار اور اعصابی دردوں کیلئے بہترین دواء

**ھوالشافی:** تخم کرنجوا ۵۰۰ گرام۔افسنتین ۲۵۰ گرام۔کشتہ گاؤدنتی ۱۵۰ گرام۔ست گلو ۱۰۰ گرام۔اسپرین پاؤڈر ۱۰۰ گرام۔اتیس تلخ انڈیا ۵۰ گرام۔ان سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہر سہ وقت بعد از غذاء دودھ کے ساتھ۔

## مالش

برائے فالج و اعصاب کیلئے از بس مفید ہے۔

**ھوالشافی:** کٹھ تلخ، کٹھ شیریں، بابونہ۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔تیل میٹھا ۲۵۰ گرام۔ان سب کا تیل کڑچھی میں بنائیں۔پہلے مقام ماؤف کو تولیہ سے صاف کرلیں پھر تیل کی مالش کریں اور دو گھنٹہ تک ہوا نہ لگنے دیں۔

**نوٹ:** میں نے خود اس کو بنا کر استعمال کروایا ہے اعصابی دردوں میں بہت ہی مفید اثرات مرتب کرتا ہے۔



## سفوف سلیارہ

جریان واحتلام اور رکت کیلئے۔

**ھوالشافی:** تخم سلیارہ، پھٹکری بریاں، بیج بند سرخ، دانہ الائچی سبز، بیج بھنگ۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ان سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہر سہ وقت شربت بزوری/لسی/دہی اور مکھن سے بلحاظ مزاج۔شدید احتلام کی صورت میں ترکیب استعمال میں ایک رتی کشتہ فولاد ملا کردیں۔

## مفید النساء

لیکوریا، جریان، احتلام اور عورتوں کے جملہ امراض کی واحد دواء

**ھوالشافی:** مازو، مائیں، سنگجراح، کتھہ، گل دھاوا، گل فوفل، کمرکس، موچرس۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔کشتہ قلعی، کشتہ شاخ مرجان۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔کشتہ بیضہ مرغ ۱۰۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام ہر سہ وقت خالی معدہ سرد پانی سے۔

## سفوف استحاضہ

**ھوالشافی:** انجبار، سنگجراح، صندل سفید، طباشیر نقرہ، گیرو، کمرکس، مازو سفید۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔نبات سفید برابر وزن۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام دو وقت۔شدت کی صورت میں ۳ وقت شربت انجبار/شربت صندل کیساتھ۔

## تاریخ میں رکاوٹ کی وجہ سے درد

**ھوالشافی:** لونگ ۴۰ گرام۔ہڑتال ورقیہ ۱۰ گرام۔خوب کھرل کریں کہ ہڑتال کی چمک نہ رہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام پانی کیساتھ صرف ایک بار استعمال کریں۔ایک مہینہ کے بعد دوسری بار دیں۔

## معجون نسیان

**ھوالشافی:** کندر، بچ، ناگرموتھا۔ ہر واحد ۳۰ گرام۔سونٹھ، کالی مرچ۔ ہر واحد ۱۵ گرام۔سب کو کوٹ کر باریک کرلیں۔بعدہٗ شہد مصفٰے پاؤ بھر کو آگ پر گرم کر کے مندرجہ بالا ادویہ شہد میں ڈال کر ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** کھانا کھانے کے بعد ۳ گرام۔صبح وشام ہمراہ آب۔

## معجون نجاح

ذہنی پریشانی کیلئے بہترین چیز ہے۔

**ھوالشافی:** ہلیلہ سیاہ، پوست بہیڑہ، پوست آملہ۔ ہر واحد ۳۵ گرام۔ بسفائج، افتیمون ولایتی، اسطوخودوس، تربد سفید۔ ہر واحد ۱۵ گرام۔ سب کو کوٹ کر باریک کر لیں۔ سہ گنا شہد کو گرم کر کے اس میں مندرجہ بالا ادویہ ڈال دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۷ گرام صبح وشام ہمراہ آب۔

## بواسیری کیپسول

**ھوالشافی:** مغز تخم نیم، مغز تخم بکائن۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ا گرام والا کیپسول صبح وشام بعد از ناشتہ (۳۰ منٹ)

## درد شقیقہ ودرد اَل

**ھوالشافی:** پوست بیخ مدار ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۵ گرام۔ پیپر منٹ ا گرام۔

**ترکیب استعمال:** سب کو کپڑ چھان کر کے نسوار لیں

## یرقان کی گولیاں

**ھوالشافی:** کشتہ فولاد ۵۰ گرام۔ پوست ہرڑ کابلی ۱۰۰ گرام۔ سفوف ملٹھی ۱۵۰ گرام۔ دہی ۴۰۰۰ گرام۔ ان دواؤں کو کڑاہی میں ڈال کر رکھ دیں جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے تو حب بقدر کنار دشتی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ا گولی صبح وشام ہمراہ لسی۔

## سرمہ برائے دھند جالا

برائے دھند، پھولا، جالا وغیرہ آنکھوں کی ہر ایک بیماری کو مفید ہے۔

**ھوالشافی:** مصری کوزہ، قلمی شورہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:** دونوں کو خوب کھرل کر دو پھر ۱۰ گرام رسونت کو ہمراہ کھرل کریں۔ بعدہٗ نیلہ تھوتھا ۲ گرام بذریعہ کھرل کریں کہ سرمہ ہو جائے۔ گولیاں بنا کر رکھو۔

**ترکیب استعمال:** پانی کے ہمراہ رگڑ کر سلائی سے لگایا کرو۔

## کان درد کا نسخہ

**ھوالشافی:** حرمل ۲۰ گرام۔ تھوم کی تُری ۲۵ گرام۔ افیون ۵۰۰ ملی گرام۔ سفید پیاز ۲۰ گرام۔ رتن جوت ا گرام۔ میٹھا تیل ۵۰ گرام۔ کڑچھی میں تیل ڈال کر پیاز اور تھوم کی تُریاں ڈال دیں بعد میں



حرمل پھر افیم۔ جب جل کر سیاہ ہو جائیں تو پھر رتن جوت اُتارتے وقت ڈال دیں۔ ململ کے کپڑے کے ذریعے صاف کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت درد ۲ قطرہ کان میں ڈال دیں۔

## منہ کے چھالوں کے واسطے

**ھوالشافی:** مشک کافور باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳۰ ملی گرام منہ میں ڈال کر اوپر سے کچی لسی پئیں، چھالے دور ہو جائیں گے۔ (نوٹ! قبض نہ ہونے دیں، قبض کشا ضرور استعمال کریں)

## دمہ یا کھانسی کی گولی

**ھوالشافی:** فلفل سیاہ، مگھاں، پوست انار، قند سیاہ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** کوٹ چھان کر حب بقدر نخود بنا کر دیں خواہ آدمی کھانسی سے کتنا بے تاب ہو فائدہ دیتی ہے۔ دو چار روز کی کھانسی کو فوراً دور کرتی ہے۔

## حب سرفہ

نزلہ کو روکتی ہے۔ خشک کھانسی کو فائدہ کرتی ہے اور خراش گلو میں مفید ہے۔

**ھوالشافی:** افیون، صمغ عربی، رب السوس، تخم خشخاش، نشاستہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ سب کو لیکر لعاب بہیدانہ کے ساتھ حب نخودی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک یا دو گولی منہ میں ڈال کر چوستا رہے۔

## بچوں کی کھانسی

**ھوالشافی:** نوشادر ۱۰ گرام۔ سوہاگہ بریاں، ملٹھی آرد مقشر۔ ہر واحد ۵ گرام۔ سب کو ۱۰ گرام شہد میں ملا کر بچے کو چٹاؤ فوراً آرام آجاتا ہے۔

## معجون مقوی ومفرح

**ھوالشافی:** مغز بادام، تخم خشخاش، گل گلاب۔ ہر واحد ۱۰۰ گرام۔ ثعلب مصری، شقاقل مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، تودری زرد، تودری سرخ، تخم ہالیوں، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، الائچی دانہ، مصطگی رومی، صندل سفید، زرشک، بادرنجبویہ، طباشیر، کباب چینی، بوزیدان، بسباسہ، ورق نقرہ، مروارید ۱۰ گرام۔ آب سیب، آب انار۔ ہر واحد ۴۰۰ گرام۔ قند سفید ایک کلو۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام صبح اور شام۔

## اکسیر معدہ

دافع ترشی معدہ وہاضم طعام اور منہ کے چھالوں کو نافع ہے۔

**ھوالشافی:** سہاگہ ملیلیہ کو بریاں کر کے سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** جوان کو ۲ گرام جبکہ بچے کو ۱۵ ملی گرام تک دیں۔

## حبوب قبض کشاء

**ھوالشافی:** ریوند عصارہ، مصبر، ہرڑ زرد۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی ۵ گرام۔ پہلی سہ ادویات کو کھرل میں باریک پیس لیں بعد میں مصطگی رومی ملا کو بذریعہ عرق گلاب کھرل کر کے حب بقدر ۲ رتی کی بنادیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو سوتے وقت ایک یا دو گولی شیر گاؤ سے دیں۔

## حب عشر

جملہ امراض معدہ اور ہیضہ کے لئے مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، ہلیلہ سیاہ، نوشادر، سوہاگہ، نمک سفید، سونٹھ، فلفل سیاہ، پیپل۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ ہینگ ۵ گرام۔ پوست بیخ عشر (مدار کی تازہ جڑ کا چھلکا) سب ادویہ کے برابر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے حب بقدر کنار صحرائی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی۔

## حبوب دافع ریح

یہ حبوب ریح معدہ وامعاء وریح گردہ کے علاوہ رفع قبض میں بے حد مفید ہے۔

**ھوالشافی:** فلفل گرد، سوہاگہ بریاں، اجوائن خراسانی، نمک سیاہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ سب کو سفوف بنا کر آب کنوار گندل میں حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ایک تا دو گولی ہمراہ آب تازہ سے۔

## سنگ گردہ ومثانہ کیلئے

**ھوالشافی:** حجر الیہود، سنگ سرماہی، سہاگہ بریاں، پھٹکڑی بریاں، نوشادر، کلتھی، زیرہ سفید، ریوند چینی، تخم شبت، تخم ترب، دانہ الائچی کلاں، شورہ قلمی، جوکھار، اصلی کباب چینی۔ ہر واحد ۵ گرام۔ نبات سفید ۶۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہمراہ آب۔

**فوائد:** ریگ، کنکری، درد گردہ ومثانہ، پیشاب نہ آتا ہو کیلئے مفید ہے



## سفوف جریان

جریان کا فوری علاج۔ ایک مجرب نسخہ جو اس مشکل مرض میں نہایت ہی مفید ہے۔ اس نامراد مرض کو دور کرنے میں اکسیر کا کام کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** بہمن سرخ، بہمن سفید، عقرقرحا، خار خسک، تخم اونٹکن، موصلی سفید، شاہدانہ، مایہ ثمر ایرانی، صمغ عربی، موچرس، ثعلب مصری، پھلی ببول خام، کشتہ قلعی، طباشیر کبود، گوند ڈھاک، تالمکھانہ، سمندر سوکھ، بیج بند۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ زعفران، کشتہ عقیق۔ ہر واحد ۵ گرام۔ مصری کوزہ برابر وزن۔ سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام ہمراہ دودھ۔ یہ سفوف جملہ امراض مادہ تولید کے لئے بے نظیر ہے۔

**فوائد:** جریان، احتلام کیلئے نعمت عظمیٰ ہے۔ یہ نسخہ آزمائش سے تعلق رکھتا ہے۔

**پرہیز:** ترشی، بادی اشیاء اور جماع سے۔

## سفوف برائے عقد منی ودافع سرعت انزال

**ھوالشافی:** لاکھ دانہ مغسول، سریالی، لودھ پٹھانی، مازو بے سوراخ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ نبات سفید ۴۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام ہمراہ شیر گاؤ۔

## قوت باہ ۱

**ھوالشافی:** بیج کونچ، تخم تربوز، بیج بھکوا۔ ہر سہ برابر وزن لیکر باریک پیس کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** جملہ اشیاء برابر وزن (ہر روز صبح کھائے)

## قوت باہ ۲

**ھوالشافی:** سفیدہ بیضہ مرغ، رس ادرک، رس پیاز، شہد روغن گاؤ

**ترکیب استعمال:** جملہ اشیاء برابر وزن (ہر روز صبح کھائے)

## معجون قوت

جلق وانزال، جریان واحتلام وسرعت انزال نیز بے اولادوں کو مژدہ حیات ہے۔

**ھوالشافی:** تج، تالمکھانہ، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تخم اونٹکن، ستاور، شقاقل مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، بیج کونچ، موچرس، مغز پستہ، گوکھرو، الائچی خورد، مغز کدو، مغز ہندوانہ، بھنگرہ سفید، بیج بھنگ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ الائچی کلاں، دارچینی، بہوپھلی، ثعلب مصری، طباشیر، ترپھلہ۔ ہر واحد ۲۰ گرام

عسل خالص ۱۵۰۰ گرام۔ پختہ ادویات کو کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵گرام سے ۱۰ گرام تک ہمراہ دودھ گاؤ کے استعمال کریں۔ اگر کشتہ قلعی ۲رتی ہمراہ معجون کے ملا کر کھاویں تو اور اچھا ہے۔ یہ نایاب چیز ہے اور مجرب المجرب ہے۔

## مجلوق کی شکایات کا مجرب نسخہ

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ۵گرام۔ چڑہ مادہ ۲عدد۔ نک چھکنی ۳گرام۔ گندھک آملہ سار ۵گرام۔ سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ۔ باپرہیز ۲۱یوم استعمال کریں شباب از نو لوٹ آئے گا

## معجون بقائے شباب

انتشار وصلابت وتغلیظ مادہ منویہ تجربہ آمدہ

**ھوالشافی:** ہرل، بسباسہ، جوزبوا، دارچینی۔ ہرواحد ۵گرام۔ کنجد سیاہ مقشر ۷گرام۔ سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام باشیر گاؤ۔

## امساک

**ھوالشافی:** جوزبوا، زاعفران، اسپند، اسگندھ، یک مثقال گرفتہ کوفتہ دو چنداں عسل ملا کر نیم درم گولی بستہ۔

**ترکیب استعمال:** بوقت حاجت ایک گولی کھاویں۔ بعد از ایک ساعت مجامعت میں مشغول ہوویں۔ بہت لذت پیدا ہوگی۔

نسخہ تماشائی ٹوٹکہ

**ھوالشافی:** عقرقرحا۔ باریک پیس لیں اس میں شہد اس مقدار کی ڈالیں کہ گولی بندھ جائے

**ترکیب استعمال:** گولی کو لعاب دہن میں پیس کر سپاری کو چھوڑ کر عضو تناسل پر ضماد کریں خشک ہونے پر کام کریں۔ گولی برابر کوکن بیر ہونی چاہئے۔

## طلاء

**ھوالشافی:** کچلہ ۱۰عدد۔ قسط تلخ ۱۰گرام۔ روغن کنجد ۵۰گرام۔ دونوں اشیاء کو روغن کنجد میں جلا کر صاف کریں بعدہٗ بیر بہوٹی، زفت رومی، ہیرا ہینگ۔ ہرواحد ۵گرام۔

**ترکیب استعمال:** ملا کر دونوں وقت مالش کریں۔ اور سرد پانی سے پرہیز کریں۔



## طلاء مبھی وممسک بدرجہ غایت

**ھوالشافی:** کنوچ تلخ، اسگندھ ناگوری، اسگندھ دیسی، کنج پیپل۔ ہر چہار اشیاء کو حلق بلیغ کرنے کے بعد تلچھٹ بول حمار میں کھرل کریں۔ بوقت ضرورت گھنٹہ ۲گھنٹہ قبل طلاء کریں۔ انتشار وامساک لائے گا۔ جب خمیر اور ناقابل برداشت طاقت وقوت باہ ہو تو عرق لیموں جو پہلے سے پاس رکھا ہو سے قضیب کو دھونے کی ہدایت کریں۔

## کشتہ مرجان وعقیق

**ھوالشافی:** مرجان، عقیق۔ ہرواحد ۱۰گرام۔ آب گل سرخ ۱۰۰گرام۔ گھیکوار ۱۰۰گرام عقیق کو گرم کر کے آب گل سرخ میں اتنے غوطے دیں کہ سفید ہو کر پھٹ جائے۔ مرجان اور اس تیار شدہ عقیق کو ایک مٹی کے کوزے میں نیچے اوپر گل سرخ تازہ لیکر مٹی سے منہ بند کر کے کسی گڑھے میں ۱۵کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر اس میں گودہ گھیکوار ڈال کر ۱۰کلو اوپلوں کی آگ دیں، حتےٰ کہ کشتہ سفید اور باریک ہو جائے اور اگر کچھ کمی رہ جائے تو گھیکوار کے ہمراہ دوبارہ اس کو آگ دیں۔ درست ہو جائیگا۔

**ترکیب استعمال:** ۶۵ ملی گرام صبح وشام ہمراہ دودھ تازہ سے استعمال کریں۔

**فوائد:** انتہاء درجہ کا مولد ومغلظ ہے۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کی اسراری وحکمی دواء ہے۔ بدن کی قوت بڑھانا اس کا خاص فعل ہے۔ جریان سے پیدا شدہ شکایات کو دور کرنے میں تقویت بخش ثابت ہوا ہے۔

## کشتہ مونگا

**ھوالشافی:** مونگا ۱۰گرام۔ گودہ گھیکوار ۵۰گرام۔ کوزہ میں بند کر کے ۵کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ تیار ہو جائیگا۔ اس کشتہ میں مشک کافور دیسی ۵گرام۔ کچور ۱۰گرام۔ ان تینوں کا سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام۔ ادیوڑکا کے ساتھ جگر کی اصلاح کرتا ہے۔ بواسیر کے واسطے بےنظیر ہے۔

**فوائد:** جریان، رقت منی وسرعت انزال کیلئے مفید ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ اگر ہاتھ پاؤں کی تلیاں سڑیں۔ اس کے واسطے مونگا کا کشتہ ۲۵۰ ملی گرام ہمراہ مکھن ساتھ ست گلو، طباشیر اور ورق نقرہ بھی ملا کر کھائیں مجرب ہے۔

## کشتہ شنگرف بیضہ مرغ والا

حد درجہ کا مغلظ و مولد جوہر ہے۔ جریان، احتلام اور سرعت انزال کو دور کر کے اعضاء رئیسہ کو تقویت دیتا ہے۔ قوت باہ، ملذذ، ممسک اور دافع جریان ہے۔

**ھوالشافی:** شنگرف، چھلکا بیضہ مرغ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ ہر دو کو گودہ گھیکوار کے پاؤ پانی سے خوب کھرل کریں قرص بنا کر کوزہ میں بند کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ نکال پیس کر شیشی میں محفوظ بند کر کے رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام ہمراہ بالائی یا مسکہ۔

## کشتہ شنگرف حرمل والا

**ھوالشافی:** شنگرف ۱۰ گرام۔ حرمل مسفوف ۵۰ گرام کے نغدہ میں رکھ کر محفوظ کپڑ ولی کریں (چکنی مٹی میں روئی ڈال کر اچھی طرح کوٹ کر لگائیں) خشک کر کے پانچ اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ شیشی میں رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** تنکہ بھر مکھن یا بالائی۔ (تین آنچ سے قائم النار ہوگا)

## کشتہ شنگرف پارہ والا

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ۱۰ گرام۔ پارہ، گندھک آملہ سار۔ ۵۔ ۵ گرام۔ سہاگہ ۱۰ گرام۔ آب گھیکوار یا شیر مدار میں کھرل کریں۔ ایک بیضہ مرغ جو خالی ہو اس میں ڈال کر دوسرے بیضہ مرغ کے خول سے بند کر کے گاچنی مٹی کے دو۔ تین پوچے لگائیں۔ اڑھائی یا پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تنکہ بالائی میں۔

## کشتہ قلعی

**ھوالشافی:** گری بنولہ کپاس ایک کلو لے کر اس میں قلعی کتر کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنا کر تہ بتہ رکھ کر اچھی طرح کوزہ گلی کو مکمل سمپٹ کر کے آگ وزنی دیں۔

## کشتہ چاندی

**ھوالشافی:** برادہ چاندی، برادہ قلعی، سیماب مصفی۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ ان تینوں کو آب بسکھپرہ کے پانی میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ ۲۵۰ گرام بوٹی مذکور میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۶ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ نسواری رنگ لئے ہوئے باوزن کشتہ ہوگا۔ (صفائی نقرہ! نقرہ کو ۲۱ بار آب بسکھپرہ



میں بجھا دیں)

## احتباس طمث کیلئے جادو اثر نسخہ

**ھوالشافی:** تمک چہ چہ، ایلوا زرد۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ باریک پیس کر لعاب گھیکوار سے حب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہر تین وقت سرد پانی سے۔ انشاء اللہ حیض جاری ہوگا۔

## رحم کے خون وحیض کے روکنے کیلئے

رحم کے خون وحیض کے علاوہ استحاضہ کو روکنے میں نہایت درجہ نافع ہے۔

**ھوالشافی:** پکھان بید ۲۰ گرام۔ مہندی حسب ضرورت۔ دونوں کو مخلوط کر کے ہاتھ پاؤں پہ لیپ کریں۔ اسی وقت خون رُک جائیگا۔

## حیات نسواں

**ھوالشافی:** حلتیت، فلفل سیاہ، تشمیزج، گیری، صندل سفید، صندل سرخ، مرچ، مزیکی، ہینگ درخت چھیہ، برگ نیم، دھماں بوٹی، سہاگہ سفید بریاں، بیخ گل بوگتی، منڈی بوٹی، کشتہ فولاد۔ ہر واحد ۲۵ گرام۔ سب ادویات کا سفوف بنائیں۔ صبح ناشتہ کے بعد آدھی چمچ کو دیا کریں۔

## کشتہ فولاد بنانے کی ترکیب

**ھوالشافی:** برادہ فولاد ۱۰ گرام۔ پارہ مصفی، شنگرف رومی، سم الفار۔ ہر واحد ۱ گرام۔ سب اشیاء کو آب ہاتھی سونڈی ۳۰ ملی لیٹر میں کھرل کر کے کوزہ گلی خوردہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر پانچ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح پانچ یا تین آنچ میں عمدہ کشتہ تیار ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام مکھن یا بالائی میں۔

**فوائد:** ضعف باہ، ضعف اشتہاء، ضعف جگر اور بدنی کمزوری کیلئے بہترین شے ہے۔

## بواسیر جملہ اقسام

**ھوالشافی:** کافور ۶ گرام، ایلوا ۳ گرام، مغز نیب دانہ ۸ گرام۔ آب دست ۶ گرام سے کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی صبح ایک شام کو سوتے وقت دودھ سے۔

## اورام بدن

**ھوالشافی:** گندھک آملہ سار ۱۰۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۵۰ گرام، مشک خشک کشنیز۔ مکہ ۲۵ گرام۔ سفوف بنا کر ایک گرام صبح و شام آب تازہ سے۔

## برائے ذیابیطس (دولابی)

**ھوالشافی:** گودہ کنوار گندل ۲ کلو۔ تمہ تازہ ۱ کلو۔ نخود سیاہ ۱ کلو۔ ایک کلو پانی میں مذکورہ اشیاء کو ابال لیں نخود کو مذکورہ پانی میں اچھی طرح ہاتھ سے مَل کر دھوپ میں خشک کر کے سفوف بنالیں۔ ایک چائے کا چمچ صبح نہار منہ شام کو سوتے وقت آب تازہ سے۔

## یرقان اسود

**ھوالشافی:** ۲۴ عدد سنگتروں کے جوس میں ۲۵ گرام چینی ڈال کر ایک اُبالا دے کر شیشی بوتل میں محفوظ کرلیں۔ نہار منہ ۵۰ گرام شربت کو ۱۰۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔ ۱۵ روز ضرور استعمال کریں۔

## جریان منی

**ھوالشافی:** طباشیر، الائچی خورد، ستاور، اقاقیا، گل انار، گل نیلوفر، سلاجیت، گیرو، ثعلب مصری۔ ہر ایک ۱۰ گرام۔ کشتہ فولاد، کشتہ صدف، کشتہ نقرہ، زعفران۔ ہر ایک ۶ گرام۔ سب کا سفوف بنالیں۔ صبح وشام ایک گرام دودھ سے۔

## نسخہ برائے مقوی دماغ

**ھوالشافی:** مغز کشنیز ۲۵۰ گرام۔ خشخاش، اسطوخودوس۔ مغز پستہ۔ کشتہ صدف صادق۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ مسلم بادام ۵۰۰ گرام۔ کھوپا گری ۱۰ اگرام۔ شہد خالص ۱۲۰ گرام۔ چینی ۲۷۵ گرام۔ روغن گاؤ ۲۵۰ گرام۔ حسب دستور معجون بنائیں۔ (نوٹ! ترمملہ کو پہلے گھی میں بھون کر تیار کرلیں)

**ترکیب استعمال:** بوقت شب ۱۰ تا ۲۰ گرام نیم گرم دودھ سے۔

## نسخہ برائے تقویت دماغ

ادویات: (۱) خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار ۱۰۰ گرام (۲) دوالمسک معتدل جواہر دار ۱۰۰ گرام (۳) خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا ۱۰۰ گرام۔ چاندی کے ورقوں کی تین کا پیاں ان تینوں میں ملا کر یکجان کر لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک چمچ منہ نہار کھائیں۔ یہ سب ادویات کسی اچھے دواخانہ کی ہونی چاہیئے۔



## اکسیر مقوی دماغ

**ھوالشافی:** کشتہ چاندی، مروارید ناسفتہ ۱ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۳ گرام۔ برہمی بوٹی ... روغن گاؤ ۶ گرام باریک پیس کر باہم ملالیں اکسیر مقوی دماغ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام صبح نہار منہ خمیرہ گاؤزبان کے ساتھ

## نسخہ برائے تقویت دماغ

**ھوالشافی:** پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ، اسطوخودوس۔ ہر واحد ۳۰ گرام۔ ناگر ... لونگ، موتھا، لونگ، دار چینی، مصطگی رومی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ شہد خالص سہ گنا۔ معجون بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶،۶ گرام صبح وشام کھائیں۔

## حلوئے بادام

**ھوالشافی:** مغز بادام مقشر شیریں ۲۰ گرام۔ مغز چلغوزہ، مغز تخم کدوئے شیریں، تخم خشخاش سفید، مغز چہار مغز ... ہر واحد ۵۰ گرام۔ مذکورہ اشیاء لے کر کوٹیں اور ڈیڑھ کلو شکر سفید کو پانی میں حل کر کے چھانیں اور ۱۰۰ گرام عرق گلاب کا اضافہ کر کے قوام بنائیں اور کٹے ہوئے مغز ملائیں۔ اس کے بعد طباقوں میں پھیلا کر اور ۱ کلو ۲۵۰ گرام شکر سفید اس کے اوپر ڈال کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے رکھ لیں۔

**ترکیب استعمال:** ہر روز ۲۰ سے ۴۰ گرام تک استعمال کریں۔ اس کے بعد دودھ پینا مناسب ہے۔

**فوائد:** باہ کو قوت دیتا ہے۔ دماغ کے ضعف کو دور کرتا ہے۔ منی کی تولید کو زیادہ کرتا ہے۔ سرد مزاجوں اور اور موسم سرما کیلئے نہایت مناسب ہے۔

## نسخہ برائے مقوی دماغ ومقوی بدن

**ھوالشافی:** سونف، گوند کیکر، دال مونگ سبز۔ ہر واحد ۲۵۰ گرام۔ مغز بادام ۱۰۰ گرام، چھلکا اسبغول، مغز پستہ، ہر واحد ۵۰ گرام۔ چینی ڈیڑھ کلو۔ گھی گائے ایک کلو۔ بطریق مشہور بنائیں۔

## نسخہ برائے درد شقیقہ

**ھوالشافی:** تخم سرس خشک پختہ کوٹ کر چھان کو شیشی میں محفوظ رکھیں جب دھوپ نکلی ہو تو معمولی سی چٹکی سونگھ کر سورج کی طرف منہ کر کے بیٹھیں۔ بفضلہ تعالی آرام ہوگا۔

## درد شقیقہ

**ھوالشافی:** آدھا سیسی کے درد اور اور دانتوں کے درد کیلئے۔ نوشادر اور کافور ہر واحد ۱۰ گرام۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور ناک کے دونوں نتھنوں کو اس کی

نسوار دیں۔ چند منٹ میں آرام ہوگا۔ اسی طرح دانتوں میں درد ہو تو چٹکی بھر لے کر مَل دیں درد دور ہو جائیگا۔ کلونجی پانی میں پیس کر پیشانی پر لگانے سے بھی صحت ہو جاتی ہے۔

## نزلہ وزکام

**ھوالشافی:** گاؤزبان ۵ گرام، گل گاؤزبان ۳ گرام، عناب ۵ دانے رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ مَل چھان کر خمیرہ بنفشہ ۲۰ گرام ملا کر پئیں۔ تر کھانسی ہو تو ملٹھی صاف شدہ ۵ گرام، خشک کھانسی ہو تو لسوڑیاں ۹ دانے بڑھائیں۔ بلغم زیادہ ہو تو ابریشم اور زوفہ ۳، ۳ گرام کا اضافہ کریں۔ بخار ہو تو خاکسی ۵ گرام چھڑکیں۔

## نکسیر کا علاج

**ھوالشافی:** ۱۲۵ ملی گرام چونا ان بجھ پسا ہوا چینی کے تازہ شربت سے کھالیں۔ خیال رہے کہ چونہ منہ میں ڈالتے ہی بہت جلد شربت پی لیا جائے تا کہ چونا سے منہ نہ جلے۔ یہ ایک خوراک ہی کافی ہے۔ ورنہ دو چار گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دیں۔

## پرانی نکسیر

**ھوالشافی:** پرانی نکسیر میں ہمارا تجربہ ہے کہ بادام اور چہار مغز کا شیرہ صبح و شام پینا کامیاب علاج ہے۔

## علاج بہرہ پن

**ھوالشافی:** سونف پاؤ بھر کو خوب باریک پیس کر اس میں کھانڈ دیسی مساوی وزن۔ اور روغن گاؤ پاؤ بھر ملا کر کسی چینی یا مٹی کے روغنی برتن میں رکھیں اور اس میں سے صبح و شام ۱۵ گرام کے حساب سے شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔ جب تک کلی صحت نہ ہو جائے استعمال جاری رکھیں۔ بہرہ پن کیلئے مفید ہے۔ نظر تیز اور دماغ طاقتور ہوتا ہے۔

## نسخہ برائے منجن محافظ دنداں

**ھوالشافی:** مصطگی رومی، تخم مین پھل، سونٹھ، سنگجراح، سہاگہ بریاں، سرمہ سیاہ۔ ہر واحد ۶ گرام۔ مرچ سیاہ، سیاہ، کشنیز، ناگرموتھا۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ تمام کو کوٹ چھان کر صبح و شام مسوڑھوں پر ملیں، دانتوں سے خون کو نکلنے، درد اور مسوڑھے پھول جانے وغیرہ امراض دنداں کو مفید ہے۔

## نسخہ برائے درددنداں

**ھوالشافی:** نمک طعام ۵۰ گرام۔ مرچ سرخ ۲۵ گرام۔ مذکورہ دونوں اجزاء کو فتہ بیختہ کر کے شیر مدار میں تر کر کے بذریعہ گل حکمت اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر معمولی کھرل کر کے



شیشی میں محفوظ رکھیں بوقت ضرورت چٹکی کی مقدار دوائی دانتوں پر ملیں۔ انشاء اللہ دانت درد کے لئے بے حد مفید ثابت ہوگی۔

## دانتوں کو مضبوط کرنے والا منجن

**ھوالشافی:** ریٹھے کا چھلکا حسب ضرورت توے پر جلالیں۔ برابر وزن پھٹکوی بریان ملالیں۔ صبح و شام دونتوں پر تھوڑی سی مَل ملیں۔ مل کر کچھ دیر بعد کلیاں کر لیا کریں۔ روزانہ استعمال سے تمام عمر دانت مضبوط رہتے ہیں۔

## چٹکلہ برائے کھانسی ہر قسم

**ھوالشافی:** سفوف قُسط شیریں ۵۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** آب بقدر دو پیالی آگ پر پکائیں جب پانی ایک پیالی رہ جائے تو اس میں بقدر نصف چمچی سفوف قسط شیریں ملائیں۔ چینی بھی حسب ذائقہ شامل کر کے چائے کی طرح گھونٹ گھونٹ پئیں۔

## دوائے احمر

**ھوالشافی:** شنگرف رُومی ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ شنگرف رومی کو کھرل میں ڈال کر اور دو مرچیں ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب مرچیں ختم ہو جائیں تو مصری ۱۰ گرام، دار فلفل ۶ گرام شامل کر کے خوب کھرل کریں۔ دو روز کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ مقدار ترکیب استعمال: ۲ رتی صبح کے وقت ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔

**فوائد:** یہ دوا کھانسی کیلئے ایک خاص چیز ہے۔ خاص کر وہ کھانسی جو بوڑھوں کو لاحق ہوتی ہے۔ بے حد مفید ہے اور یہ پھیپھڑوں کے علاوہ معدے کو بھی طاقت دیتی ہے۔

## دق وسل کی کھانسی کیلئے مفید ھے

**ھوالشافی:** خشخاش ۱۰ گرام، نشاستہ، کتیرا، صمغ عربی۔ ہر واحد ۴ گرام۔ مغز تخم کدو، مغز بہدانہ۔ ہر واحد ۳ گرام۔ قند سفید کے قوام میں ملا کر لعوق بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ تا ۵ گرام۔

## نسخہ برائے ھاضمہ ومقوی معدہ

**ھوالشافی:** زنجبیل، سونف، پودینہ خشک، اجوائن، مرچ سیاہ، دارچینی، سہاگہ بریاں، نمک لاہوری، نمک سیاہ، نوشادر۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ پیپل ۱۰ گرام سب کو کوٹ کر باریک سفوف بنالیں۔ بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱گرام تک۔

## نسخہ برائے درستگی معدہ

**ھوالشافی:** زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، نمک سیاہ، ست لیموں، ہر بریاں، نوشادر ٹھیکری، تخم بہی، ہیر بھلہ، ہر واحد ۲۰ گرام۔ بادیان، کشنیز خشک ہر واحد ۱۰ گرام۔ ساقمونیا ۳ گرام، ست پودینہ ۳ گرام۔ ست پودینہ و لیموں کے علاوہ جملہ ادویہ باریک کر کے آخر میں دونوں ست کو ملا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام صبح و شام ہمراہ آب سادہ بعد از غذاء۔

## نسخہ عجیب الاثر

**ھوالشافی:** گل سرخ، سناکی، بادیان، ہرڑ زرد۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ زیرہ سفید، زیرہ سیاہ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ لونگ ۳ گرام۔ نوشادر، ٹاٹری یعنی ست لیموں۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ مذکورہ ادویات کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت بقدر ۳ گرام ہمراہ آب خالص سے۔

## ہچکی (فواق)

**ھوالشافی:** رائی ۳۰ گرام کو کھولتے ہوئے پانی بقدر ۲۵۰ گرام میں بھگو دیں ۱۵ یا ۲۰ منٹ بعد پُن چھان کر ایک دم پلا دیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

## شربت فولاد

**ھوالشافی:** فرائی ایٹ ایمونیم سائٹراس ۱۶ گرام۔ کو عرق گلاب ۳۷۵ ملی لیٹر میں حل کر کے مصری سفید ۷۵۰ گرام کیساتھ قوام دیں۔ آخر میں لائیکر آرسینی کیلس ۴۸ منم (اڑتالیس بوند) شامل کریں۔ بس شربت فولاد تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** ۱۰ گرام صبح و شام پانی یا شیر کے اضافہ سے استعمال کریں۔

**فوائد:** مقوی معدہ و جگر، بشرطیکہ معدہ زیادہ کمزور نہ ہو اگر بدہضمی ہے تو پہلے اس کا مشتہی اور ہاضم ادویہ سے علاج کریں۔

## ضعف جگر

**ھوالشافی:** افسنتین رومی، گل گاؤزبان، الائچی خورد، گل سرخ۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ مصطگی رومی، عود ہندی۔ ہر واحد ۶ گرام۔ سنبل الطیب ۹ گرام۔ سب کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام ہمراہ گلقند ۳۰ گرام سے صبح و سہ پہر کو دیا کریں۔



## اکسیر یرقان وضعف جگر

**ھوالشافی:** نوشادر ۱۰ گرام۔ قلمی شورہ ۲۰ گرام۔ افسنتین ۳۰ گرام۔ ریوند خطائی ۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد فی خوراک ۱۲۵ ملی گرام۔ صبح و شام ۵۰۰ ملی گرام ہمراہ آب کاسنی و مکو کھلاتے رہیں۔

## یرقان

**ھوالشافی:** تازہ مولی کے سبز پتوں کا رس ۵۰۰ ملی لیٹر لیکر اس میں سرخ شکر اس قدر ڈالیں کہ ذائقہ میٹھا ہو جائے روزانہ مریض کو پلائیں اگر مریض ایک وقت میں نہ پی سکے تو تمام دن میں تھوڑا تھوڑا پلائے۔ ہر قسم کے یرقان میں مفید ہے۔ اور پہلے روز ہی فائدہ کرتا ہے۔ بے ضرر و بے خطا نسخہ ہے۔

## تاپ تلی

**ھوالشافی:** شورہ قلمی، آملہ سار، نوشادر، مرچ سیاہ۔ برابر وزن لیکر کوٹ پیس کر ۲ رتی صبح و شام ہمراہ پانی سے دیں۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ تلی خواہ کتنی بڑھی ہوا پنی اصلی حالت پر آجائیگی۔

## نسخہ برائے بواسیر خونی وبادی

**ھوالشافی:** مغز تخم بکائن، مغز تخم نیم، رسونت، ہلیلہ خورد۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ مرچ سیاہ ۶ گرام۔ بجز رسونت تمام اشیاء کو پیس کر پھر رسونت کو پانی میں حل کریں باقی دوائی ملا کر مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ہر صبح کو چار گولیاں کھائیں اگر مزاج برداشت کرے تو چھ تک کھائیں۔ گھی وغیرہ خوب استعمال کریں۔ سرخ مرچ سے اجتناب۔

## قبض کیلئے

**ھوالشافی:** مغز تخم کوڑتمہ، مغز بادام مقشر، پھول گلاب، برگ سناء، سونٹھ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ دارچینی، دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، انجیر، مویز منقی۔ ہر واحد ۴۰، ۴۰ عدد۔ سب کی گولیاں بنائیں۔ دو گولی صبح و شام ہمراہ دودھ بوقت شب۔

## حب برائے بواسیر خونی وبادی

**ھوالشافی:** مغز تخم نیم ۱۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ، گوگل۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ سب کو باریک پیس کر حب بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔ ہر روز صبح کو ۶ گرام تک گولیاں شیرہ سونف اور شیرہ زیرہ سفید کے ساتھ مدت بعید تک استعمال کریں۔

## نسخہ قبض کشاء

**ھوالشافی:** سقمونیا ۱۰ گرام، مغز بادام ۱۰۰ گرام۔ سب کو کوفتہ بیختہ کر کے آدھا چمچ دودھ کے ساتھ سوتے وقت۔

## سفوف دافع القبض

**ھوالشافی:** سنائی، سونف۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ ہرڑ سیاہ ۲۵ گرام۔ سونٹھ ایک گٹھی۔ پہلے سنائی کی ڈنڈیاں صاف کرلیں پھر سنائی ہرڑ اور سونف کو قدرے روغن گاؤ میں چڑ لیں اور کوٹ چھان کر ۱۵۰ گرام چینی ملا کر سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت شب سوتے وقت نیم کف دست ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## نسخہ ہیضہ مجرب

**ھوالشافی:** نیم کے پھول ایک پاؤ۔ پودینہ۔ نمک لاہوری، آملہ خشک۔ ہرواحد آدھ پاؤ۔ سب کو پانی سے گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ ترکیب استعمال: ۲ گولی سرد پانی سے۔ اس سے معمولی اسہال بھی بند ہوجاتے ہیں۔ ہیضہ کے دنوں میں ایک گولی کھانے کے بعد بھی کھاسکتے ہیں۔

## نسخہ برائے گرمی مثانہ

**ھوالشافی:** تخم خرفہ، تخم کاہو، بھکوا، کوکنار مسلم۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ نبات سفید ۱۰۰ گرام سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ تا ۸ گرام پانی کیساتھ صبح وشام قبل از غذاء تقریباً آدھ گھنٹہ۔

## اکسیر ذیابیطس

**ھوالشافی:** گوماربوٹی ۱۰ گرام، افیون خالص ۶ گرام، کشتہ فولاد ۲۰ گرام۔ مغز خستہ جامن ۸۰ گرام۔ سب کس سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام سے ڈیڑھ گرام تک مکھن کے ہمراہ صبح وشام۔

## نسخہ برائے تقویت مثانہ

**ھوالشافی:** مغز بادام، سنگھاڑہ خشک، گوند ببول، مغز پستہ، زنجبیل، الائچی خورد، الائچی کلاں۔ ہرواحد ۲۰ گرام۔

**ترکیب تیاری:** ان سب کا سفوف بنا کر ۵ گرام دودھ سے صبح وشام استعمال کریں۔

## درد گردہ کی تیر بہدف دوا

**ھوالشافی:** ریوند خطائی، نوشادر، مصبر، سوہاگہ۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ کوفتہ بیختہ کر کے قدرے شکر ملا کر رکھیں

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت ۱ گرام تا ڈیڑھ گرام پانی کے ساتھ دیں۔ اگر پہلی مرتبہ آرام نہ آئے تو آدھ گھنٹہ کے بعد دوبارہ دیں۔ بفضلہ تعالیٰ نہایت اکسیر الاثر اور اعلیٰ چیز ہے۔



## ذکاوت حس

**ھوالشافی:** ستاور، ثعلب پنجہ والی، شقاقل، تخم قنب، شکرتری۔ ہم وزن لیکر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

## سفوف مغلظ

**ھوالشافی:** موصلی سفید انڈین، ثعلب پنجہ، سنگھاڑہ، تال مکھانہ۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ چھلکا اسبغول، دال ماش، ماش، مغز بنولہ، پستہ۔ ہرواحد ۱۰۰ گرام۔ مغز بادام ۲۵۰ گرام۔ کالی مرچ حسب طبع۔

**ترکیب استعمال:** کوٹ چھان کر ایک چمچ کی مقدار تقریباً ۳ پاؤ دودھ میں ڈال دیں یہ حلوہ تیار ہے۔

## سفوف مغلظ

**ھوالشافی:** دارچینی، مصطگی رومی، موصلی سفید، موصلی سیاہ، تال مکھانہ، کرکس، بیج اونٹکن، تودری سیاہ، تودری سفید، ثعلب مصری، شقاقل، ستاور۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ان سب کا سفوف بنا کر صبح وشام کھانے سے پہلے ۱۰ گرام دودھ سے۔

## نسخہ برائے مغلظ مادہ منویہ ومحرک

**ھوالشافی:** تال مکھانہ، مصطگی رومی، موصلی سیاہ، بہمن سفید۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ لاجونتی، موصلی سفید، رتن جوت، کٹھ میٹھا۔ ہرواحد ۲۰ گرام۔ اسبغول کا چھلکا ۱۰۰ گرام، کوزہ مصری ۱۱۰ گرام۔ سفوف تیار کریں

**ترکیب استعمال:** ۔۵ گرام دودھ سے۔

## نسخہ برائے قوت باہ

**ھوالشافی:** دال ماش ۲۵۰ گرام، مغز بادام، مغز چلغوزہ۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ بہوپھلی ایک بوٹا۔ پہلے دال کو پانی میں بھگوئے رکھیں جب پھول جائے تو چھلکا اتالیں اور اس دال وباقی ادویات کو کوٹ کر گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی صبح وشام بعد از غذاء دودھ سے۔

## نسخہ برائے دھات

**ھوالشافی:** تخم کونچ، تخم جامن، تخم ریحان، سنگھاڑے، موصلی سفید انڈین۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ مصری کوزہ ۲۰۰ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ان سب کا سفوف بنا کر ۶ گرام رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں۔

## حبوب مقوی باہ

**ھوالشافی:** سم الفار سفید، سہاگہ، تیلیا، فلفل سفید۔ ہرواحد ۱۰ گرام۔ سب کو آب چاہ میں کھرل کر کے حبوب فلفل بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی آدھ کلو دودھ کے ہمراہ کھانا کھانے کے بعد۔

## کشتہ سونا برائے قوت باہ امساک ومقوی اعضاء رئیسہ

**ھوالشافی:** برادہ سونا ۱۰ گرام۔ عرق بید مشک، عرق گلاب، عرق بادیان، عرق نیم، عرق ہاتھی سنڈی۔ ہرواحد ۵۰ گرام۔ برادہ سونا کو ان عرقوں میں باری باری کھرل کریں۔ ہر ایک عرق میں کھرل کرنے کے بعد ۵ کلو کی آگ دیں۔ اسی طرح پانچ دفعہ آگ پوری ہو جائیگی۔ (آتشی شیشی میں برادہ شدہ مادہ ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ گلابی رنگ کا کشتہ اپنی شکل پر نکلے گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول ۵۰ گرام مکھن سے۔

## کشتہ سونا (مرکب)

**ھوالشافی:** برادہ سونا، جست، تانبہ، ہرواحد ایک حصہ۔ برادہ چاندی دو حصہ، سکہ چار حصہ، قلعی آٹھ حصہ۔ حصہ۔ مذکورہ ترکیب کے ساتھ تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام۔ ۵۰ گرام مکھن سے۔

## کشتہ تانبا

**ھوالشافی:** برادہ تانبا لے کر ساتھ دفعہ آک کے شیر میں کھرل کر کے خشک کریں۔ دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سات بار آگ دیں۔ بعدہٗ نوشادر، قلمی شورہ، برادہ تانبا کے برابر آک کے دودھ سے کھرل کر کے سات دفعہ آگ دیں بعدہٗ نیم کے پانی ایک کلو سے اور پنیر کے پانی ایک کلو اور حرمل کا پانی ایک کلو ان میں ۶ کلو پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب ایک کلو پانی رہ جائے اس میں کھرل کر کے آگ دیں اسی طرح سات دفعہ پانی نکال کر آگ دیتے جائیں۔ یہ کل اکیس بار آگ ہوگی۔ پھر ایک کلو نغدہ حرمل میں چار دفعہ دس سیر کی آگ دیں اسی طرح پچیس دفعہ آگ دیں۔ دس کلو سے آگ زیادہ ہو جائے تو بہتر ہے۔ اگرچہ کسی کمہار کے آوے میں کیوں نہ ہو۔

**صفائی اور سفیدی:** پانی ایک کلو میں ان دونوں کو حل کریں۔ برتن شیشے، چینی یا مٹی کا ہو میں ڈال کر ایک گھنٹہ پڑا رہنے دیں۔ پھر کشتہ ملالیں۔ نیلا پانی نکلے گا، جتنا نیلا پانی نکلے گا نکالے جاؤ، سفید کپڑے کی طرح کشتہ برآمد ہوگا۔ اگر دل چاہے تو ایک آگ دیں۔ اور شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔



## دوائے ممسک

باہ کو تقویت دیتی ہے اور امساک کو پیدا کرتی ہے۔ غایت درجہ ممسک ہے۔

**ھوالشافی:** پارہ مصفی، سنکھیا سفید، افیون۔ ہم وزن لیکر آٹھ پہر تک مسلسل کھرل کریں حتی کہ یکجان ہو جائے۔ شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقت ضرورت نصف چاول مسکہ گاؤ میں ملا کر استعمال کریں۔ اگر انزال میں دیر ہو جائے اور پیشانی پر پسینہ آجائے تو کوئی ترش چیز کھائیں۔

## نسخہ برائے امساک

**ھوالشافی:** عقرقرحا ۱۰ گرام، زاعفران، لونگ سفید ہرواحد ۶ گرام۔ افیون ۳ گرام۔ مشک سیاہ خالص ۱ گرام۔

**ترکیب استعمال:** ۱ گرام (مشک کا بدل عنبر ہے بصورت دیگر استعما میں لائیں)

## نسخہ برائے امساک

**ھوالشافی:** شنگرف، سم الفار، افیون۔ ہرواحد ۵ گرام۔ ان تینوں ادویات کو زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد میں خوب کھرل کیا جاوے تو پھر حب بقدر دانہ موٹھ تیار کی جائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی بوقت شب ہمراہ شیر شکم سیر استعمال کی جائے۔

## برقی پانوڈر

**ھوالشافی:** خراتین مصفی اچھی طرح باریک کرلیں۔ اور اس کے ہم وزن مصری ملا کر سفوف بنا کر نگاہ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۴ گرام ہمراہ شیر گرم۔ ایک ماہ تک استعمال کر لیا جائے تو دوسری شادی کی ضرورت محسوس ہوگی۔

## نسخہ برائے طلائے جدید

**ھوالشافی:** سنکھیا سفید، ۱۰ گرام کو شیر مدار ۲۰ گرام میں کھرل کر کے خشک کرلیں اور بیر بہوٹی، لونگ، جلوتری، عاقرقرحا، جائفل۔ ہرواحد ۲۰ گرام۔ مشک، زاعفران۔ ہرواحد ۸ گرام، باریک کر کے ملائیں اور گائے کے گھی میں بوقت ضرورت ایک یا دو رتی یہ طلاء حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو پر مالش کریں اور پان کا پتہ لپیٹ کر کچا دھاگہ باندھ دیں، صبح نیم گرم پانی سے دھو کر صاف کپڑے سے

خشک کریں۔ چند روز بعد اگر دانے نکل آئیں تو طلاء کا استعمال بند کر کے گھی میں پیاز جلا کر گھی لگائیں جب دانے ٹھیک ہو جائیں تو دوبارہ طلاء کا استعمال شروع کر دیں۔

## طلائے سیاہ

جلق سے پیدا شدہ نقائص کو دور کر کے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

**ھوالشافی:** بینگن ایک عدد لیکر اس میں پچاس عدد قرنفل دراز چبھو کر سایہ میں رکھ دیں۔ دس دن کے بعد یہ بینگن اور ۱۰ گرام لہسن مقشر آدھ سیر تلوں کے تیل میں پکائیں جب کسی قدر سوختہ ہو جائیں تو اتار کر اس میں ۵۰ گرام ملا کر خوب رگڑیں تا کہ مرہم بن جائے۔

**ترکیب استعمال:** بطریق معروف لگائیں۔

## طلائے دار چینی مشک والا

عضو کو فربہ اور سخت کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** شنگرف، ہڑتال طبقی، سیماب، کچلہ، عاقر قرحا، پیاز نرگس، دار چینی۔

**ترکیب استعمال:** مساوی الوزن پیس کر قدرے مشک ملا کر ذرہ لگائے میں کھرل کریں اور عضو پر لگا کر پان کا پتہ باندھ دیں۔

## اکسیر سم الفار

**ھوالشافی:** سم الفار ۳ گرام، زاعفران خالص ۶ گرام۔ کتھ سفید ۲۰ گرام۔ ان کو خوب باریک پیس کر عرق لیموں ایک بوتل میں کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ حبوب تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی رات کو سوتے وقت تین پاؤ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ گھی مکھن اور مرغ اغذیہ کا زیادہ استعمال کریں۔ اگر پیاس لگے تو دودھ بقدر ضرورت پی لیں۔ از حد مقوی باہ اور مفرح اثر رکھتا ہے۔ جو اصحاب اس کو تیار کر کے اس کا استعمال کریں وہ خود اس کا اندازہ فرمائیں گے۔ چالیس سال سے اوپر عمر والے ہی اس کو استعمال کریں تو بہتر ہے۔

## طلائے ملذذ

طرفین میں لذت و سرور پیدا کرتا ہے۔

**ھوالشافی:** عاقر قرحا، سہاگہ خام، کافور۔ سب ہم وزن باریک پیس کر شہد میں حل کر لیں۔ بوقت ضرورت ۴ رتی عضو پر لیپ کریں ایک گھنٹہ بعد کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں۔

## اکسیر برائے ملذذ



**ھوالشافی:** آب برگ سبز لاجونتی ۶ گرام، جند بیدستر، عطر گلاب ۴، ۴ رتی، شہد خالص ۲ گرام، مشک کافور، زاعفران اصلی ۶، ۶، ۶ رتی، وائزلین، موم ولائتی خالص۔ ۳، ۳ گرام۔ تمام ادویات کو ملا کر آب بوٹی مذکور شہد و عطر گلاب وائزلین میں ملا کر تیار کر لیں۔ طرفین کو لذت حاصل ہو گی۔ خوب ہے۔

## ذوق شباب

نہایت مقوی باہ، مقوی دماغ، مقوی معدہ و جگر ہے۔ خون پیدا کرتا ہے، جریان، احتلام، رقت منی اور دمہ و غیرہ کیلئے اکسیر ہے۔

**ھوالشافی:** بیج بند ۱۵۰ گرام، موصلی سفید، جاوتری، ساذج ہندی، زاعفران کشمیری ہر واحد ۲۰ گرام۔ جائفل، دار چینی، لونگ، خولنجاں۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ ان ادویات کو باریک پیس کر رب لعاع، رب خصیہ۔ ہر واحد ۱۰۰ گرام۔ کشتہ فولاد، کشتہ سم الفار، ۳، ۳ گرام، کشتہ مثلث، کشتہ صدف، مروارید ی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ کشتہ چاندی ۶ گرام، ورق طلاء ایک گرام۔ سب کو خوب ملا کر گلیسرین یا شہد اس قدر شامل کریں جس سے نرم معجون بن جائے۔

**ترکیب استعمال:** ۳ تا ۴ گرام غذاء کے بعد دودھ سے۔

**ترکیب رُب خصیہ:** جوان بکرے کے تازہ خصیے پاؤ لیکر اوپر سے جھلی اتار دیں اور ایک پاؤ چینی ملا کر ہاتھ سے ملیں جب شربت کی صورت بن جائے تو بھاپ پر خشک کریں اسی ترکیب سے رب لعاع تیار کر سکتے ہیں۔)

## سفوف مغلظ

جریان واحتلام کی بہترین دواء ہے۔

**ھوالشافی:** سمندسوکھ، بیج بند، تخم سریالہ، تخم بھنگ۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ کشتہ چاندی، کشتہ قلعی۔ ہر واحد ۳ گرام۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح و شام دودھ کے ہمراہ۔

## سفوف مقوی الجسم

**ھوالشافی:** ثعلب پنجہ، ثعلب مصری، موصلی سفید انڈیا۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد، کشتہ نقرہ بھنگ والا۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ چینی ایک پاؤ ملا کر پاؤڈر بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ گرام صبح و شام دودھ نیم گرم شیریں سے کھائیں۔

## معجون مقوی الجسم

**ھوالشافی:** مربی سیب، مربہ آملہ بناری، مربہ ہلیلہ، مربہ بہی، مربہ اشرفی (پیٹھہ)۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ مغز بادام، گری، مغز پستہ، مغز فندق۔ ہر واحد ۱۰۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۸ گرام، مغز چلغوزہ، مغز کریوزہ، مغز تربوز، مغز خیار، طباشیر انڈیا۔ ہر واحد ۵۰ گرام۔ شہد ۳۰۰ گرام۔ روغن زرد ایک کلو چینی سفید ایک کلو ورق طلاء ۲۵ عدد، ورق چاندی ۵۰ عدد۔ ابتدا مربہ جات کو خوب روغن زرد بریاں سازند وقوام نبات سفید آمیختہ ازاں بعد مغزیات خام کوفتہ آمیزند و ادرق در شہد آمیختہ باہم مرکب سازند۔

## کمیٔ شہوت

**ھوالشافی:** صبح کو چلنے تک سفوف موصلی سفید ۲۰ گرام۔ آدھ سیر شیر گاؤ میں جوش دیں۔

**ترکیب استعمال:** جب گاڑھا ہو جائے تو ایک چمچہ تک شہد خام ملا کر استعمال کریں۔

## شہوت میں کمال پیدا کرے

**ھوالشافی:** دارچینی سفوف۔ سہ چند شہد خالص۔

**ترکیب استعمال:** نہار منہ ۶ گرام

## خون حیض کو بند کرنا

**ھوالشافی:** تخم گاجر، تخم مولی، گڑ پرانا۔ سب برابر وزن حب بقدر نخود بنائیں

**ترکیب استعمال:** صبح و شام استعمال کریں۔

## دائمی لیکوریا

**ھوالشافی:** کشتہ مرگانگ، طباشیر نقرہ، پھٹکڑی بریاں۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ باہم ملا کر سفوف بنالیں ترکیب استعمال: ۱ گرام گرمیوں میں دہی اور سردیوں میں دودھ سے۔

## برائے کثرت سیلان، طمث واستحاضہ

**ھوالشافی:** سنگجراحت، مصری کوزہ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ گوند چینہ ۱۰ گرام۔ مائیں خورد ۶ گرام۔ سب کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۶ گرام ہمراہ شیر گاؤ ۲۰۰ گرام سے۔

## بچوں کا سوکھ جانا

**ھوالشافی:** طباشیر، زہر مہرہ، الائچی سبز کا دانہ، نربسی کوٹی ہوئی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ عرق گلاب اصلی ۲۰۰ گرام۔ پہلے سب اشیاء کو کوٹیں یا کھرل کریں۔ پھر عرق گلاب میں کھرل کر کے رتی برابر



گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی عرق گلاب و سونف وگاؤزبان سے دیں۔

## اسہال اطفال

**ھوالشافی:** گل انار ۳ عدد، مائیں چاکسو مقشر، سونٹ زرد، زرچوبہ، زیرہ سفید، زرد چوب مقشر، برگ نیم، برگ بانسہ، برگ مغیلاں۔ ہر واحد ۲ گرام۔ افیون ایک گرام۔ سب اجزاء کو خوب کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ماں کے دودھ کیساتھ دیں۔

## نسخہ برائے درد خاص وعام

**ھوالشافی:** سنڈھ ۲۰ گرام، خشخاش، سورنجاں شیریں، کوزہ مصری۔ ہر واحد ۵۰ گرام سفوف بنالیں ترکیب استعمال: ۱ گرام صبح، دوپہر، شام دودھ سے۔

## تقویت اعصاب (مالش)

**ھوالشافی:** زرنبوہ، کچلہ مدبر، نوشادر، صندل سرخ، جوز بوا، لونگ، چھوٹی الائچی، میدی لکڑی، ماکر موتھا، جلوتری۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ اشنہ، مغز بنولہ، چاکسو۔ ہر واحد ۳۰ گرام۔ ان تمام اشیاء کو رات آدھا کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس پانی میں آدھا کلو تلوں کا تیل ملا کر ادویہ کو پکائیں پھر چھان کر گرم گرم تیل میں ۲۰ گرام رتن جوت باریک پسی ہوئی ملالیں بس تیار ہے۔

## درد کمر کا نسخہ

**ھوالشافی:** اسگندھ ناگوری، سالا مول، گھیکوار ۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ باریک پیس کر ۵۰ گرام چینی ملالیں۔ روزانہ ۱۰ گرام صبح دودھ سے کھائیں۔ یہ درد کمر کا اچھا علاج ہے۔

## عرق النساء

**ھوالشافی:** سورنجاں شیریں، تربد سفید۔ ہر واحد ۳۰ گرام۔ سناکی ۲۰ گرام، مغز بادام ۱۰ گرام۔ زاعفران ایک گرام۔

**ترکیب استعمال:** سب ادویہ کو خوب باریک پیس کر صبح کے وقت ۱۰ گرام اور رات کو سوتے وقت ۱۰ گرام سے ذرا کم مقدار میں تازہ پانی سے کھالیا کریں۔

**فوائد:** وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء اور وجع الورک کیلئے بے حد مجرب ہے۔

## سفوف مصفی الدم

**ھوالشافی:** گل شیشم، گل نیم۔ دونوں ہم وزن در سایہ خشک کردہ سفوف تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ تا ۶ گرام ہمراہ آب بعداز غذاء استعمال کریں۔
پھوڑے، پھنسیاں اور پت دانہ کو مفید ہے۔

## نسخہ برائے خارش تر وخشک

**ھوالشافی:** گندھک ۱۰ گرام، پارہ ۶ گرام۔ ہر دو کو ملا کر پیسیں اور پھر ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب پگھل جاویں تو پھر خالص سرسوں کا تیل ۱۰۰ گرام ڈال دیویں۔ اور ایک دو جوش دے کر اتار لیں پھر تیل کو چھان کر اس کی مالش کریں۔ آدھ گھنٹہ کے بعد صاف پانی سے صابن مل کر غسل کریں۔ تین چار روز میں خارش جاتی رہے گی۔ انشاء اللہ اگر ممکن ہو تو دوسرے روز کپڑے بدل لیں۔

## نسخہ مرہم برائے خارش تر وخشک

**ھوالشافی:** مردہ سنگ، کافور۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ الائچی خورد ۳ گرام۔ مسکہ گاؤ ۵۰ گرام جو کہ اکتالیس بار دھویا ہوا ہو میں دوسری ادویات کو کوٹ کر ملا لیں۔ نہایت اعلیٰ درجہ کی چیز ہے۔

## جلاب برائے آتشک

**ھوالشافی:** گڑ کو تھوہر کے دودھ میں تر کر کے گولیاں بقدر نخود صغیر بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گولی ہمراہ آب استعمال کریں اور جب جلاب بند کرنا ہو تو آب سرد یا دودھ استعمال کریں۔

## ملیریا بخار کیلئے

**ھوالشافی:** ملیریا بخار میں صرف نوشادر ۱ گرام پانی سے دیں بخار زیادہ ہونے پر دو دفعہ کھلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ رک جائے گا۔ ورنہ دوسرے دن بھی استعمال کریں۔

## مکسچر عام بخاروں کیلئے

عام بخاروں کو اتارنے کیلئے یہ مکسچر مجرب ہے۔

**ھوالشافی:** نوشادر۔ قلمی شورہ ہر واحد ۱۰ گرام۔ بوتل بھر پانی میں حل کر دیں اور دو دو گھنٹہ کے بعد دو گھونٹ پلا دیا کریں۔ بخار انشاء اللہ یقیناً کم ہو جائے گا۔

## سرکہ بنانے کا اعلیٰ نسخہ

سرخ کشمش یعنی میوہ، قند سیاہ ہر واحد ۵ کلو۔ پانی ایک من۔ رائی کوفتہ بیختہ بپارچہ ململ نصف کلو۔ نمک خوردنی۔ مرچ سیاہ۔ تیز پات۔ ہر واحد ۱۲۵ گرام۔ ان تمام اشیاء بالا کو مٹکہ میں ڈال کر گردن تک زمین میں کریں تو بہتر ہے۔ ورنہ دھوپ میں رکھ دیں اور مٹکہ کے منہ پر سرپوش دیدیں۔ دس دن تک



ہلا کے رہنے دیں۔ بعد چالیس دن کے سرکہ تیار ہو جائیگا۔ چھان کر نکال لیں اور پھر اسی مٹکہ میں دوبارہ بالا تمام چیزیں ڈال دیں لیکن دوسری تیسری دفعہ کشمش ڈالنے کی ضرورت نہیں پہلی دفعہ کی ڈالی ہوئی کشمش ہی مٹکہ میں رہنے دیں اسی کشمش سے دو دفعہ سرکہ بن جائیگا۔ اگر تیز پات نہ مل سکے تو بے شک نہ ڈالیں اس کے بغیر بھی سرکہ تیار ہو جائیگا۔ اس طریقہ میں کشمش ملانی نہیں پڑتی۔ پہاڑوں پر ایک درخت (ترامرا) نام کا ہوتا ہے۔ جس کو پہاڑی لوگ تمرو بھی کہتے ہیں پنساری اور وئید حکیم اس درخت کا نام تیج بل کہتے ہیں اسی درخت کے پتے تیج پات کہلاتے ہیں۔ شملہ، دھرمسالہ، منڈی کوہ مری، نینی تال اور کشمیر وغیرہ میں یہ درخت ہوتا ہے وہاں کے لوگ اس کی شاخ کے داتن کرتے ہیں اسی سے کمر لے کے لیے اٹھے بناتے ہیں۔

## شربت کاسنی محلل اورام ہر قسم

**ھوالشافی:** سہاگہ خام، ریشہ خطمی۔ ہر واحد ۶ گرام۔ بہدانہ، اسبغول، گل سرخ، اا ترلی۔ ہر واحد ۱۰ گرام۔ تخم خطمی تخم کرفس۔ ہر واحد ۲۰ گرام۔ سپستان ۵۰ گرام۔ مویز منقیٰ، انجیر زرد، آب خمو اسبز مروق۔ آب برگ مولی سبز مروق، آب کاسنی سبز مروق۔ ہر واحد ۱۰۰ گرام۔ کھانڈ تین کلو۔ پہلے خشک دواؤں کو آٹھ گھنٹہ تک رات کو پانی میں بھگو رکھیں اور صبح جوش دیں کہ نصف پانی رہ جائے تو پانی مروق کا اضافہ کر کے چینی شامل کر کے قوام شربتی بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ گرام صبح وشام پلائیں۔ دودھ بکری یا دودھ گائے ایک پاؤ میں ملا کر پلائیں۔

**فوائد:** ورم رحم، ورم معدہ، ورم جگر، ورم امعاء، ورم مثانہ اور بالخصوص ورم صلب رحم کیلئے نہایت مفید ہے۔


**موم بتی بنائیں ۔ہزاروں کمائیں**

موم بتی کے سانچے بنانے والے

ہمارے ہاں جاپانی، چینی، لوکل اور آرڈر پر ہر قسم کے موم بتی کے سانچے تیار کئے جاتے ہیں۔ اپنے گھر میں بغیر بجلی اور گیس کے موم بتیاں تیار کریں۔

ملک افتخار شکلین گلی نمبر 7 بشارت ٹاؤن موڑ ایمن آباد ضلع گوجرانوالہ

فون نمبر 0300 4193600 آنے سے پہلے فون پر رابطہ کریں

## چہرہ کو حسین بنانا اور داغ دھبوں سے صاف کرنا

**ھوالشافی:** قسط شیریں سفوف بنا کر تنہا چہرہ پر ملیں۔ یا کسی ابٹن میں یا اور دوسری مجلّی دوائیوں کے ہمراہ بصورت سفوف چہرہ پر ملیں۔ چہرہ کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ (مجلّی ہے) بصورت زنجبیل یا خولنجاں۔

## چھائیاں مہاسے

**ھوالشافی:** اجوائن دیسی ۳۰ گرام۔ کو خوب باریک پیس کر اس میں ۲۵ گرام دہی ملا کر رات کو سوتے وقت چہرہ پر ملیں اور صبح کو گرم پانی سے دھوڈالیں۔

## شربت حُسن افزا

**ھوالشافی:** شنگرف رومی ۱۰ گرام۔ نٹاڑی ۱۰ گرام۔ ہر دو کو باہم ملا کر بارہ گھنٹہ تک خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں۔ ازاں بعد ایک سیر مصری کا قوام بنائیں جب قوام ٹھیک ہو جائے تو مندرجہ بالا ہر دونوں دوا کا سفوف شامل کریں۔ اور نیچے اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر ست لاچی خورد ۳ گرام، ست پودینہ ڈیڑھ گرام شامل کریں۔ بس شربت حُسن افزا تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** شربت مذکور ۲۰ گرام لیکر پانی میں ملا کر نوش فرمائیں دن میں ایک مرتبہ دوران استعمال میں دودھ وگھی کا خوب استعمال کریں۔

**فوائد:** مقوی باہ، مقوی جگر اور مقوی قلب ہے۔ رقت منی اور جریان کے ازالہ کیلئے نہایت مفید ہے۔ چونکہ اس کے استعمال سے خون وافر مقدار میں طاقت اور توانائی پیدا کرتا ہے۔ یہ شربت کا ایک ایسا نسخہ ہے جس کے سامنے تمام شربت فولاد وغیرہ ہیچ ہیں۔

## نسخہ پنجیری

**ھوالشافی:** سوجی گندم ۲۵۰ گرام، روغن زرد ۲۵۰ گرام۔ مصری آدھ کلو، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز بادام، مغز نارجیل، مغز گردگان، مغز کدو، مغز خیار۔ ہر واحد ۴۰ گرام۔ روغن زرد میں سوجی کو خوب بریاں کر کے مغزیات و مصری ملا کر پنجیری بنالیں۔



# نسخۂ اعجازِ حیات

## المعروف

## بیاضِ اعجاز




## مصنف

پروفیسر حکیم محمد اعجاز احیدر

## سفوف ریاح

**اجزاء و ترکیب ساخت:** آدھ پاؤ میٹھا سوڈا۔ آدھ پاؤ نوشادر۔ دونوں کو کوٹ پیس کر باریک کر لیں۔ ان دونوں کو مٹی کے برتن میں ڈال کر نصف کلو پانی ڈال دیں اور آگ پر ہلکی آنچ پر رکھ دیں۔ جب سارا پانی خشک ہو جائے سفوف کی مانند ہو جائے تو یہ بہترین اور مفید ترین ہاضم سفوف تیار ہو جائے گا۔

**ترکیب استعمال:** ایک چٹکی تا دو چٹکی ہمراہ آب تازہ صبح، دوپہر، شام۔

**فوائد:** ریاح، نفخ، بدہضمی کا علاج ہے۔

## حب مصطگی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ریوند عصارہ۔ مصبر۔ مصطگی ہر ایک ۱۰ گرام۔ پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا ۲ گولی ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** صفرا و سودا کا اخراج کرتی ہے۔ پاخانہ بافراغت لاتی ہے۔

## سفوف حصاۃ کلیہ ریحی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جوکھار۔ سرد چینی۔ زیرہ سفید۔ کاکنج۔ کلتھی۔ نوشادر ٹھیکری۔ سنگِ یہود۔ سنگ سرماہی۔ تخم گاجر۔ سوئے۔ تخم مولی۔ تمام ادویات ہم وزن لے کر کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ تا ۵ گرام ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان، گاؤزبان نصف نصف کپ تین دفعہ دن میں۔

**فوائد:** درد گردہ بوجہ ریاح کیلئے حکمی علاج اور آزمودہ مرکب ہے۔ مدر بول بھی ہے۔

## سفوف متلی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اناردانہ۔ سماق دانہ۔ دھنیہ خشک۔ زرشک شیریں۔ نمک سانبھر ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** آدھا چمچ چائے والا صبح، دوپہر، شام قبل از غذا ہمراہ آب تازہ یا نصف کپ عرق پودینہ۔

**فوائد:** قے، متلی اور ابکائی کیلئے معمول مطب نسخہ ہے۔



## سفوف مشتہی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** انیسون۔ سوئے۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۱۰۰، ۱۰۰ گرام۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ نمک سیاہ ہر ایک ۵۰، ۵۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ آب تازہ بعد از غذا صبح، دوپہر، شام

**فوائد:** ہاضم، مشتہی، کاسر ریاح اور پیٹ کے بڑھنے کو کنٹرول کرتا ہے۔

## ہاضم گلاب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل سرخ ۵۰ گرام۔ زیرہ سفید ۵۰ گرام۔ سنامکی ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰۰ گرام۔ چھوٹی الائچی ۲۰ گرام۔ نوشادر ۵۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۵۰ گرام۔ بادیان ۱۰۰ گرام نمک سیاہ ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام ہمراہ آب تازہ صبح، دوپہر، شام قبض کی صورت میں آب نیم گرم سے استعمال کریں۔

**فوائد:** امراض معدہ کا شافی اور مجرب علاج ہے۔

## سفوف پیچش

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کافور ۹ گرام، مازو ۹ گرام، مائیں ۹ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۲۰ گرام، پوست آملہ خشک ۲۰ گرام، صمغ عربی ۳ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر گولی بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف تا ایک گولی ہمراہ شربت انجبار ۲ چمچ نصف گلاس پانی صبح، دوپہر، شام

## دیگر سفوف پیچش

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پودینہ دیسی، نسپال اور سبوس اسبغول ہموزن لیں۔ ساتھ ایک گرام سفوف مذکورہ بالا نسخہ کے ہمراہ دیں۔ انشاء اللہ صحت کلی حاصل ہوگی۔

**فوائد:** دست، پیچش خونی کیلئے ہزاروں کا آزمودہ نسخہ ہے۔

## سفوف بواسیر خونی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہلیلہ زرد ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام۔ بادیان ۵۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف گرام ہمراہ آب تازہ صبح نہار منہ شام بوقت عصر

**فوائد:** خونی بواسیر کیلئے آسان اور سستا علاج ہے۔

## حب بواسیر خونی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایلوا ہلدی ۲۰ گرام۔ موم دیسی ۴۰ گرام۔ پیس چھان کر موم کی مدد سے نخودی گولی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ سے۔

**فوائد:** خونی بواسیر کیلئے بہترین نسخہ ہے۔

## اکسیر سنگرھنی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام۔ اجوائن دیسی ۱۰۰ گرام۔ نسہال ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گرام ہمراہ آب تازہ صبح، دوپہر، شام بعد از غذا۔

**فوائد:** سنگرہنی پرانی یا آنتوں کی سوزش کا شافی علاج ہے۔

## سفوف جگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** الائچی خورد ۵۰ گرام۔ مغز خیارین ۱۰۰ گرام۔ تخم کاسنی ۲۰۰ گرام۔ تخم خرفہ ۲۰۰ گرام۔ ریوند چینی ۲۰۰ گرام۔ سبوس اسپغول ۲۰۰ گرام۔ طباشیر کبود ۵۰ گرام۔ زرشک شیریں ۵۰۰ گرام۔ گل سرخ ۵۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف چمچ چائے والی صبح نہار منہ شام بوقتِ عصر ہمراہ شربتِ جگر ۳ چمچ

**فوائد:** حرارتِ جگر کیلئے انتہائی مفید ہے اور معمول مطب ہے۔

## شربت جگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** جڑ کاسنی ۳۵۰ گرام۔ تخم کاسنی ۱۷۵ گرام۔ ریوند چینی ۱۷۵ گرام۔ گلسرخ ۱۷۵ گرام۔ تخم کشوث ۱۵۰ گرام۔ (پوٹلی بستہ) گل نیلوفر ۱۰۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۱۰۰ گرام۔ الائچی سبز ۱۰۰ گرام۔ حسب دستور ۱۵ بوتل شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ چمچ درج بالا نسخہ کے ساتھ۔

**فوائد:** حرارتِ جگر کیلئے انتہائی مفید ہے اور معمول مطب ہے۔

## شربت ورم جگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل گاؤزبان۔ ملٹھی۔ زنجبیل۔ عناب ہر ایک ۵۰ گرام۔ تخم املتاس ۱۲۰ گرام۔ سنا مکی ۷۵ گرام۔ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ حسب دستور شربت تیار کرلیں۔



**ترکیب استعمال:** ۵ چمچ ہمراہ نصف گلاس پانی میں ڈال کر صبح و شام۔

**فوائد:** ورم معدہ و جگر کیلئے مجرب و آزمودہ ہے۔

## سفوف ورم جگر مقعر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل ۱۰۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۳۰ گرام۔ قلمی ورہ ۵۰ گرام۔ جوکھار ۵۰ گرام۔ ریوند خطائی ۱۰۰ گرام۔ سنا مکی ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان + کاسنی نصف کپ صبح دوپہر شام بعد از غذا دو گھنٹے۔

**فوائد:** ورم جگر مقعر سے پیدا ہونے والی علامات کا آسان علاج ہے۔

## اکسیر جگرین

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم کاسنی ۱۰ گرام۔ ہلدی ۲۰ گرام۔ مجیٹھ ۳۰ گرام۔ تخم مکو ۲۰ گرام۔ افسنتین ۳۰ گرام۔ تریھلہ ۷۵ گرام تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام سفوف ہمراہ عرق مکو، کاسنی نصف کپ صبح و شام بعد از غذا

**فوائد:** ہیپاٹائٹس (B.C) کیلئے اور دیگر امراضِ جگر کا شافی علاج ہے۔

**نوٹ:** عرق مکو + کاسنی + برنجاسف + تریھلہ استعمال کروانا سونے پہ سہاگہ ہے۔

## گھوٹہ اکسیر جگر خاص

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زرشک۔ مغز بادام۔ مغز خیارین۔ کاہو۔ خرفہ۔ اناردانہ۔ پودینہ خشک۔ کاسنی۔ گوکھرو ہر ایک ۵،۵ گرام۔ الائچی خورد ۵ عدد جملہ ادویہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں شب بھر بھگودیں۔ صبح گھوٹ کر کپڑے سے چھان لیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ دوپہر اور شام ایک گلاس پلائیں۔

**فوائد:** امراضِ جگر حار کیلئے مفید ترین ہے۔ **نوٹ:** ۴۰ روز کا استعمال ضروری ہے۔

## شربت سوسنی مرکب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ کاسنی ۱۰ گرام۔ تخم کاسنی ۲۰ گرام۔ بیخ کاسنی ۲۰ گرام۔ بادیان ۲۰ گرام۔ بیخ بادیان ۲۰ گرام۔ ملٹھی ۲۰ گرام۔ ۵ کلو پانی میں جملہ ادویہ شب بھر بھگودیں۔ صبح جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو مل چھان کر پن کر حاصل شدہ پانی میں چینی تقریباً ۲۵۰ گرام کا قوام شربت تیار کریں۔ اور ۲ گرام ٹاٹری ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ تا ۵ چمچ ہمراہ عرق گلاب یا آب تازہ میں ملا کر صبح و شام استعمال

کرائیں

**فوائد:** جملہ امراض جگر کا ذاتی مجرب نسخہ ہے۔

## سفوف کبد

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ملٹھی ۵۰ گرام۔ گل بنفشہ ۵۰ گرام۔ افسنتین ۲۰ گرام۔ گل سرخ ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام ہمراہ آب تازہ یا عرق کاسنی + مکو نصف کپ صبح و شام

**فوائد:** امراض جگر کا شافی علاج ہے۔

## عنابی کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ نیم ۱۰۰ گرام۔ برگ سنا مکی ۵۰ گرام۔ گل سرخ ۵۰ گرام۔ عناب خشک ۲۵ دانے جملہ ادویہ کو الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول تا ۱۰۰۰ ملی گرام کیپسول صبح و شام ہمراہ شربت عرق مصفی یا آب تازہ یا شربت عناب سے دیں۔

**فوائد:** الرجی۔ خارش۔ پھوڑے۔ پھنسی اور دیگر جلدی امراض کا شافی علاج ہے۔

## عرق شفافی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ نیم۔ چھال نیم۔ برگ کاسنی۔ گلو۔ چرائتہ شیریں۔ شاہترہ۔ گل سرخ۔ افسنتین۔ ملٹھی۔ سنا مکی۔ عناب ہر ایک ۲۰،۲۰ گرام۔ جملہ ادویہ کو شب بھر سولہ گنا پانی میں بھگو دیں صبح ۸ گنا عرق کشید کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰ گرام عرق ہمراہ شربت بزوری یا بدرقہ مناسبہ صبح و شام۔

**فوائد:** جلدی امراض۔ خصوصاً خارش۔ پھوڑے۔ پھنسی۔ چہرے کے داغ۔ ذیابیطس اور امراض جگر اور بخار میں شفائی اثرات کا حامل نسخہ ہے۔

## الرجی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** برگ سنا مکی ۶۰ گرام۔ گندھک آملہ سار ۸۰ گرام۔ ملٹھی ۶۰ گرام۔ بادیان ۸۰ گرام۔ چینی ۵۲۰ گرام سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف گرام تا ایک گرام ہمراہ آب تازہ تین وقت بعد از غذا۔

**فوائد:** الرجی، پھوڑے پھنسی اور چہرے کے داغوں کیلئے۔



## دیگر الرجی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پودینہ خشک ۵۰ گرام۔ بادیان ۵۰ گرام۔ شکر سرخ ۵۰ گرام کشنیز خشک ۲۵ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام تا دو گرام ہمراہ آب تازہ صبح و شام بعد از غذا۔

**فوائد:** جملہ نسخہ جات آزمودہ ہیں۔ الرجی اور خارش اور دیگر جلدی امراض کیلئے مفید ہے۔

## نسخہ چنبل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سرخ کمیلہ۔ مردار سنگ دونوں ۱۰،۱۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دیسی گھی یا مکھن یا ویزلین میں ملا کر دن میں تین بار استعمال کریں۔

**فوائد:** چنبل اور داد کا بہترین علاج ہے۔

## طلسم خارش خشک و تر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گندھک آملہ سار۔ قلفل گرد۔ مردار سنگ۔ طوطیا۔ کمیلہ۔ بابچی۔ پارہ۔ تمام ادویات ہم وزن لیں۔ پارہ اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ بقیہ ادویات باریک شدہ ۱۰۰ مرتبہ دھویا ہوا مکھن میں ملا کر جسم پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ نصف گھنٹے بعد نہا لیں۔ نہانے سے قبل کپڑے سے پہلے جسم صاف کر لیں۔

**فوائد:** خارش خشک اور تر کا آزمودہ نسخہ ہے۔

## بخاری سفوف

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گئودنتی ۱۰۰۰ گرام۔ ست گلو ۲۰۰ گرام۔ ست اجوائن ۵۰ گرام۔ گئودنتی کو برگ نیم کا نغدہ بنا کر کشتہ تیار کریں۔ بعد میں دونوں ادویہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام تین وقت ہمراہ دودھ۔

**فوائد:** ہر قسم کے بخار کیلئے معمول مطب نسخہ ہے۔

## سفوف بخار ٹھنڈک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشتہ ابرک سیاہ ۵۰ گرام۔ الائچی سبز دانہ ۲۰ گرام۔ قلمی شورہ ۱۰ گرام۔ مصری ۸۰ گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام ہمراہ آب تازہ یا شربت بزوری معتدل صبح، دوپہر، شام دیں۔

**فوائد:** تقویت کیلئے خمیرہ جات کا استعمال بھی ضروری ہے۔

**نوٹ:** زنجبیل ۳ گرام رات کو بھگو دیں صبح بطور خیساندہ پلائیں یہ بھی مفید ہے۔

## حب کرم افزاء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نمک جنگلی گھاس (کھمبل گھاس) ۵۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۲۵ گرام۔ شیر برگد ۵۰ گرام۔ جملہ ادویہ کو باہم ملا کر بقدر نخودی گولی بنالیں اور چاندی کے ورق چڑھالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی ہمراہ شیر گاؤ، صبح وشام بعداز غذا دو گھنٹے

**فوائد:** کرم ہائے منویہ کی پیدائش میں اضافہ کرنے والا مجرب نسخہ ہے۔

**نوٹ:** اگر منی پیپ زدہ ہو تو پہلے مصفیات کا استعمال کروانے کے بعد مذکورہ بالا نسخہ استعمال کروایا جائے۔ صبح کے وقت ناشتہ میں اُبلا ہوا انڈا نمک سیاہ لگا کر کھلائیں۔

## بانجھ پن کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** خراطین مصفیٰ ۱۰۰ گرام۔ جوہر خصیہ ۱۰۰ گرام۔ لسعان العصافیر ۱۰۰ گرام۔ کوٹ پیس کر ۱۰۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک ایک کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ دودھ ۲۵۰ میں ایک گرام دار چینی ملا کر پئیں۔

**فوائد:** مردانہ بانجھ پن کیلئے بہترین نسخہ ہے۔

## سپرم پوڈر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم سرس۔ موچرس۔ ثعلب مصری۔ گوند کیکر۔ تخم حیات۔ تخم بنڈی۔ موصلی اٹڈین ہر ایک ۵۰ گرام۔ مصری ۳۰۰ گرام۔ چھلکا اسبغول ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام صبح وشام خالی پیٹ ایک پاؤ دودھ گائے میں ۲ گرام تازہ رک ڈال کر پئیں۔

**فوائد:** سپرم (مادہ منویہ میں کرم ہائے منی) کی کمی۔ رقتِ منی۔ جریان اور سرعتِ انزال کا سو ندی کامیاب علاج ہے۔

**نوٹ:** کشتہ جست ۵۰ ملی گرام صبح وشام استعمال کروانے سے نتائج مہینوں کی بجائے دنوں ملیں گے۔



## سفوف حدت

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم کاہو۔ کشنیز خشک۔ زیرہ سفید۔ تخم حیات۔ ملٹھی ہر ایک ۵۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ آب تازہ یا شربت بزوری معتدل صبح وشام بعداز غذا دو گھنٹے۔

**فوائد:** حرارت جگر ومثانہ۔ ذکاوت حس اور دیگر گرمائی امراض کیلئے مفید ہے۔

## احتلامی کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مازو ۱۰ گرام۔ دم الاخوین ۶ گرام۔ جوز ماثل ۳ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر ۲۵۰ ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو کیپسول صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** احتلام۔ لیکوریا۔ کثرت حیض کیلئے مفید ہے۔

## قرص جریان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم ریحان۔ تخم بھنڈی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ ہمراہ شہد نخود ہ گولی بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی ہمراہ نیم گرم دودھ صبح وشام خالی پیٹ۔

**فوائد:** جریان کیلئے عرصہ دراز کا آزمودہ نسخہ ہے۔

## سفوف جریان دیگر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچینی۔ پوست آملہ۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ مغز تمر ہندی تمام ادویات ہم وزن۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ

**فوائد:** جریان کیلئے اعلیٰ نسخہ ہے۔

## احتلام پوڈر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سمندر سوکھ۔ جوکھار۔ ریوند چینی۔ زنجبیل ہر ایک ۵۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ خالی پیٹ۔

**فوائد:** احتلام کی کثرت بوجہ خرابی جگر کیلئے مفید ہے۔

## سفوف احتلام

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم کونچ۔ اسگند۔ تالمکھانہ۔ وقاقل مصری۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۹ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ صبح و شام خالی پیٹ۔

**فوائد:** احتلام کیلئے معمول مطب نسخہ ہے۔

## سفوف جریان

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پھلی ببول ۵۰ گرام۔ تالمکھانہ ۲۵ گرام۔ بیج بند ۱۵ گرام۔ مصری ۱۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ سے کھائیں۔

**فوائد:** جریان، رقتِ منی کا شافی علاج ہے۔

## فشار الدم ضعیف کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** دارچینی۔ لونگ۔ جائفل تمام ادویات ہم وزن سفوف کر کے ۵۰۰ ملی گرام کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو کیپسول صبح و شام ہمراہ قہوہ۔

**فوائد:** فشار الدم ضعیف کے ساتھ ساتھ ضعفِ قلب کیلئے بھی مفید ہے۔

**نسخہ قہوہ:** پودینہ خشک۔ ادرک تازہ ہر ایک ۳ گرام۔ لونگ ۳ عدد۔ دارچینی ۲ گرام۔ ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر شہد ملا کر رکھیں۔

## فشار الدم ضعیف کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کہلدہ ببر ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۵ گرام۔ دارچینی ۳۰ گرام۔ کشتہ فولاد ۱۰ گرام۔ باریک کر کے بعد ازاں کشتہ ملا کر کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام کیپسول صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

**فوائد:** جسمانی کمزوری۔ خون کی کمی اور لو بلڈ پریشر کا مجرب علاج ہے۔

## چٹنی برائے فشار الدم ضعیف

ٹماٹر۔ پودینہ سبز۔ دھنیہ سبز۔ ادرک تازہ۔ سبز مرچ۔ انار دانہ۔ حسب ضرورت لے کر بطور چٹنی دوپہر اور شام کے کھانے کے ساتھ استعمال کریں۔



## فشار الدم قوی کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھوٹی چندن ۵۰۰ گرام۔ فلفل دراز ۲۰۰ گرام۔ صندل سفید ۱۰۰ گرام۔ دھنیہ خشک ۴۰۰ گرام سفوف کر کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح و شام یا تین وقت ہمراہ آب تازہ یا عرق گلاب ایک کپ سے پلائیں۔

**فوائد:** فشار الدم قوی کا بہترین علاج ہے۔

## فشار الدم قوی کیپسول (گرم مزاج کیلئے)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسرول ۴۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ صندل سفید ۳۰ گرام۔ زیرہ سفید ۲۰ گرام۔ دھنیہ خشک ۲۰ گرام۔ سفوف بنا کر کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو کیپسول صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

**فوائد:** فشار الدم قوی اور گھبراہٹ، بے چینی کا شافی علاج ہے۔

## فشار الدم قوی (بارد مزاج کیلئے)

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھوٹی چندن ۴۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۴۰ گرام۔ برہمی بوٹی ۴۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک صبح و شام ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** فشار الدم قوی کا شافی اور معمول مطب مرکب ہے۔

**نوٹ:** ایسے افراد جن کا بلڈ پریشر کبھی قوی اور کبھی ضعیف ہوتا ہے ان کیلئے بھی مفید پایا گیا ہے۔

## فشار الدم قوی حلزونی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسرول ۲۰ گرام۔ کشتہ حلزون ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۵ گرام۔ دانہ الائچی سبز ۵ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام کا کیپسول صبح و شام ہمراہ آب تازہ

**فوائد:** ہائی بلڈ پریشر بے خطر اور مفید نسخہ ہے۔

## حب اسگند

**اجزاء و ترکیب ساخت:** موصلی سفید۔ فلفل دراز۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول ہر ایک ۱۰ گرام۔ میدہ لکڑی۔ زنجبیل۔ اسگند ناگوری۔ ستاور ہر ایک ۲۰ گرام۔ قند سیاہ کہنہ کی مدد سے حبوب نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** دو گولی ہمراہ عرق بادیان نصف کپ۔

**فوائد:** کمر درد کیلئے مجرب نسخہ ہے۔

## طلاء درد کمر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کافور ایک چھٹانک۔ روغن کنجد یا روغن خردل (رائی) نصف کلو میں بخوبی حل کر کے رکھیں۔ اور بوقتِ ضرورت مالش کریں۔

## روغن گل آک

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل آک۔ سورنجاں تلخ۔ زنجبیل۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۱۰ گرام۔ روغن کنجد میں ڈال کر جلائیں اور روغن صاف کر کے محفوظ کریں۔ اور مقام کمر پر مالش کریں۔ نیم گرم مالش کریں۔

## وجع مفاصل کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں تلخ۔ اسگندنا گوری۔ لہسن خشک۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ۵۰ گرام۔ قلمی شورہ اور کشتہ گودنتی ہر ایک ۲۵ گرام علیحدہ علیحدہ جملہ ادویہ باریک پیس کر ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** نقرس، گینٹھیا، اور کمر درد کا شافی مجرب نسخہ ہے۔

## وجع المفاصل کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسگند ۲۰ گرام۔ بوزیدان ۲۰ گرام۔ سورنجاں شیریں ۲۰ گرام۔ قلفل دراز ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰ گرام۔ پودینہ ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰ گرام۔ پپلا مول ۱۰ گرام۔ سورنجاں تلخ ۱۰ گرام۔ سنا مکی ۱۰ گرام۔ گل سرخ ۱۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنا کر ۵۰۰ ملی گرام کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

**فوائد:** جوڑوں کی جملہ اقسام کا شافی اور آزمودہ مرکب ہے۔

## کیپسول عرق النساء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں شیریں۔ اسگندنا گوری۔ زنجبیل اور اجوائن خراسانی تمام ادویات ہم وزن سفوف باریک کر کے ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول صبح، دوپہر، شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** عرق النساء یعنی لنگڑی کا درد کا خاندانی نسخہ ہے۔



## کیپسول وجع المفاصل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سورنجاں شیریں ۵۰ گرام۔ سورنجاں تلخ ۲۰ گرام۔ مصبر ۳۰ گرام۔ بدھارا ۵۰ گرام۔ حرمل ۴۰ گرام۔ قلفل سیاہ ۲۰ گرام تمام ادویات کا سفوف بنا کر ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول دو وقت ہمراہ نیم گرم دودھ۔ فشارالدم قوی کے مریض معالج کے مشورہ سے استعمال کریں۔

**فوائد:** وجع المفاصل۔ نقرس وگٹھیا اور کمر درد کیلئے معمول مطب نسخہ ہے۔

## حب مفاصل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کچلہ مدبر۔ سورنجاں شیریں۔ اسگندنا گوری۔ زنجبیل۔ قلفل سیاہ۔ سنا مکی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ رس کپور ۱۰ گرام۔ گوند کیکر ۲۰۰ گرام کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو حبوب صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ کھانے کے بعد

**فوائد:** جوڑوں کی درد کا خاندانی نسخہ ہے۔

## ہر ملین

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم حرمل ۲۰۰ گرام۔ زنجبیل ۲۰۰ گرام۔ قلفل سیاہ ۲۰۰ گرام۔ شیر بھیڑ ۵۰۰ گرام۔ جملہ ادویہ باریک پیس کر دودھ ملا کر خشک کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی ہمراہ نیم گرم دودھ صبح و شام یا تین وقت

**فوائد:** جوڑ درد چھوٹے بڑے کیلئے معمول مطب نسخہ ہے۔

**نوٹ:** ہائی بلڈ پریشر کے مریض معالج سے مشورہ کے مطابق استعمال کریں۔

## حب درد

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل ۲۰ گرام۔ ایلوا ۱۰ گرام۔ باریک سفوف کر کے ملائی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا ۲ گولی ہمراہ نیم گرم دودھ صبح دوپہر شام

**نوٹ:** ۱۶ دن کا استعمال ضروری ہے۔

## کیپسول درد

**اجزاء و ترکیب ساخت:** زنجبیل۔ اسگند۔ دارچینی۔ لونگ۔ کچلہ مدبر ہر ایک ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰ گرام۔ سلاجیت ۳۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔ ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک، ایک کیپسول صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ شہد ملا کر۔

**فوائد:** پٹھوں کی کمزوری سے ہونے والی دردوں کا شافی نسخہ ہے۔

## سفوف مفرح

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر ۵۰ گرام۔ کشنیز خشک ۱۰۰ گرام۔ کشتہ زہر مہرہ ۵ گرام۔ دانہ الائچی ۱۰ گرام۔ کوزہ مصری ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا تین گرام ہمراہ دودھ یا شربت صندل شربت گل گڑھل یا شربت نیلوفر سے دیں۔

**فوائد:** بے چینی۔ گھبراہٹ اور پیاس کی شدت کیلئے مفید ہے۔

## دیگر سفوف مفرح

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بادیان ۵۰ گرام۔ دھنیہ خشک ۵۰ گرام۔ ملٹھی ۳۰ گرام۔ چھلکا اسبغول ۲۰ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ بعد از غذا دو گھنٹے۔

**فوائد:** خفقان۔ بیش ترابیت۔ اور پیاس کو تسکین دینے والا نسخہ ہے۔

## نسخہ برائے حاملہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** طباشیر۔ الائچی خورد دانہ۔ تالمکھانہ ہر ایک ۱۰ گرام۔ کشتہ مروارید ۴ گرام۔ مصری ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح نہار منہ دو گرام ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم دودھ سے۔

**نفع خاص:** حاملہ کے سیلان الرحم کے ساتھ ساتھ محافظِ حمل بھی ہے۔

## دیگر نسخہ برائے حاملہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسگند ناگوری ۲۵ گرام۔ مازو ۵۰ گرام۔ آملہ خشک ۱۵ گرام۔ پھٹکڑی شگفتہ ۱۵ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ کشتہ مرجان ۱۵ گرام۔ جملہ ادویہ کو الگ الگ پیس لیں۔ کشتہ جات کو بعد میں باہم ملا لیں اور جملہ ادویہ کے وزن کے برابر مصری ڈال دیں۔



**ترکیب استعمال:** ۳ گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ گائے۔

**فوائد:** پیشاب کی زیادتی۔ کمر درد اور جسمانی کمزوری سے پیدا شدہ لیکوریا کا علاج ہے۔

## لیکوریا بند کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم سلیارہ ۵۰ گرام۔ بیج بند ۵۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ کتھہ سفید ۲۰ گرام۔ پھٹکڑی بریاں ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنا کر کیپسول ۵۰۰ ملی گرام کر بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک کیپسول صبح ایک شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** لیکوریا۔ کثرت بول اور کثرت حیض میں آزمودہ نسخہ ہے۔

## سفوف لیکوریا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کرکس ۵۰ گرام۔ لودھ پٹھانی ۱۰۰ گرام۔ اسگند ۱۰۰ گرام۔ سنگ جراح ۵۰ گرام۔ بیج بند ۱۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ

**فوائد:** کمر درد بوجہ سیلان الرحم اور کثرت ایام کا شافی علاج ہے۔

## غازی لیکوریا کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** لوبان۔ رال سفید ہم وزن سفوف بنا کر کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** دو، دو کیپسول صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ۔ بعد غذا

**فوائد:** لیکوریا کیلئے عرصہ دراز کا آزمودہ نسخہ ہے۔

## لیکوریا کہنہ کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چمڑا اصلی (جوتے والا) کو لے کر جلا لیں اور ۵۰۰ ملی گرام کیپسول صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** سیلان الرحم کہنہ کا ۱۰ روزہ علاج ہے۔

**نوٹ:** لیکوریا زدہ مریضہ کے ناخن تراشنا ضروری ہے۔ ہاتھ پاؤں کے ناخن بڑھن کی صورت شفائی اثرات کم ہونگے۔

## سفوف لیکوریا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مازو۔ مائیں۔ کتھہ۔ سونف۔ ہم وزن سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ صبح و شام کھانے کے دو گھنٹے بعد

**فوائد:** سیلان الرحم سے پیدا شدہ کمزوری اور اس کی علامات کا ازالہ کرتا ہے۔

## سفوف لیکوریا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** پھٹکری سرخ بریاں ۱۰۰ گرام۔ پھٹکری سفید بریاں ۱۰۰ گرام۔ پوست آملہ خشک ۱۰۰ گرام۔ کشتہ صدف ۵۰ گرام۔ سفوف بنا کر کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو کیپسول صبح دو پہر شام ہمراہ نیم گرم دودھ

**فوائد:** سیلان کہنہ کا بہترین علاج ہے۔ آزمودہ نسخہ ہے۔

## سفوف کیکر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھال کیکر حسب ضرورت لے کر کوئلوں پر جلالیں۔ راکھ ہونے پر سفوف بنا کر رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا ۲ گرام ہمراہ آب تازہ کھانے کے بعد صبح وشام۔

**فوائد:** سیلان الرحم کہنہ میں مفید ہے۔ بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔

**نوٹ:** سیلان کی زیادتی کی صورت میں چھال کیکر کا جوشاندہ سے استنجا بھی مفید ہے۔

## سفوف سیلان فولادی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہیرا کسیس۔ کشتہ بیضہ مرغ۔ گندھک آملہ سار۔ سوڈا بائیکارب تمام ادویات ہم وزن سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ آب تازہ صبح دوپہر شام بعد از غذا

**فوائد:** سیلان الرحم بوجہ خون کی کمی میں مفید ہے۔ اور خاندانی مجرب نسخہ ہے۔

## سفوف فولاد

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کشتہ فولاد ہیرا کسیس والا ۱۰ گرام۔ زیرہ سفید ۱۰۰ گرام۔ تخم مولی ۵۰ گرام۔ مغز پستہ ۵۰ گرام۔ مغز اخروٹ ۵۰ گرام۔ مغز بادام ۵۰ گرام۔ نمک سیاہ ۵۰ گرام۔ ان ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام تین وقت ہمراہ دودھ یا جوس سے دیں۔

**فوائد:** بھوک افزا اور دبلا پن کا ذاتی مجرب نسخہ ہے۔

## سفوف فربہی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز بادام۔ برادہ ناریل۔ مغز پنبہ دانہ۔ تل سفید۔ مغز سورج مکھی۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔ تلخی مقشر ۳۰ گرام۔ الائچی سبز دانہ ۲۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا



سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چمچ چائے والی صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ سے۔

**فوائد:** جسمانی کمزوری۔ پچکے گال اور جسم کو فربہ کرنے کیلئے مفید ہے۔

**غذائی علاج:** غذا کے طور پر کیلا۔ سیب۔ آم کا ملک شیک۔ دودھ۔ دہی۔ کسٹرڈ۔ کھیر۔ گاجر کا حلوہ۔ گاجر کا جوس۔ ۱۰ عدد مغز بادام شیریں۔ ۱۰ عدد کشمش رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار منہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ غذائی اور ادویاتی طور پر کم از کم تین ماہ کا استعمال ضروری ہے۔

## حب مہزل

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم حنظل۔ انیسوں۔ رائی سرخ ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گولی ہمراہ آب تازہ یا جو عرق نصف کپ سے دیں۔

**فوائد:** جسم سے فاسد مواد کا اخراج کر کے پیٹ کی چربی اور جسمانی بد وضعی کو دور کر کے جسم کو سمارٹ کرتا ہے۔

## جوشاندہ برائے فربہی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بادیان۔ اجوائن دیسی۔ گل سرخ۔ دارچینی۔ دھنیہ خشک۔ تج قلمی۔ پودینہ خشک۔ کلونجی۔ سنا مکی۔ تخم کرفس۔ تمام ادویات ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام خالی پیٹ ۲۰ گرام ایک پیالی پانی جوش دیں ایک جوش آنے پر ۲۰ گرام سفوف ڈال کر ڈھکن سے ڈھانپ دیں تقریباً ۵ منٹ بعد چھان کر حسب ذائقہ میٹھا کر کے استعمال کریں۔

**فوائد:** زائد چربی زائل کرنے کا آسان علاج ہے۔

## سفوف ذیابیطس شکری نمبر 1

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تخم لاجونتی۔ گڑمار بوٹی۔ شیشہ نمک۔ ہلدی۔ سعد کوفی ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ تخم جامن۔ کتھہ سفید ہر ایک ۲۰۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

## سفوف ذیابیطس شکری نمبر2

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کلونجی۔ کاسنی۔ زرکچور ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۵۰ گرام تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** سفوف نمبر 1 صبح نہار منہ ایک چمچ چائے والی شام 5 بجے ایک چمچ چائے والی ہمراہ آب تازہ۔ سفوف نمبر 2 رات سونے سے قبل ایک چمچ چائے والی ہمراہ آب تازہ۔

**فوائد:** ذیابیطس شکری اور پیشاب کی زیادتی کا شافی علاج ہے۔

## شوگر پوڈر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نمک اسقنقین۔ نمک نگند بابری۔ نمک دھانسہ۔ پوست آملہ خشک۔ نمک خارخسک۔ تمام ادویات ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔ اور زیرو سائز کے کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک، ایک کیپسول صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ۔ بغیر شیرینی یا ہمراہ آب تازہ

**فوائد:** ذیابیطس کیلئے مایہ ناز اور ذاتی مجرب ہے۔

**نوٹ:** مکمل آرام کیلئے 4 ماہ استعمال کریں۔ انگریزی دوا یا انسولین بتدریج کم کرتے جائیں۔

## بلڈ شوگر کیپسول

**اجزاء وترکیب ساخت:** جڑ تمہ ۵۰ گرام۔ حرمل ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۳۰۰ گرام۔ سفوف کریلہ خشک ۷۰ گرام۔ تخم مدار خشک ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں اور ۲۵۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول صبح دوپہر شام ہمراہ نیم گرم دودھ یا شوگر لیول کے اعتبار سے۔ ہائی بلڈ پریشر کے مریض احتیاط سے استعمال کریں۔

**فوائد:** ذیابیطس خونی کیلئے شافی نسخہ ہے۔

**نوٹ:** جواہر مہرہ ایک رتی + حب اذراقی عنبری ۲ گولی ہمراہ عرق ترپھلہ بھی اچھے نتائج کی حامل ہے۔

## سفوف مقوی ذیابیطس

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسگندناگوری ۱۰۰ گرام۔ زنجبیل ۱۰۰ گرام۔ مغز بنولہ ۱۵۰ گرام۔ کلونجی ۷۵ گرام۔ تخم میتھی ۱۰۰ گرام۔ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔ اور ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول ہمراہ نیم گرم دودھ یا آب تازہ بعد از غذا صبح شام

**فوائد:** ذیابیطس میں ہونے والی جسمانی اور جنسی کمزوری، تھکاوٹ اور جسمانی درد کا شافی علاج ہے۔



## شوگر پوڈر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز بادام۔ سنگھاڑا خشک۔ نخود بریاں ہر ایک ۵۰ گرام۔ مغز جامن ۲۰ گرام۔ گڑمار بوٹی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۲۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم دودھ سے دیں۔

## شوگر فوڈ

**اجزاء وترکیب ساخت:** چنے سیاہ دیسی ۱۰۰ گرام۔ ہلدی خام ۵۰ گرام۔ برگ نیم حسب ضرورت۔ پانی ۵ کلو۔ چنے سیاہ اور برگ نیم ۵ کلو پانی میں بھگودیں بعد میں چنوں کو نکال کر خشک کر کے ہلدی پیس کر ۲۵۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک سے دو کیپسول صبح و شام ہمراہ آب تازہ یا دودھ بغیر شیرینی

**فوائد:** ذیابیطس کا آزمودہ اور کامیاب علاج ہے۔

## سفوف کتیرا

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز چہار ۵۰ گرام۔ مغز بادام ۵۰ گرام۔ سفید مرچ ۵۰ گرام کوزہ مصری ۵۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک چھوٹا چمچ سفوف صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

**فوائد:** سردرد۔ نزلہ۔ کیرا کا مجرب علاج ہے۔

## فیس کریم

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہلدی۔ چھڑیلہ۔ ناگرموتھا۔ بالچھڑ۔ کالی زیری۔ بادام تلخ تمام ادویات ہم وزن لیں۔ انتہائی باریک پیس کر سادہ کریم یا ویزلین میں ملالیں۔

**ترکیب استعمال:** رات کو چہرہ دھو کر لگائیں اور صبح نیم گرم پانی سے چہرہ دھوڈالیں۔

**فوائد:** چہرے کے داغ اور رنگت صاف کرنے کیلئے مجرب ہے۔

## مقوی کیپسول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** اسگندناگوری۔ موچرس۔ ملٹھی۔ گوندکیکر۔ گوکھرو۔ زنجبیل ہر ایک ۵۰ گرام لے کر سفوف بنائیں۔ اور ۵۰۰ ملی گرام کا کیپسول بھرلیں۔

**ترکیب استعمال:** دو کیپسول صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

**فوائد:** جسمانی کمزوری۔ دردوں۔ تھکاوٹ۔ سیلان و جریان میں مفید ہے۔

حکیم حاذق ریڈرز طبی ڈائریکٹری جلد شائع ہو رہی ہے

## اکسیر و تریاق

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ایک گلاس پانی میں شہد چار چمچ۔ ادرک کا رس تین چمچ لیموں کا رس تین چمچ ڈال کر دن میں تین تا چار بار ہر مزاج، ہر عمر اور ہر موسم کا ابتدائی علاج ہے۔

## حب بواسیر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رس انٹریا۔ چاسکو۔ نیم نمولی۔ چھلکار۔ تھہ ہر ایک ۲۵۰ گرام ۔ چھلکار۔ تھہ کو توے پر جلالیں۔ پھر سب باقی ادویہ کو کوٹ کر سفوف بنا کر پانی کی مدد سے حبوب نخودی بنا لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ گولی صبح وشام ہمراہ دودھ نیم گرم۔ ساتھ اطریفل مقل کا استعمال بھی کروائیں۔

**فوائد:** خونی اور بادی بواسیر کا آسان علاج ہے۔

## پوڈر شیر افزاء

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بادیان۔ تخم میتھی۔ نکونجی۔ زیرہ سفید۔ مغز بنولہ۔ ہر ایک ۵۰ گرام۔ مصری ۲۵۰ گرام۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ صبح وشام دیں۔

**فوائد:** دبلی پتلی کمزور عورتوں اور دودھ کی کمی کیلئے مجرب ہے۔

**نوٹ:** مذکورہ بالا نسخہ کے ہمراہ آب ناریل کا استعمال سونے پر سہاگہ ہوگا۔

## سفوف مرکب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** سنگ جراحت۔ مغز تخم گھاڑہ۔ ستاور ہر ایک ۱۰۰ گرام۔ نشاستہ سفید ۳۰۰ گرام۔ تمام ادویات کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۳ گرام ہمراہ نیم گرم دودھ صبح وشام خالی پیٹ۔

**فوائد:** سیلان وجریان کا بہترین مجرب نسخہ ہے۔

## سفوف پیچش

**اجزاء و ترکیب ساخت:** تر پھلہ ۱۵۰ گرام۔ بیل گری ۵۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** نصف تا ایک گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت انجبار۔

**فوائد:** زحیر کاذب وصادق کا حکمی علاج ہے۔



## مفرح قلب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** درونج عقربی۔ سعد کوفی۔ کشنیز خشک ہر ایک ۲۵۰ گرام۔ گل سرخ۔ گل سیوتی ہر ایک ۱۰۰ گرام سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** صبح وشام ایک گرام ہمراہ آب تازہ

**فوائد:** خفقان۔ بے چینی اور تقویت قلب کیلئے مفید ہے۔

## سفوف قلب

**اجزاء و ترکیب ساخت:** چھال ارجن ۳۰ گرام۔ گل گاؤزبان ۲۰ گرام۔ پوست آملہ ۳۰ گرام۔ الائچی خورد دانہ ۱۰ گرام۔ صندل سفید ۲۰ گرام۔ مصری ۲۰۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو گرام ہمراہ نیم گرم دودھ صبح وشام

**فوائد:** مقوی قلب، ہائی بلڈ پریشر، کیلشیم کی کمی اور ضعفِ باہ بوجہ ضعف قلب میں بھی مفید ہے

## شفائے حلق

**اجزاء و ترکیب ساخت:** نانخواہ ۱۰ گرام۔ زنجبیل ۱۵ گرام۔ نوشادر ٹھیکری ۱۰ گرام۔ ریوند خطائی ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۵۰ گرام۔ سفوف بنائیں۔

**ترکبب استعمال:** ایک تا دو گرام ہمراہ آب تازہ صبح وشام

**فوائد:** گلے کی سوزش کیلئے تیر بہدف علاج ہے۔

**نوٹ:** صفراوی مزاج کو دودھ کے ساتھ سوداوی کو پانی سے

## شربت معدہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** گل گاؤزبان ۵۰ گرام۔ تخم املتاس ۱۲۵ گرام۔ عناب ۵۰ گرام۔ ملٹھی ۵۰ گرام۔ سونٹھ ۵۰ گرام۔ سناء مکی ۷۰ گرام۔ الائچی خورد ۲۰ گرام۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔

**ترکیب استعمال:** ۵ چمچ صبح وشام پانی ملا کر دیں۔

**فوائد:** ورم معدہ وجگر کا ذاتی مجرب نسخہ ہے۔

## کیپسول مصفی

**اجزاء و ترکیب ساخت:** رس کپور ۳ گرام۔ گندھک آملہ سار ۳۰ گرام انتہائی باریک کر کے کیپسول بھر لیں۔

**ترکیب استعمال:** ۱۲۵ ملی گرام صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ

**فوائد:** جلدی امراض میں انتہائی مفید ہے۔

## سفوفِ اصغر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بادیان۔ ہلدی۔ ملٹھی۔ کشنیز۔ تمام ادویات ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲ تا ۴ گرام ہمراہ آبِ تازہ بعد از غذا

**فوائد:** خارش۔ بیش تیزابیت کا معمولِ مطب نسخہ ہے۔

## ہل پوڈر

**اجزاء و ترکیب ساخت:** بلگری ۱۲۰ گرام۔ بادیان ۹۰ گرام۔ زنجبیل ۳۰ گرام۔ تمام ادویہ کا سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۳ گرام تین مرتبہ دن میں ہمراہ شربت انجبار یا قہوہ انجبار دیں۔ بچوں کیلئے مقدار عمر کے مطابق دیں۔

**فوائد:** سنگرہنی۔ ضعفِ معدہ و قلب، اسہال اطفال کیلئے مفید ہے۔

## کیپسول و قرص بول فی الفراش

**اجزاء و ترکیب ساخت:** کندر ۵۰ گرام۔ پوست آملہ ۵۰ گرام۔ زیرہ سیاہ ۵۰ گرام۔ کشتہ بیضہ مرغ ۱۰ گرام۔ گوند کیکر ۳۰ گرام۔ جملہ ادویہ علیحدہ علیحدہ پیس کر باہم ملالیں اور بعد ما کیپسول ۵۰۰ ملی گرام بھر لیں۔ یا ہمراہ شیرہ گڑ سے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ایک تا دو کیپسول یا گولی ہمراہ آبِ تازہ یا نیم گرم دودھ صبح و شام۔

**فوائد:** بچوں کے بستر پر پیشاب کرنے کے ساتھ ساتھ بوڑھوں کے کثرت بول میں مفید ہے۔

**نوٹ:** بچوں کیلئے اس کے ساتھ خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰۰ گرام میں ۱۰ گرام کشتہ مرجان ملا کر صبح نہار منہ استعمال کروائیں ناشتہ کے بعد یہ دوا دیں۔ پیٹ میں کیڑوں کی صورت میں رات کو ہمدردکی کرمار دیں۔ بڑوں کیلئے اس کے ساتھ ساتھ جوارش زرعونی، جوارش جالینوس اور معجون فلاسفہ اسباب علامات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے استعمال کروائیں۔

## حب لوزہ

**اجزاء و ترکیب ساخت:** مغز بادام شیریں ۶۰ گرام۔ اذراقی مدبر ۵۰ گرام۔ زنجبیل ۵۰ گرام۔ فلفل سیاہ ۲۰۰ گرام۔ شہد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** بوقتِ ضرورت ایک کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں

**فوائد:** قشری اعصابی (گرم تر) مقوی۔ پٹھوں کی درد عام جسمانی کمزوری اور قوت باہ کیلئے مفید ہے۔



## موہکے

**اجزاء و ترکیب ساخت:** ہال صفا اعلیٰ پوڈر ۲۵ گرام۔ ویزلین ۱۲۵ گرام۔ دونوں کو باہم ملالیں۔ تیار ہے۔

**ترکیب استعمال:** موہکوں پر لگانے سے چند بار کا استعمال مرض سے چھٹکارا دلاتا ہے۔

## فشار الدم قوی و ضعیف

**اجزاء و ترکیب ساخت:** فلفل سیاہ ۵۰ گرام۔ الائچی خورد دانہ ۵۰ گرام۔ دونوں اجزاء کو علیحدہ علیحدہ مانند سرمہ باریک کر کے ملا کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک ہمراہ مربہ سیب یا عرق گلاب + عرق گاؤزبان صبح و شام دیں۔

**فوائد:** امراض قلب۔ خفقان۔ دل کی کمزوری کا بہترین علاج ہے۔ آزمایئے اور دعاؤں میں یاد کیجئے۔

## اکسیر سلعات رحم

**اجزاء و ترکیب ساکت:** جدوار خطائی۔ سورنجاں شیریں۔ کپور کچری۔ گندھک آملہ سار مصفی در شیر تمام ادویات ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام ہمرہ نیم گرم دودھ کھانے کے بعد دن میں تین بار دیں۔

**فوائد:** قشری اعصابی (گرم تر) رحم کی رسولیوں کیلئے کسی اکسیر سے کم نہیں ہے۔ اس کے استعمال سے انشاءاللہ آپریشن سے جان چھوٹ جاتی ہے۔

## مدر بول

**اجزاء و ترکیب ساخت:** قلمی شورہ ۱۰۰ گرام۔ پوست بندق ۱۰۰ گرام۔ قلمی شورہ کو کڑاہی میں رکھ کر نیچے آگ روشن کریں۔ جب شورہ پگھل جائے تو پوست بندق کی چٹکی دیتے جائیں اور جب جلنے لگے تو اتار لیں پیس کر محفوظ رکھیں۔

**ترکیب استعمال:** ۵۰۰ ملی گرام دن میں تین بار کھانے کے بعد ہمراہ آبِ تازہ

**فوائد:** اس دوا سے بڑھے ہوئے غدود تحلیل ہو جاتے ہیں اور بند پیشاب کھل کر آپریشن سے نجات مل جاتی ہے۔ آلاتِ بول کی اعلیٰ دوا ہے۔ اعصابی قشری مزاج کی حامل ہے۔

تمت بالخیر

# مجربات ثنائی


(فارما کوپیا) کے بعد آپ کو
نسخہ جات کی تلاش میں در بدر ہونے کی ضرورت نہیں رہے گی




# اطباء کے مجربات


پاکستان کے جید اطباء کے ہزاروں مجربات

کا خزانہ





مکمل دواخانہ، ☆ مکمل لیبارٹری اور ☆ مکمل مطب

## تحقیقاتِ ثنائی





میں کئی طبی [illegible] کے نادر و نایاب مخفی خزائین اور دار العلاج ومطب جمیل کے مختلف مجربات [illegible] مختلف عنوانات کے تحت ملک کے جید اطباء کے خاص مجربات شامل ہیں۔




# سرطان نمبر

# بیاضِ ثنائی




-/250 روپے دیکر

**حکیم حاذق ریڈرز کلب**

کے ممبر بنیئے اور مفت حاصل کیجئے


ناشر: ادارہ حکیم حاذق، شاہدولہ روڈ گجرات